اُردُو کا
گلدستہ
خصوصی اِشاعت

رہنمائے اساتذہ

# موتیا

پہلی جماعت کے لیے



فوزیہ احسان فاروقی

OXFORD
UNIVERSITY PRESS
اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

# تعارف

الحمدُللہ اُردو کا گلدستہ ، کُتب کا ایسا سلسلہ ہے جس کے پڑھنے اور پڑھانے میں طلبہ نیز اساتذۂ کرام کا ذوق و شوق اس کی افادیت اورمقبولیت کا واضح ثبوت ہے۔ زبان و ادب کی نشوونما کے لیے دی گئی سرگرمیاں اُردو سیکھنے اورسکھانے میں دل چسپی بڑھانے میں بہت کار آمد اورمفید رہی ہیں۔ یہ خصوصی اشاعت یکساں قومی نصاب سے مکمل مطابقت رکھنے کے ساتھ اُردو کا گلدستہ کی خصوصیات کو بھی قائم رکھے ہوئے ہے۔

## یکساں قومی نصاب سے مطابقت کے اہم نکات

٭ یکساں قومی نصاب میں دیے گئے تدریسِ اُردو کے اہداف کے مطابق بنائے گئے اسباق ، مشقیں اورسرگرمیاں ٭ حاصلاتِ تعلّم کو یقینی بنانے کے لیے طلبہ ، اساتذۂ کرام اور والدین کی رہنمائی ٭ نصاب کی سہ ماہی تقسیم ٭ فہرستِ اسباق کی ابتدا میں حاصلاتِ تعلّم کی شمولیت ٭ اسباق کی ابتدا میں خاص الفاظ کی نشان دہی ٭ معروضی ،مختصر اورتفصیلی سوالات کی شمولیت ٭ بلومز ٹیکسانومی پر مبنی سوالات (close ended محدود اور لامحدود سوچ open ended) ٭ اسباق ، مشقوں کے آخر میں دی گئی اساتذۂ کرام کے لیے ہدایات اورسرگرمیوں کی تجاویز ٭ اسباق ، نظموں کے درمیان اضافی معلومات/ سوالات/ سرگرمیوں کے چوکھٹے ٭ پڑھائی میں روانی کے مقابلے ٭ ذخیرۂ الفاظ بڑھانے کے کھیل اور معمّے۔

## اُردو کا گلدستہ کُتب کے خصوصی نکات

٭ صوتیات ٭ خُوش خطی کے لیے اشارے اورمشقیں ٭ طلبہ کے ذہنی معیار کے مطابق منتخب کیے گئے دل چسپ مضامین ، نظمیں اور اسباق ٭ قواعد سکھانے کا سہل اور دل چسپ انداز ٭ انشا پردازی /نظم نگاری ، منظّم انداز میں خیالات کے مربوط اظہار کے لیے مختلف طریقے اختیار کرنا مثلاً برین اسٹارمنگ ، سوالات اور اشاروں کی مدد سے لکھنا سکھانا ٭ طلبہ کی دل چسپی بڑھانے کے لیے مختلف مشقیں اور سرگرمیاں۔

## خصوصی اشاعت کے لیے تشکیل کردہ رہنمائے اساتذہ کے خصوصی نکات

٭ تدریسی مقاصد کی وضاحت ٭ اوقاتِ کار کی تقسیم کے نمونے اور تجاویز ٭ تدریسی مواد کی وضاحت ٭ حل شدہ مشقیں ٭ حل شدہ لفظی کھیل ، معمّے اورسرگرمیاں ٭ نصاب میں تجویز کردہ حکمتِ عملیوں کے مناسب انداز میں استعمال کے طریقے سے تجاویز ٭ ذخیرۂ الفاظ بڑھانے، دُرست اورخُوش خط لکھائی اور املا کی دُرستی کے لیےمشقیں اورتجاویز ٭ تخلیقی لکھائی کی مختلف اقسام (مثلاً اقتباس ، مضامین ، نظم نگاری ...) سکھانے کے لیے ہدایات اور مددگار اشارے ٭ مددگار بصری وسمعی مواد کی فراہمی اورتجاویز ٭ ہم نصابی سرگرمیوں کی تجاویز اور ہدایات۔

اُمید ہے کہ اساتذۂ کرام کے لیے یہ رہنمائے اساتذہ مددگار ثابت ہوں گی۔ ان شاء اللہ ۔ اللہ تعالیٰ علم کی راہ میں ان مخلصانہ کوششوں کو قبول فرمائیں آمین۔

فوزیہ احسان فاروقی

# فہرست


خصوصی ہدایات برائے اساتذۂ کرام ........ ۱

## پہلی سہ ماہی

- نئی جماعت/باہمی تعارف ........ ۸
- حروفِ تہجّی ........ ۹
- ا سے ے ........ ۱۰
- مصوّتے/پڑھیے اور رنگ بھریے ........ ۱۲
- شرارتی حروف ........ ۱۳
- 'ا' کے دو حرفی ارکان ........ ۱۴
- 'ا' کے چار حرفی اور تین حرفی الفاظ ........ ۱۶
- 'و' کے دو حرفی ارکان ........ ۱۹
- 'و' کے چار اور تین حرفی الفاظ ........ ۲۱
- 'ی' کے دو حرفی ارکان ........ ۲۳
- 'ی' کے چار حرفی الفاظ ........ ۲۵
- 'ے' کے چار حرفی الفاظ ........ ۲۷
- 'ے' کے چار حرفی الفاظ ........ ۲۹
- دو حرفی ارکان ملانا/ الگ کرنا ........ ۳۰
- مرکّب حروف ........ ۳۲
- جانچ ........ ۳۶
- حروف الفاظ اور جملے کی پہچان ........ ۳۸
- مد، زیر، زبر، پیش ........ ۴۲
- 'ی' کی درمیانی شکل ........ ۴۷
- 'ے' کی درمیانی شکل ........ ۵۳
- واؤ معروف، واؤ لین، یائے لین ........ ۵۶
- مصوّتے بطور مصمّتے، ہمزہ، تشدید ........ ۶۰
- پہلی سہ ماہی کا جائزہ ........ ۶۲

## دوسری سہ ماہی

سبق ۱ : حمد ........ ۶۸

سبق ۲ : نعت ........ ۷۲

سبق ۳ : میں علی ہوں ........ ۷۷

سبق ۴ : میرا گھر ........ ۸۲

سبق ۵ : میرا اسکول ........ ۸۶

سبق ۶ : ہم تمھیں بیمار کردیں گے ........ ۹۰

سبق ۷ : اچھی باتوں کے پھول ........ ۹۳

دوسری سہ ماہی کا جائزہ ........ ۹۸

## تیسری سہ ماہی

سبق ۸ : اچھّی بات ........ ۱۰۱

سبق ۹ : شیر آیا شیر آیا ........ ۱۰۴

سبق ۱۰ : مزے کی سیر (نظم) ........ ۱۰۸

سبق ۱۱ : کیا پالوں؟ ........ ۱۱۱

سبق ۱۲ : سبزیاں اور پھل ........ ۱۱۵

سبق ۱۳ : رنگ برنگی بتیاں ........ ۱۱۹

سبق ۱۴ : بارش اور دھنک ........ ۱۲۳

سبق ۱۵ : دیس ہمارا پاکستان (نظم) ........ ۱۲۶

تیسری سہ ماہی کا جائزہ ........ ۱۳۱

# خصوصی ہدایات برائے اساتذۂ کرام

## اُردُو تدریس کے اہم نکات

اساتذۂ کرام مندرجہ ذیل نکات پر توجّہ مرکوز کرنے سے مطلوبہ اور بہترین نتائج حاصل کرسکیں گے:

- سیکھنے کے عمل کے لیے مثبت اور حوصلہ افزاً ماحول یقینی بنایئے۔غلطیوں کی اصلاح مثبت طریقے سے کروایئے تاکہ بچّے خوفزدہ ہوئے بغیر سیکھیں اور ان میں پڑھنے کا شوق بڑھے۔
- استعمال کی جانے والی تمام کُتب کا خود بغور مطالعہ کیجیے۔ ان کے رہنمائے اساتذہ کے صفحات پڑھیے۔مشکل درپیش ہونے کی صورت میں اپنے ساتھی یا صدرِ معلّم سے وضاحت کروا لیجیے۔

## اعادہ / سکھائے گئے نظریات سے تعلق بنانا

کوئی بھی نیا نظریہ ، آواز ، یا لفظ متعارف کرواتے ہوئے طلبہ کی سابقہ معلومات اور معیار کو مدِّنظر رکھا جائے۔ اس کے لیے سوالات اور گفتگو کے ذریعے معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔ اپنے سکھائے گئے نظریات کو دُہرا کر آگے بڑھا جاسکتا ہے۔مثلاً ’آ‘ کی آواز سکھاتے وقت ’ا‘ کی آواز کا اعادہ کروالیجیے تاکہ اس آواز کو دُگنا کرنا ان کی سمجھ میں آسکے۔

یاد رکھیے سیکھنے کا عمل ایک زنجیر کی طرح ہے جس کی کڑیاں ملانی بہت ضروری ہیں۔

## تعارف / آمادگی

تعارف دل چسپ طریقے سے کروانے سے بچّے نئے نظریات سیکھنے کے لیے بہتر طور پر آمادہ ہوتے ہیں۔ اس کے لیے تھوڑی سی تیاری بہت بہترین نتائج دیتی ہے۔مثلاً ’آ‘ سکھانے کے لیے جماعت میں ’آ‘ کی پتلی لے جایئے اور کہیے کہ آج ’آ‘ آپ سے ملنے آیا ہے۔موضوع ’پیشے‘ کرواتے ہوئے کچھ اوزار (ہتھوڑا ، اسٹیتھوسکوپ .......) جماعت میں لے جایئے اور پوچھیے یہ کون استعمال کرتا ہے؟

مجوزہ خاکہ برائے ایک بلاک (پیریڈ) (۴۰ منٹ)

| | |
|---|---|
| اعادہ/ تعلق بنانا: سکھائے گئے کاموں/ سابقہ معلومات سے تعلق بنانا۔<br>آمادگی: نئے نظریے کو سیکھنے کے لیے آمادہ کرنا۔ | (۵ سے ۷ منٹ)<br>اندازاً |
| اعلانِ سبق/ پیشکش ۔نظریے/ کام کا تعارف اور وضاحت۔ | (۵ سے ۷ منٹ)<br>اندازاً |
| طلبہ کا کام۔سرگرمی/پڑھائی/لکھائی........<br>آخری پانچ منٹ میں کرائے گئے کاموں/ کام کا جائزہ لیجیے اور گھر کے کام کا طریقہ سمجھایئے۔ | (۲۵ سے ۳۰ منٹ)<br>اندازاً |

نوٹ: مختلف سرگرمیوں کے لیے وقت کی تقسیم مختلف ہوسکتی ہے۔مثلاً کسی نئی آواز / نظریے کا تعارف زیادہ وقت لے سکتا ہے۔ یا لکھنے کے کام کے لیے زیادہ وقت درکار ہوسکتا ہے۔ اساتذۂ کرام اپنی صوابدید کے مطابق اپنے اوقاتِ کار کی تقسیم کرسکتے ہیں۔

## زبان سکھانے کے مراحل

یہ بات مدِّنظر رکھنی ضروری ہے کہ سننے ، بولنے ، پڑھنے اور لکھنے کے مواقع متوازن طریقے سے منصوبہ بندی میں شامل کیے جائیں۔ لکھائی کے لیے طلبہ کو زیادہ وقت درکار ہوتا ہے اس کا بھی خیال رکھا جائے۔

زبان کی نشوونما کے مراحل پر توجّہ رکھتے ہوئے ہر سبق / نظریہ اسی ترتیب سے سکھایئے۔

سننا ← بولنا ← پڑھنا ← لکھنا

### سننا

زبان سکھانے کے لیے سننے کے مواقع کی فراہمی ضروری ہے اس کے لیے

- گفتگو کیجیے۔ دُرست تلفّظ اور معیاری زبان کا خیال رکھیے۔
- سوالات کیجیے۔ سوال کے بعد جواب کا انتظار کیجیے۔
- کہانیاں ، نظمیں ، اخبار ، رسائل ........ سنانا اپنی منصوبہ بندی کا حصّہ بنایئے۔ اس سے نہ صرف طلبہ کی غور سے سننے کی مہارت میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ خود پڑھنے کا شوق بھی بڑھتا ہے۔
- سن کر عمل کروانے کی مشق بھی اپنی منصوبہ بندی میں شامل رکھیے۔ سن کر ہدایات پر عمل کرنا مثلاً آپ کہانی سنائیں اور دوبارہ سنانے پر بچّے کسی خاص لفظ پر تالی بجائیں (مثلاً بھاری آواز کے الفاظ سن کر ...)
- املا بھی سن کر عمل کرنے ہی کی ایک سرگرمی ہے۔ یہ آپ کی منصوبہ بندی کا ایک مستقل حصّہ ہونا چاہیے۔ (مثلاً ہفتے میں ایک بار)

### بولنا

## بولنے کے مواقع کی فراہمی

- طلبہ کو جماعت میں بولنے کے مواقع فراہم کیجیے۔ مثلاً سوالات کے جوابات دینا ، کہانی / نظمیں سنانا ، پہیلیاں بوجھنا ، اپنے کیے گئے کاموں کے بارے میں جماعت کو بتانا ، ڈرامے میں حصّہ لینا۔ اپنے خیالات کا اظہار کرنا ........

### پڑھنا

## پڑھائی کی اہمیت

پڑھنے کی جانب رغبت دلائی جانی ازحد ضروری ہے۔ پڑھنے کے جتنے مواقع طلبہ کو حاصل ہوں گے ان کے کام میں اتنی ہی بہتری آئے گی۔
پڑھنے کے لیے نصابی کُتب کے علاوہ بھی مختلف قسم کے مواد سے مدد لیجیے۔ مثلاً : اخبار ، رسائل ، کہانی کی کُتب ، انٹرویوز ، نظمیں وغیرہ۔
ہفتے میں کم از کم ایک دن ضرور کُتب پڑھنے اور سننے سنانے کے لئے مخصوص کیجیے۔ بڑے بچّوں کی لکھی ہوئی کہانیاں ، نثر پارے ، نظمیں، لطائف ، پہیلیاں چھوٹے بچّوں/ دوسرے سیکشن کے بچّوں کو پڑھنے کا موقع فراہم کیجیے اسی طرح اسمبلی اور مختلف مواقع اس مقصد کے لیے استعمال کیجیے جب طلبہ ایک دوسرے کا کام دیکھ سکیں۔

- پڑھنے کی مہارتوں کے فروغ ، رغبت ، دل چسپی نیز فہم کی صلاحیتوں کی نشوونما کے لیے ان کُتب کی معاون کُتب ترتیب دی گئی ہیں۔ اپنی منصوبہ بندی میں انھیں بھی شامل رکھیے۔

## سمعی و بصری مواد کا استعمال (Audio visual aids)

- جہاں تک ممکن ہو سمعی و بصری مواد کا استعمال کیجیے۔
- معیاری کہانیوں اور نظموں کے کیسٹ سنائیے۔
- اپنے پڑھانے کے وقت کے شروع کے دس منٹ ضرور فلیش کارڈز سے پڑھائی کے لیے مخصوص کیجیے۔ یہ فلیش کارڈز نئے سبق کے بھی ہو سکتے ہیں اور سکھائے گئے نظریات کے اعادے کے لیے بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

## سبق پڑھنے اور پڑھانے کا طریقۂ کار

- نمونہ پڑھائی: خود درست تلفّظ سے حرف بہ حرف دُرست پڑھ کر سنائیے۔ جب آپ پڑھیں تو بچّے ان الفاظ پر انگلی رکھنے کے ساتھ نظر بھی رکھے ہوئے ہوں۔
- طلبہ کی پڑھائی: کوئی بھی سبق شروع کرنے کے لیے بصری پڑھائی جماعت کے ان بچّوں سے پڑھوائیے جو اچّھا پڑھتے ہوں۔ اس دوران بھی تمام بچّوں کا پڑھے جانے والے الفاظ پر انگلی / نظر رکھنا یقینی بنائیے۔
- انفرادی: باری باری ہر بچّے سے پڑھوائیے۔ اٹکنے کی صورت میں مدد کیجیے۔
- جوڑی میں پڑھیں: دو دو بچّوں کی جوڑی بنائیے (ایک بچّہ اچّھا پڑھنے والا ہو اور ایک بچّے کو مشکل درپیش ہو)


  ۱۔ دونوں بچّے ایک دوسرے کو پڑھ کر سنائیں۔

  ۲۔ پھر وہ جماعت کو پڑھ کر سنائیں۔
- گروہ: گروہ میں پڑھائی کروائیے۔ ایک بچّہ پڑھے اور باقی بچّے سُنیں۔ سارا گروہ کورس میں پڑھے اور پھر دوسرے گروہ کی باری آئے۔

نوٹ: ضروری نہیں کہ یہ تمام حکمتِ عملیاں ہی اختیار کی جائیں۔ یہ آپ کی صوابدید پر ہے کہ آپ کس طرح کی حکمتِ عملی کب اختیار کرتے ہیں۔

## تفاہیم

طلبہ کی فہم کی صلاحیتوں میں اضافہ کروانا اتنا ہی اہم ہے جتنا انھیں پڑھنا اور لکھنا سکھانا۔ عبارت سے معانی اخذ کرنا، سوالات کے جوابات از خود ڈھونڈنا اور لکھنا تھوڑی سے محنت اور توجّہ سے سکھایا جا سکتا ہے۔ ضروری ہے کہ ایسا کیا جائے۔ یاد کرنا سکھانا ایک مہارت ہے لیکن سمجھ کر اپنے الفاظ میں اظہار کرنا ضرور سکھایئے۔



## کُتب میں موجود مثالی سوالات

- اپنے پسندیدہ کردار/ منظر کی تصویر بنائیے۔
- کہانی کا کوئی اور عنوان/ آغاز/ انجام لکھیے۔ (تخلیق)
- ’ء‘ کے الفاظ پڑھیے اور ان کی مدد سے چند جملوں کی کہانی بنائیے۔ (تخلیق)
- رنگوں کے نام بدل کر نئی نظم بنائیے، مثلاً اس گڑیا کے بھُورے بال۔ (تخلیق + اطلاق)
- ”پانی ضائع نہ کیجیے“ کے عنوان سے پوسٹرز بنائیے اور اِسکول میں نمائش کیجیے۔ (تخلیق)
- یہ نظم کس کی زبانی ہے؟ جواب چُن کر صحیح کا نشان لگائیے۔ (فہم)
- کسی حادثے کی خبر اخبار سے کاٹ کر چپکائیے، اپنی رائے لکھیے۔ آپ کے خیال میں حادثہ کس وجہ سے پیش آیا؟ کس کی غلطی ہوسکتی ہے؟ حادثے سے کیسے بچا جاسکتا تھا؟ (تجزیہ + تفتیش)
- ایک دعوت نامہ لکھیے جس کے ذریعے دوسرے سیّاروں کے رہنے والوں کو اپنی زمین کی سیر کے لیے بلائیے۔(تخلیق اور اطلاق)

## لکھنا

’لکھنا‘ سکھاتے وقت انتہائی ضروری ہے کہ معلّمین کے ذہن میں یہ بات واضح ہو کہ لکھائی دو قسم کی ہوتی ہے۔

- لکھائی (Hand Writing) : جس میں طلبہ کو دُرست بناوٹ، شوشے، لائن سے اُوپر نیچے لکھنے کا تناسب اور خُوش خط لکھنے کی مہارتوں کی نشوونما پر کام کیا جاتا ہے۔
- تخلیقی لکھائی/ انشا پردازی (Creative Writing) : جس میں طلبہ کے خیالات کو ترتیب دینا، ذخیرۂ الفاظ کا چناؤ اور اُن کا بہترین استعمال نیز مختلف اصنافِ سخن میں لکھنے کے طریقے سکھائے جاتے ہیں۔ ان میں جملہ سازی، اقتباس، مضامین، تبصرے، ڈائری اور نظمیں لکھنا شامل ہیں۔

## خُوش خطی

خُوش خطی کی مشق پابندی سے کرائی جانی انتہائی ضروری ہے۔

- نئے الفاظ بورڈ پر درست بناوٹ سے بڑے لکھ کر دکھائیے۔ تیر کے نشانات سے واضح کیجیے۔ بچّے ان کی بناوٹ کی نقل ہوا میں دو انگلیاں اُٹھا کر کریں (ابتدائی جماعتوں میں یہ حکمتِ عملی اختیار کی جائے خصوصاً جماعت اوّل اور دوم میں)
- انفرادی طور پر ہر بچّے کے پاس جاکر اس لفظ کی دُرست بناوٹ بچّے سے ڈیسک یا میز پر بنوا کر دیکھیے۔
- لکھائی کے کام کے دوران ہمیشہ عمدہ لکھنے اور دُرست بناوٹ کی طرف توجّہ دلاتے رہنے سے طلبہ کے کاموں میں بہتری آتی ہے۔
- خُوش خطی کے دُرست طریقوں اور کتاب کے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی ’اُردو خُوش خطی سلسلہ‘ اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی کتابیں طلبہ کی لکھائی بہتر بنانے کے لیے ترتیب دی گئی ہیں۔ جماعت اور گھر کے کام میں اُن پر مشق کروانے سے بہت بہتری آئے گی۔

## تخلیقی لکھائی

حروف سے الفاظ اور الفاظ سے جملے اور جملوں سے اقتباس اور مضامین لکھنا سکھانا ایک بتدریج اور محنت طلب کام ہے۔ اس سلسلے میں ان کتب میں دیا گیا طریقۂ کار بہت مددگار ہے۔

- اس کام سے پہلے زبانی گفتگو اور موضوع سے متعلق الفاظ کی لکھائی کی مشق بہت ضروری ہے۔
- کوشش کیجیے کہ سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جملے ہی بنوائے جائیں۔
- پہلا مسوّدہ (first draft) لکھوانا اور پھر اس کی اصلاح کر کے جماعت کے کام میں خُوش خط لکھوانا وقت تو لیتا ہے لیکن اس طرح کام بہت عمدہ ہوتا ہے اور بچّے اپنی غلطیوں سے سیکھتے ہیں۔

## حوصلہ افزائی

- بچّوں کے کام کی حوصلہ افزائی انہیں اعتماد بخشتی ہے اور ان کے ذاتی تشخص کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ اس مقصد کے لیے مختلف طریقے اختیار کیے جا سکتے ہیں۔
- ان کے کام کو جماعت میں آویزاں کیجیے۔ (کوشش کیجیے کہ تمام بچّوں کی باری آئے)
- بچّوں کے کام کو پڑھ کر سنائیے یا بچّے سے ہی پڑھوائیے۔
- اسمبلی / دوسرے سیکشن / دوسری جماعت میں پیش کروائیے۔
- ان کے کاموں کی نمائش کا اہتمام کیجیے مثلاً کتابچے ،چارٹس ، پراجیکٹس ........

### اِملا

اِملا کرانا بچّوں کی تحریری صلاحیتوں میں اضافے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ اس کے لیے مختلف طریقے اختیار کیے جاسکتے ہیں۔


نوٹ : املا ان ہی الفاظ کا لیجیے جن کو پڑھنے اور لکھنے کی وہ اچّھی طرح مشق کر چکے ہوں۔

ا۔ تختۂ تحریر پر املا کے الفاظ لکھ کر پڑھوائیے۔ اب ان ہی الفاظ کا املا کروائیے لیکن الفاظ بولتے وقت تختۂ تحریر پر لکھے ہوئے الفاظ کی ترتیب سے نہ بولیے۔مثلاً تختۂ تحریر پر جو لفظ پانچویں نمبر پر لکھا ہے وہ پہلے بولیے۔ (بچّے تختۂ تحریر سے دیکھ کر لکھ سکتے ہیں) اس طرح صرف وہی بچّے لکھ سکیں گے جو دُرست پڑھ سکتے ہیں۔

۲۔ تختۂ تحریر پر املا کے الفاظ لکھ کر پڑھوائیے۔ پھر مٹا دیجیے اور ان ہی الفاظ کا املا کیجیے۔

۳۔ گھر سے املا کے الفاظ کی تیاری کروائیے اور املا لیجیے۔

نوٹ : تیاری کا طریقہ بتائیے۔



# خصوصی ہدایات برائے اساتذۂ کرام

## خود اصلاحی

املا یا کسی بھی کام کی خود اصلاحی (self correction) کروانے سے طلبہ اپنے کاموں کا تنقیدی نگاہ سے جائزہ لینا سیکھتے ہیں۔

## طریقۂ کار

- کام کے بعد طلبہ کو ان کی پنسلیں ، قلم رکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- طلبہ اب اپنے ہاتھوں میں نیلے رنگ کی پنسلیں/کسی اور رنگ کے قلم (لکھائی سے مختلف رنگ ہونا ضروری ہے) لے لیں۔
- تختۂ تحریر پر دُرست الفاظ/حل لکھیے۔
- طلبہ تختۂ تحریر سے دیکھ کر اپنی اغلاط پر نشان لگائیں۔

## اصلاح

- طلبہ کو اپنی اغلاط دُرست کرنے کی عادت ڈالیے۔
- اغلاط کو وہ ہمیشہ دُرست کر کے تین تین بار لکھیں۔
- اس کے لیے کاپی کے صفحے کا بقیہ حصّہ یا نیا صفحہ استعمال کیجیے۔

## فرہنگ

درسی کُتب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے اساتذۂ کرام کو اپنے کاموں کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ اس فرہنگ کے الفاظ کے فلیش کارڈ، خُوش خطی ، حروف ملانا ، حروف الگ کرنا ، جملے بنانے اور اِملا کے لیے استعمال کیجیے۔ یہ مشقیں دیے گئے موضوع پر طلبہ کی تحریری استعداد بڑھانے میں معاون ہوں گی۔

## نصابی گوشوارہ

نصابی گوشوارے کی مدد سے اساتذۂ کرام پچھلی اور آئندہ جماعتوں میں پڑھائے گئے اور پڑھائے جانے والے موضوعات اور نظریات کو جان کر اپنے کام میں بہتر ربط قائم کر سکتے ہیں۔

## سرگرمیاں

۱۔ ہر سہ ماہی میں ایک بار مقابلۂ اِملا کروائیے۔ اس کے لیے کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ کے الفاظ پر نشان لگا کر یاد کرنے کے لیے دیجیے۔

۲۔ اسی طرح ہر سہ ماہی میں ایک بار مقابلۂ خُوش خطی بھی کروائیے۔

۳۔ ڈرامے اپنی منصوبہ بندی میں شامل رکھیے ۔ جماعت کے پانچ پانچ بچّوں کے گروہ کو باری باری موقع دیا جائے۔ اسی طرح تقریباً ہر سبق اور نظم کے ڈرامے کروانے سے اُن میں بولنے کا اعتماد پیدا ہوتا ہے اور معلّم/ معلّمہ کو ڈراموں کی تیاری کے دوران طلبہ کا تلفّظ اور ادائیگی دُرست کروانے کا موقع ملتا ہے۔

۴۔ ہفتۂ پڑھائی اپنی سالانہ منصوبہ بندی میں شامل کیجیے۔ اس ہفتے میں کُتب میلے کا انعقاد ، شاعری کا دن ، کسی مصنّف کا انٹرویو ، روزانہ اُردُو کے پیریڈ کے دس منٹ کوئی بھی اُردُو کتاب ، رسالہ اور اخبار پڑھنے کی سرگرمیاں کروائیے۔ کسی ناشر کو مدعو کرکے اس کی کُتب کا اسٹال لگوائیے تاکہ بچّے اپنے جیب خرچ/ عیدی کو کتابیں خریدنے کے لیے استعمال کرنے کی جانب راغب ہوسکیں۔

۵۔ شاعری سے رغبت دلوائیے۔نظمیں زبانی یاد کروائیے۔طلبہ کے درمیان نظمیں سنانے کا مقابلہ کروائیے۔ یہ لکھی ہوئی نظمیں مختلف اخبارات و رسائل اور کُتب سے لی گئی بھی ہوسکتی ہیں۔

اُمید ہے کہ اس رہنمائے اساتذہ کی مدد سے اُردُو زبان کی تدریس آسان اور زیادہ موثّر ہوجائے گی۔علم سکھانے کا عمل صدقہ جاریہ ہے۔ خلوصِ نیّت سے کیا جانے والا یہ کام ہماری دنیا اور آخری کی کامیابی کا وسیلہ بنے گا۔ (ان شاء اللہ )

## اعادہ اور جانچ

- سکھائے گئے نظریات کی تشکیلی جانچ وقتاً فوقتاً formative assessment لیتے رہیے۔
- ہر سہ ماہی کے بعد ایک مجموعی جانچ summative assessmentلیجیے۔

# باہمی تعارف (صفحہ ۱)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- معلّمہ/معلّمین سے مانوس ہوسکیں۔
- اُن کے بارے میں جانتے ہوئے جماعت کے قوانین کے بارے میں جان کر عمل کرنے کے لیے تیّار ہوسکیں۔
- اپنا تعارف کرواسکیں۔
- کتاب موتیا کے بارے میں بتاسکیں۔
- پنسل، کاپی، سلیٹ یا تختی، کتاب وغیرہ کو دُرست طریقے سے پکڑسکیں۔
- نئی جماعت کی تصویر کشی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- کتاب موتیا
- موتیا صفحہ ۱
- تختۂ تحریر
- رنگین پنسلیں/کریون
- فلیش کارڈز

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار


- صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی ہدایات پرعمل کرتے ہوئے تمام کام کروائیے۔ نئی جماعت اور نئے طلبہ سے انسیت پیدا کرنے کے لیے اپنا مختصر تعارف کروائیے۔مثلاً میرا نام _______ ہے۔ مجھے پڑھنے اور پڑھانے کا بہت شوق ہے۔ مجھے کھانے میں _______ پسند ہے۔ مجھے _______ کھیل پسند ہے۔ مجھے یہ بھی پسند ہے کہ جماعت میں بچّے ہاتھ اُٹھا کر اجازت لے کر کچھ پوچھیں یا بتائیں۔ آپس میں غیرضروری باتیں نہ کریں۔ ہدایات غور سے سنیں اور عمل کریں۔ اب بچّوں کو باری باری موقع دیجیے کہ وہ بھی اپنے نام، پسند ناپسند، پسندیدہ کھانا، کھیل اورشوق وغیرہ بتائیں۔ اس ہفتے ہر روز چند بچّوں کو موقع دیں تاکہ دوتین دنوں میں سب کی باری آجائے۔ اس طرح باتوں باتوں میں جماعت کے قوانین، مثلاً باری کا انتظار، آہستہ آواز میں گفتگو کرنے جیسی اخلاقی خوبیوں کی وضاحت کیجیے۔
- کتاب کا تعارف کروائیے۔ نام 'موتیا' سلسلہ، اُردُو کا گلدستہ، سرورق کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ رنگ کیسا ہے (نیلا) بچّوں نے کن رنگوں کے کپڑے پہنے ہوئے ہیں۔ بچّے کیا کررہے ہیں۔ پبلشر کا نام بتائیے۔مصنفہ کا نام بتائیے۔ (مقصد: بچّے جانیں کہ کتابیں لکھنا ایک اہم کام ہے جو ہم بھی کرسکتے ہیں) اندرونی سرورق کھولنے کی ہدایت دیجیے۔ اندرونی اور بیرونی فہرست کھلوائیے۔ بچّے پڑھ نہیں پائیں گے لیکن بتائیے کہ اگرہمیں کوئی صفحہ کھولنا ہو تو یہ ہمیں کس طرح مدد دیتی ہے۔خود ایسا کرکے دکھائیے، مثلاً فہرست سے

پڑھیے 'اچھی بات' صفحہ ۸۲ اور پھر صفحات پلٹ کر کھول کر وہ سبق دکھائیے۔

- طلبہ کو کتاب کا صفحہ ا کھولنے کی ہدایت دیجیے۔
- صفحے پر دی گئی سرگرمی سمجھا کر کروائیے۔ کام کے دوران طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ اس سرگرمی سے قبل دیے گئے الفاظ کی فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے تاکہ طلبہ یہ کام خود کر سکیں۔
- پیریڈ کے اختتام پر طلبہ سے پوچھیے کہ انھیں اپنی نئی جماعت اور نئی کتاب کیسی لگی؟

## حل شدہ مشق

### پڑھیے اور ملائیے




## حُروفِ تہجّی کا گھر ........... (صفحہ ۲)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- اُردو زبان میں حُروفِ تہجّی کی اصوات کو سن کر پہچان سکیں اور ادا کرسکیں۔
- حروفِ تہجّی کا اعادہ کرتے ہوئے نقطے والے حروف ، بغیر نقطے والے حروف اور ط والے حروف پہچان کر لکھ سکیں گے۔
- حُروفِ تہجّی کی اشکال دُرست بناوٹ سے لکھ سکیں۔







### مددگار مواد

- نقطے والے، بغیر نقطے والے اور ط والے حروف کے فلیش کارڈز
- حروفِ تہجّی اور ایک سے پانچ تک گنتی کے ہندسوں کے فلیش کارڈز
- چارٹ (حروفِ تہجّی کا گھر)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم
- موتیا صفحہ ۲

### پیریڈ : ا

## طریقۂ کار

- صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے اس صفحے کا کام کروائیے۔
- طلبہ کو نقطے والے، بغیر نقطے والے اور ٹ والے حروف کے فلیش کارڈز دکھائیے اور پڑھائیے۔
- حُروفِ تہجّی کا گھر، چارٹ اور فلیش کارڈز (نقطے والے، بغیر نقطے والے اور ٹ والے حروف) تختۂ نرم پر آویزاں کرکے طلبہ کو نقطے والے، بغیر نقطے والے اور ٹ والے حروف کی پہچان کرواکر کتاب کا کام کروائیے اور اس کام کی مشق کاپی میں بھی کروائیے۔
- کھیل کھلائیے۔ ہدایت دیجیے کہ جس حرف پر جتنے نقطے ہیں اتنی ہی تالیاں بجائیے۔ مثلاً ب (ایک تالی) پ (تین تالیاں)۔ آپ تختۂ تحریر/چارٹ پر لکھے ہوئے حروفِ تہجّی پر انگلی رکھتے ہوئے یہ کھیل کھلائیے۔ 'ٹ' اور نقطے نہ ہونے کی صورت میں بچّے تالی نہ بجائیں۔
- کارڈ پر نقطے رکھنے کا کھیل بھی کھیلا جاسکتا ہے۔
- تصویر کی مناسبت سے حرف پر نقطے لگوائیے۔ نقطے چھوٹے کارڈز کاٹ کر بنائیے۔
- حروفِ تہجّی کے چارٹ سے طلبہ کو پڑھنے کی مشق کروائیے۔

## حل شدہ مشق

| ٹ والے حروف لکھیے | بغیر نقطے کے حروف لکھیے | نقطے والے حروف لکھیے |
|---|---|---|
| ٹ | ا ح د ر | ب پ ت ث |
| ڈ | س ص ط ع | ج چ خ ذ |
| ڑ | ک گ ل م | ز ژ ش ض |
| | و ہ ی ے | ظ غ ف |
| | | ق ن |


## ا سے ے ........... (صفحہ ۳)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- حروفِ تہجّی اور شروع کی آوازوں کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔
- اُردو زبان میں حُروفِ تہجّی کی اصوات کو سن کر پہچان سکیں اور ادا کرسکیں۔
- حُروفِ تہجّی کی اشکال دُرست بناوٹ سے 'ا' سے 'ے' تک لکھ سکیں۔
- دی گئی تصاویر کے ناموں کی شروع کی آوازوں کے حُروف لکھ سکیں۔

## مددگار مواد




- 'ا' سے 'ے' تک حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز اور 'ا' سے 'ے' حروفِ تہجّی کا چارٹ
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳
- اُردُو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۱ (تجویز)

## پیریڈز : ۲


## طریقۂ کار

- چارٹ پیپر پر تحریر حروف کی طرف اشارہ کر کے حُروف کے نام اور آوازیں بتایئے تاکہ ان کی پہچان کا اعادہ ہو سکے یا ہاتھ میں پکڑے فلیش کارڈز نام بتا کر دکھایئے۔
- خیال رکھیے کہ آپ حروف کے نام اور آواز دونوں بتا رہے ہوں۔
- مثال: | ا | نام: الف ، آواز: اَ | ب | نام: بے ، آواز: بَ | پ | نام: پے ، آواز: پَ | ج | نام: جیم، آواز: جَ
- تختۂ تحریر پر لائنیں بنا کر دُرست بناوٹ سے لکھیے۔ بچّوں سے کہیے کہ وہ بھی ہوا میں ہاتھ اُٹھا کر لکھتے جائیں۔ ہر حروف کی بناوٹ کے لیے زبانی ہدایات دیجیے (رہنمائی کے لیے اُردُو کا گلدستہ کی کتاب برائے نرسری 'گُلاب' کے فٹ نوٹس میں دی گئی زبانی ہدایت ملاحظہ کیجیے)۔مثلاً طلبہ کو بتایئے کہ حرف 'ب' بنانے کے لیے پہلے اوپر سے نیچے آئیں ، لائن پر آگے بڑھیں اور آخری سرا بناتے ہوئے تھوڑا سا اُوپر جائیں۔
- بچّے دُرست بناوٹ کے ساتھ آوازوں کا اعادہ اور ان سے شروع ہونے والے الفاظ بھی دُہراتے جائیں۔مثلاً ب۔ بطخ ، بلّی۔ پ۔ پتنگ، پتّا۔
- موتیا صفحہ ۳ پر ہلکے رنگوں سے لکھے گئے حروفِ تہجّی پر پنسل پھیرنے سے طلبہ کی لکھائی کی مشق ہو سکے گی۔ اس صفحے پر حروف کے سامنے دی گئی خالی جگہ میں ہی حروف لکھوایئے۔ تحریری کام کی نگرانی کیجیے تاکہ بچّے دُرست کام کریں۔ اس کام پر توجہ بچّوں کے آئندہ کے کام آسان اور دُرست کردے گی۔
- کاپی میں 'ا سے ے' تک خوش خط لکھوایئے۔
- صفحے کے دوسرے حصّے کا کام اگلے دن کروایئے۔
- تختۂ تحریر پر تصاویر بنایئے یا چپکایئے اور طلبہ کو ان چیزوں کے نام بتایئے۔
  ٹوپی ، چُوہا ، درخت ، شیر ، غبارے ، ہاتھی۔
- طلبہ کو کتاب موتیا کا صفحہ ۳ کھولنے کی ہدایت دیجیے اور صفحے کے دوسرے حصّے کا کام کروایئے۔

پہلی مثال کا حرف لکھ کر دکھایئے۔ باقی حروف بچّوں کو خود لکھنے کی ہدایت دیجیے اور اُن کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

- کچھ منتخب حروف لکھ کر اُن سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر کاپی میں بنوایئے ، مثلاً ب ، ج ، ڈ، م۔ بچّوں سے پوچھ کر لکھیے کہ انھوں نے کیا بنایا ہے۔

- کاپی میں چار مختلف اشیا کی تصویریں کاٹ کر چپکانے کے بعد ان کے ناموں کے شروع کی آواز لکھوائیے۔ اس مقصد کے لیے مددگار مواد میں دی گئی تصاویر استعمال کی جاسکتی ہیں۔
- گھر کا کام: اپنی پسند کی چار چیزوں کی تصاویر چپکا کر ان کے ناموں کے پہلے حُروف لکھیے۔




# پڑھیے اور رنگ بھریے ........... (صفحہ ۴)


## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بصری الفاظ پڑھ سکیں۔
- رنگ بھرنا سیکھ سکیں۔
- بنیادی مصوّتوں ( ا و ی ے) کو پہچان کر دی گئی مشق میں مصوّتوں (ا و ی ے ) میں رنگ بھرسکیں۔
- بنیادی مصوّتوں کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- بصری الفاظ کے فلیش کارڈز
- 'ا و ی ے' کے الفاظ کے فلیش کارڈز ( بابا/ سوچو/ موتی/کالے)
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۴




## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار

- صفحہ ۴ پر دیے گئے بصری الفاظ کی فلیش کارڈز کے ذریعے پڑھائی کروائیے۔
- طلبہ کومصوّتوں کی پہچان کرواکر بذریعہ فلیش کارڈز ذخیرۂ الفاظ پڑھوائیے۔ زیریں حاشیے میں دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے مصوّتوں کی آوازوں کی مشق کروائیے۔ بعد ازاں صفحہ ۴ پر موجود مشق (رنگ بھریے) مکمل کروائیے۔

## حل شدہ مشق

- مصوّتوں کے مزید الفاظ کی مشق فلیش کارڈ یا تختۂ تحریر پر لکھ کر کروائیے۔
  - باجا، کاٹا، مالا، لانا
  - بولو، روکو، تولو، موڑو
  - باجی، کالی، روٹی، توڑی
  - چارے، جالے، روتے، کونے




## رنگ بھریے

- جن خانوں میں مصوّتے ہیں اُن میں رنگ بھروائیے۔


# شرارتی حُروف ............ (صفحہ ۵)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بصری الفاظ (تم، تمھارا، میری، میرے، کیا، کہاں ) پڑھ سکیں۔
- شرارتی نو ( د ڈ ذ ر ڑ ز ژ و ا ) کا اعادہ کرسکیں۔
- دی گئی مشق میں موجود شرارتی نو میں رنگ بھرسکیں۔

## مدد گار مواد



چنبیلی برائے جماعت کے جی

- شرارتی حروف (د ڈ ذ ر ڑ ز ژ و ا) کے فلیش کارڈز (اُردو کا گلدستہ کی پری پرائمری کی کتاب برائے کے جی 'چنبیلی' پڑھ کر آنے کی صورت میں اعادہ کافی ہوگا۔ دوسری صورت میں 'چنبیلی' سے دیکھ کر نئے سرے سے تعارف کروائیے)
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۵
- پتلیاں (puppets)
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۲ (تجویز)

## پیریڈ : ۱

### طریقۂ کار

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ ۵ پر دیے گئے بصری الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔
- طلبہ سے پوچھیے کہ شرارتی حروف کون سے ہوتے ہیں۔ شرارتی حروف کے فلیش کارڈز دکھایئے۔
- بعد ازاں تختۂ تحریر پر شرارتی حروف کا استعمال کرتے ہوئے سمجھایئے کہ یہ شرارتی نو اپنے سے پہلے آنے والے حروف سے ملتے ہیں لیکن بعد میں آنے والے حروف سے نہیں ملتے۔ جیسے : ✓→ ←×

ب + ا = با     ا + ب = اب     ب + ا + ل = بال

- اچھی طرح وضاحت کرنے کے بعد طلبہ کو مشق کا کام (رنگ بھریے) خود کرنے دیجیے جہاں ضرورت ہو، اعانت فراہم کیجیے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (footnotes) میں دی گئی ہدایات کی مدد سے زُبانی اور کاپی میں کام کروایئے۔
- پیریڈ کے اختتام پر پچھلے دن پڑھائے گئے بصری الفاظ کی پڑھائی فلیش کارڈز کے ذریعے کروایئے اور طلبہ سے زبانی جملے بنوایئے۔

## حل شدہ مشق

شرارتی حروف کے خانوں میں رنگ بھروایئے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| و | ہ | د | ط | ڑ | ج | ژ |
| ک | ذ | ا | ر | ڈ | ز | ص |

## 'ا' کے دو حَرفی ارکان ........... (صفحہ ۶)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'ا' کے دو حَرفی ارکان بنا سکیں۔
- 'ا' کے دو حَرفی ارکان کے حُروف الگ کرسکیں۔

### مددگار مواد

- بنیادی مصوّتے 'ا' کے ساتھ ملے ہوئے حُروف کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۶
- اُردُو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۳ تا ۴ (تجویز)

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- ’ا‘ کے ساتھ دیگر حروف جوڑ کر بنائے گئے ارکان کے فلیش کارڈز دکھا کر بلند آواز میں پڑھائی کروایئے۔ (با ، جا ......)
- طلبہ کو کتاب موتیا کا صفحہ ۶ کھولنے کی ہدایت دیجیے۔ ہر خانے میں لکھے گئے حُروف اور ارکان پڑھوایئے۔
- تختۂ تحریر پر کتاب کا صفحہ من وعن نقل کیجیے (ارکان بنایئے) اور تمام حروف ملا کر دکھایئے۔ اب بچّوں کو کام نقل کرنے کی ہدایت دیجیے۔ کام کے دوران نگرانی کیجیے کہ ہر بچّہ پڑھ کر لکھ رہا ہو۔
- طلبہ کو بتایئے جس طرح حُروف ملا کر ارکان بنائے جاتے ہیں اسی طرح ارکان کے حُروف الگ کرنے سے ہمیں حُروف کی پہچان کی مشق ہو جاتی ہے۔
- صفحے کے دوسرے حصّے کا کام
  - ❖ فلیش کارڈ اور تختۂ تحریر کی مدد سے حُروف الگ کرنا سکھا کر کتاب میں کروایئے۔ ملایئے، الگ کیجیے کے عنوان سے دیا گیا کام کاپی میں کروایئے۔
- کاپی میں مشق سمجھا کر کروایئے۔ایک یا دو مثالیں تختۂ تحریر پر ضرور لکھیے باقی حروف بچّوں سے ملوایئے۔طلبہ کو خود کوشش کرنے کے لیے دس منٹ دیجیے۔اس کے بعد تختۂ تحریر پر لکھ دیجیے۔

نوٹ : جن بچّوں نے جماعت اوّل سے پہلے کے درجے میں اُردُو کا گلدستہ کی کتاب برائے کے جی ’چنبیلی‘ استعمال کی ہوگی وہ یہ کام جلد سمجھ لیں گے لیکن ایسا نہ ہونے کی صورت میں اس کام کی مزید مشق کروانی ضروری ہے۔ اس کے لیے ’چنبیلی‘ کو بطور حوالہ استعمال کرکے اعادہ کی ورک شیٹس اور کاپی میں اسی نوعیت کا مزید کام کروایئے۔

- کام کے دوران نگرانی کیجیے۔جن طلبہ کو کام کرنے میں مشکل پیش آ رہی ہو تو ان کو انفرادی توجہ دیجیے۔

## حل شدہ مشق

### ملایئے

ب ا با　　ج ا جا　　د ا دا　　ص ا صا

ع ا عا　　ک ا کا　　ل ا لا　　ہ ا ہا

### حروف الگ کیجیے

| | | |
|---|---|---|
| با ب ا | چا چ ا | را ر ا |
| سا س ا | طا ط ا | فا ف ا |
| کا ک ا | لا ل ا | ما م ا |

## کاپی میں کام کروائیے

### ملائیے:

ت ا تا، چ ا چا، ر ا را، ش ا شا، ط ا طا، ف ا فا، م ا ما

### الگ کیجیے:

پا پ ا، حا ح ا، غا غ ا، قا ق ا، گا گ ا، ما م ا، نا ن ا

## 'ا' کے چار اور تین حَرفی الفاظ ........... (صفحہ ۷)


### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بنیادی مصوّتے 'ا' کے دو حَرفی ارکان سے چار حَرفی الفاظ اور تین حَرفی الفاظ بنا سکیں۔
- بنیادی مصوّتے 'ا' کے چار حرفی الفاظ کے ارکان اور تین حرفی الفاظ کے حروف الگ کرسکیں۔
- کاپی میں دو حَرفی ارکان سے چار حَرفی الفاظ بنا سکیں۔
- 'ا' کے تین حرفی الفاظ کے حُروف الگ کرسکیں۔

### مددگار مواد

- 'ا' کے تین حرفی اور چار حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز
- گتّے کی پٹیاں ، تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۷
- اُردُو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۵ (تجویز)





### پیریڈز : ۴

### طریقۂ کار


- 'ا' کے تین حرفی اور چار حرفی الفاظ کا تعارف فلیش کارڈز کے ذریعے کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر وضاحت کیجیے کہ الفاظ کیسے بنتے ہیں۔
- تختۂ تحریر پر چار حرفی کارڈ چپکا کر پڑھوائیے۔ جو بچّے دُرست پڑھیں ان کی حوصلہ افزائی کے لیے سب تالیاں بجائیں۔
- تختۂ تحریر پر الفاظ لکھ کر یہ کھیل کھیلیے۔ تختۂ تحریر پر لفظ نانا کا کارڈ چپکا کر بچّوں سے ارکان الگ کروائیے۔ لفظ جالا لکھ کر یہی مشق کروائیے۔

## لکھیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| با | ← | با | ٹا | جا | ڑا | لا |
| کا | ← | ٹا | کا | لا | نا | |
| جا | ← | نا | لا | گا | ڑا | |
| چا | ← | ٹا | چا | را | | |
| دا | ← | دا | را | نا | | |
| گا | ← | تا | را | لا | نا | |
| پا | ← | پا | را | لا | نا | |




اسی طرح کارڈ کی دو پٹیاں بنایئے اور عمودی پٹی ہلانے سے بدلنے والے الفاظ پڑھوایئے۔




- تختۂ تحریر پر الفاظ لکھ کر یہ کھیل کھیلیے۔ تختۂ تحریر پر [ما] کا کارڈ چپکایئے اور چار بچّوں کے ہاتھ میں [ت] [ر] [ن] [ل] کے کارڈ دیجیے۔
- بچّے یہ کارڈ باری باری [ما] کے کارڈ کے ساتھ چپکائیں اور جماعت کے دیگر بچّے نئے بننے والے الفاظ پڑھیں۔
- تختۂ تحریر پر [لا] کا کارڈ چپکا کر تین بچّوں کے ہاتھ میں [ت] [ل] [ن] کے کارڈ دے کر یہی سرگرمی کروایئے۔
- [چا] کے ساتھ [ٹ] [ر] [ک] [ل] لکھ کر لفظ بنوایئے۔
- صفحہ ۷ کے پہلے حصّے ملایئے اور الفاظ بنایئے کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کتاب میں کروایئے۔
- ارکان الگ کرنے کا کام اچّھی طرح سمجھانے کے بعد کروایئے۔
- اسی طرح حُروف الگ کرنے کا کام بھی تختۂ تحریر پر سمجھا کر کتاب میں کروایئے۔
- تختۂ تحریر پر اوپر سے نیچے لکھ کر کاپی میں تحریری کام کروایئے۔
- ایک مثال دینے کے بعد بچّوں کو خود کام کرنے کا موقع دیجیے۔ آخر میں دُرست جوابات تختۂ تحریر پر لکھیے تاکہ بچّے اپنے کام کی اصلاح کی

کوشش کریں۔ طلبہ کی مدد کیجیے اور کاموں کی دُرستی کروائیے۔

سیٹ یہ ہوسکتے ہیں :

- ارکان الگ کیجیے کے طریقے سے ہی حروف الگ کیجیے کی مشق کروائیے۔
- بچّوں سے حروف ملائیے کی طرح ہی کا کھیل کھیلیے۔ بچّے کارڈز لگا کر لفظ بنائیں۔
- تختۂ تحریر پر کارڈز چپکا کر یا الفاظ لکھ کر یہ کام کروایا جاسکتا ہے۔ اب بچّوں سے حروف الگ کروائیے۔ دُرست کام کرنے والے طلبہ کے لیے سب تالیاں بجائیں۔

## حل شدہ مشق

| ارکان ملائیے | الفاظ بنائیے |
|---|---|
| بابا | تار |
| باجا | چاٹ |
| تارا | نان |
| جانا | لال |
| دادا | صاف |
| ہارا | گال |

### ارکان الگ کیجیے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نانا | نا | نا | جالا | جا | لا | چارا | چا | را |
| سارا | سا | را | کالا | کا | لا | لاتا | لا | تا |

### حروف الگ کیجیے

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| باغ | ب | ا | غ | کاٹ | ک | ا | ٹ | سال | س | ا | ل |
| چار | چ | ا | ر | مان | م | ا | ن | ہار | ہ | ا | ر |

**ہدایت:**

صفحے کے نچلی جانب دیا گیا کام کاپی میں کروائیے۔ اسی نوعیت کا کام گھر کے لیے بھی دیا جا سکتا ہے۔

# ’و‘ کے دو حَرفی ارکان ........... (صفحہ ۸)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’و‘ کے دو حرفی ارکان بنا سکیں۔
- ’و‘ کے دو حرفی الفاظ سے حروف الگ کرسکیں۔

## مددگار مواد


- ’و‘ کے دو حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۸
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ٦ (تجویز)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- صفحے کے زیریں حاشیے میں دیے گئے نوٹ کی مدد لیتے ہوئے وضاحت کیجیے۔
- حرف ’و‘ کا بطور مصوّتہ تعارف کرواتے ہوئے بتائیے کہ اس کی آواز انگریزی کے حرف ’O‘ جیسی ہے جبکہ اس کا نام ’واؤ‘ ہے۔ ’و‘ سے مل کر حروف اپنی اشکال چھوٹی کر لیتے ہیں (سوائے ط ، ظ اور شرارتی حروف کے) ’و‘ کے سطر (لائن) پر ہونے کی وجہ سے حروف کو اوپر جانا پڑتا ہے۔

مثال : ب + ا = با یہاں ’ب‘ کی شکل کچھ مختلف بھی ہے اور یہ لائن پر ہے جبکہ ’و‘ کے ساتھ ملتے ہوئے ب کی شکل بدلتی ہے اور ’و‘ سے ملنے کے لیے اسے سطر سے اوپر جانا پڑتا ہے۔ مثال : ب + و = بو دل چسپ انداز میں سیڑھی کی طرف توجّہ دلاتے ہوئے یہ وضاحت کیجیے۔



- ’و‘ کے دو حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز دکھایئے جو تمام حروفِ تہجّی کے ساتھ ہوں۔
- تختۂ تحریر پر بڑا ’و‘ دُرست لکھ کر بناوٹ سمجھایئے۔ موتیا صفحہ ۸ سے منتخب حروف پر مشتمل ’ملایئے‘ کا کام کروایئے۔ طلبہ کو شوشوں اور نقطوں کی دُرستی کا خیال رکھنے کی ہدایات دیں تا کہ ان کی لکھائی بھی عمدہ ہوسکے۔
- مشق کاپی میں کروایئے۔ (ملایئے : ٹ و، خ و، ش و، ط و، ع و، م و، ن و)

- طلبہ کو حروف کے فلیش کارڈز دے کر ارکان بنانے کی مشق کروایئے۔ 'دو' کو ملاتے ہوئے یاد دلایئے کہ چونکہ 'د' شرارتی ہے اس لیے 'و' سے نہیں ملتا۔
- تختۂ تحریر پر بڑا 'و' درست لکھ کر سمجھایئے۔موتیا صفحہ ۸ سے منتخب حروف پر مشتمل 'حروف الگ کیجیے' کا کام سمجھانے کے بعد کروایئے۔
- 'و' کے چار حرفی الفاظ کی فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- طلبہ کو 'و' کے دو حرفی ارکان کے کارڈز دے کر لفظ بنانے کی مشق کروائیں، مثلاً:

تو + لو = تولو　　بو + لو = بولو　　سو + چو = سوچو

- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی میں کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## ارکان بنایئے

بو، پو، جو، دو، سو، فو، کو، ہو

## حروف الگ کیجیے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو | ت | و | ٹو | ٹ | و | خو | خ | و |
| رو | ر | و | صو | ص | و | عو | ع | و |
| مو | م | و | نو | ن | و | ہو | ہ | و |

## کاپی میں کام کروایئے

- ملایئے اور الگ کیجیے کا کام کاپی میں کروایئے۔

### ملایئے:

ٹ و ٹو، خ و خو، ش و شو، ط و طو، ع و عو، م و مو، ن و نو

### الگ کیجیے:


بو ب و، جو ج و، دو د و، سو س و، ضو ض و، کو ک و، لو ل و

# 'و' کے چار اور تین حَرفی الفاظ ............ (صفحہ ۹)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'و' کے دو حرفی الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'و' کے دو حَرفی ارکان ملا کر چار حَرفی الفاظ بنا سکیں۔
- 'و' کے تین حَرفی الفاظ بنا سکیں۔
- 'و' کے چار حَرفی الفاظ کے ارکان الگ کرسکیں۔
- 'و' کے تین حَرفی الفاظ کے حُروف الگ کرسکیں۔
- شروع کی آوازوں کے حُروف بدل کر نئے الفاظ بنا سکیں۔





## مددگار مواد


- 'و' کے چار اور تین حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۹
- اُردُو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۷ (تجویز)


## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار


- صفحے کے زیریں حاشیے (foot notes) میں دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔
- 'و' کے تین اور چار حرفی الفاظ کی فلیش کارڈز کے ذریعے پڑھائی کروائیے۔
- موتیا صفحہ ۹ پر دیے گئے تین حرفی الفاظ کا تعارف 'ا' کے تین حرفی الفاظ کے طریقۂ کار کے مطابق سکھائیے۔
- سیٹ یہ ہوسکتے ہیں :



- نئے الفاظ بنوائیے۔
- پڑھانے کے بعد صفحے کے پہلے حصّے 'ملائیے' کا کام سمجھا کر کروائیے۔
- ارکان ملا کر چار حَرفی الفاظ بنانا تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کتاب میں لکھوائیے۔
- 'و' کے رکن کے ساتھ ایک حَرف لکھ کر تین حَرفی الفاظ بنانے کا کام بھی تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھانے کے بعد کتاب میں کروائیے۔
- موتیا صفحہ ۹ سے منتخب حروف پر مشتمل ارکان الگ کیجیے کا کام کروائیے۔ طلبہ کو شوشوں اور نقطوں کی درستی کا خیال رکھنے کی ہدایت دیں تاکہ ان کی لکھائی بھی عمدہ ہوسکے۔
- موتیا صفحہ ۹ پر 'حروف الگ کیجیے' کا کام سمجھانے کے بعد کروائیے۔ 'ا' کے تین حرفی الفاظ الگ کرنے کا طریقۂ کار اپنائیے۔
- صفحے پر دیے گئے شروع کی آواز بدل کر نئے الفاظ بنانے کی مشق سمجھا کر کروائیے۔
- مشق کا کام کاپی میں کروائیے۔(ملائیے : بو۔لو، نو۔چو، لو۔گو، رو۔کو )
- مشق کاپی میں کروائیے۔(حروف الگ کیجیے : تول، نوٹ، نوک، موڑ، زور)
- طلبہ کو شروع کی آواز بدل کر نئے الفاظ بنانے کا کھیل کھلائیے۔ کسی ایک بچّے کو **ان** کا کارڈ پکڑائیے باقی طلبہ حروف تہجّی کے چھوٹی اشکال کے کارڈز پکڑ لیں۔ پھر ایک ایک کر کے جماعت کے تمام طلبہ **ان** کا کارڈ پکڑے ہوئے بچے کے ساتھ کھڑے ہوں ۔ کلاس میں بتائیں کہ ہمارے ملنے سے یہ الفاظ بنتے ہیں۔مثلاً




- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی میں کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

| ارکان ملائیے | الفاظ بنائیے |
|---|---|
| تولو | توڑ |
| جوڑو | سوچ |
| موڑو | چور |

## ارکان الگ کیجیے

| | | |
|---|---|---|
| ٹوکو | ٹو | کو |

| | | |
|---|---|---|
| بولو | بو | لو |

| | | |
|---|---|---|
| روکو | رو | کو |

## حروف الگ کیجیے

بول ب و ل  مور م و ر  چوٹ چ و ٹ

شروع کی آواز بدل کر نئے الفاظ بنایئے۔

نان، جان، بول، تول

## ملایئے

بولو، نوچو، لوگو، روگو

## حروف الگ کیجیے

تول ت و ل  نوٹ ن و ٹ  نوک ن و ک

موڑ م و ڑ  زور ز و ر

# ’ی‘ کے دو حَرفی ارکان ........... (صفحہ ۱۰)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ی‘ کی دو حرفی ارکان سازی کرسکیں۔
- ’ی‘ کے دو حرفی ارکان سے حروف الگ کرسکیں۔
- حروف جوڑ کر ارکان بنا کر لکھ سکیں۔
- ارکان کے حُروف پہچان کر الگ کر کے لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

- رنگین پنسلیں / کریون
- 'ی' کے کٹ آؤٹس
- موتیا صفحہ ۱۰

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- بنیادی مصوّتے 'ی' کا تعارف کروائیے۔ صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔
- 'ی' کے دو حرفی الفاظ پڑھائیے۔
- تختۂ تحریر پر تمام حروفِ تہجّی کو 'ی' کے ساتھ ملا کر لکھنا سکھائیے اور (آواز سے) پڑھائی کروائیے۔ شرارتی حروف کی یاد دہانی کروائیے کہ یہ اپنے سے بعد والے حرف سے نہیں ملتے اس لیے اس مصوّتے کے ساتھ بھی الگ ہی رہیں گے۔



وضاحت: بنیادی مصوّتے 'ی' کی آواز انگریزی کے حرف 'E' کی طرح ہے۔ 'ی' کے ساتھ ملتے ہوئے حُروف اپنی اشکال تو بدلتے ہی ہیں 'ی' بھی اپنا سرا ہٹا دیتی ہے تاکہ خُوب صُورتی سے دوسرے حُروف سے مل سکے۔

- موتیا صفحہ ۱۰ پر 'ملائیے' کے کام کی ایک مثال تختۂ تحریر پر سمجھانے کے بعد کام کروائیے۔
- مشق کاپی میں کروائیے۔ (ملائیے: ب ی، خ ی، ری، ش ی، ع ی، ف ی، گ ی)
- طلبہ کی انفرادی مدد کیجیے۔
- 'الگ کیجیے' کا کام تختۂ تحریر پر سمجھانے کے بعد کتاب میں کروائیے۔
- طلبہ سے 'ی' کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروا کر گھر لے جانے کے لیے دیجیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی میں کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## ارکان بنائیے

تی، جی، دی، سی، طی، لی، نی، ہی

## حروف الگ کیجیے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹی | ٹ | ی | چی | چ | ی | ری | ر | ی |
| صی | ص | ی | غی | غ | ی | کی | ک | ی |
| لی | ل | ی | می | م | ی | نی | ن | ی |

### ملائیے

بی، خی، ری، شی، عی، فی، گی

### الگ کیجیے

پی   پ   ی      جی   ج   ی      سی   س   ی

طی   ط   ی      فی   ف   ی      گی   گ   ی


ہی   ہ   ی

## 'ی' کے چار حَرفی الفاظ ........... (صفحہ ۱۱)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'ی' کے چار حرفی الفاظ کی ارکان سازی اور الفاظ سازی کرسکیں۔
- 'ا'، 'و' اور 'ی' کے چار حرفی الفاظ کے ارکان الگ کرسکیں۔
- لفظ کا آخری رکن بدل کر نئے الفاظ بنا سکیں۔
- 'ا' اور 'ی' کے دو حَرفی ارکان ملا کر لفظ لکھ سکیں۔
- 'ا' اور 'ی' کے دو حَرفی ارکان الگ کرسکیں۔




### مددگار مواد


- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۱

### پیریڈز : ۳

### طریقۂ کار

- 'ی' کے چار حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز کا استعمال کرتے ہوئے پڑھائیے۔
- صفحہ ۱۱ پر 'ا' اور 'ی' کے ارکان، 'و' اور 'ی' کے ارکان ملا کر تختۂ تحریر پر الفاظ سازی کروائیے۔ مثلاً: چا بی = چابی، مو چی = موچی
یہ کام بچوں کو کارڈز دے کر کروائیے۔ بچّے 'ا' اور 'و' کے مختلف ارکان کو 'ی' کے ارکان کے کارڈز کے ساتھ ملا کر لفظ بنائیں گے۔

- مثلاً :




- موتیا صفحہ ۱۱ پر موجود تحریری کام سے پہلے تختۂ تحریر پر ضرور سمجھائیے۔
- صفحہ ۱۱ پر 'ا' اور 'ی' کے ارکان، 'و' اور 'ی' کے ارکان الگ کر کے تختۂ تحریر پر مشق کروائیے۔ مثلاً تالی : تا لی، باجی : با جی۔
- موتیا صفحہ ۱۱ پر دوسرے حصّے کا کام کروائیے (الگ کیجیے)۔
- کتاب میں کام کروانے کے بعد کاپی میں کام کروائیے۔
- آخری رکن بدل کر نئے الفاظ بنانے کی مشق تختۂ تحریر پر کروائیے۔ نئے الفاظ بنانے پر بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے اور شاباش دیجیے۔
- موتیا میں آخری رکن بدل کر نئے الفاظ بنانے کی مشق کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی میں کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔
- کاپی میں مشق کروائیے۔ (ملائیے، ارکان الگ کیجیے)

## حل شدہ مشق

### ارکان ملائیے

باری، مالی، سوتی، روٹی

### الگ کیجیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| باجی | با | جی | کالی | کا | لی |
| توڑی | تو | ڑی | موتی | مو | تی |

آخری رکن بدل کر نئے الفاظ بنائیے۔

باجا، تولو، موتی، موچی

### ارکان ملایئے

جالی، رانی، ٹافی، دادی، نانی، لاتی

### ارکان الگ کیجیے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سادی | سا | دی | مانی | ما | نی | بالی | با | لی |
| ناپی | نا | پی | ہاکی | ہا | کی | کاپی | کا | پی |
| صافی | صا | فی | | | | | | |

## 'ے' کے دو حَرفی ارکان ........... (صفحہ ۱۲)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'ے' کے دو حرفی الفاظ کی ارکان سازی اور پڑھائی کرسکیں۔
- 'ے' کے دو حرفی ارکان کے حروف الگ کرسکیں۔
- بنیادی مصوّتے 'ے' کے دو حَرفی ارکان لکھ سکیں۔


### مددگار مواد

- فلیش کارڈز، تختۂ تحریر،
- رنگین پنسلیں، کریون
- موتیا صفحہ ۱۲
- فلیش کارڈز، گتّے کی پٹیاں،
- رنگین پنسلیں/کریون
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۱۲ (تجویز)

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- 'ے' کے دو حرفی ارکان بنانے کی مشق فلیش کارڈز کی مدد سے کروایئے۔
- بنیادی مصوّتے 'ے' کا تعارف کروایئے۔ ''صَوتی طریقے سے 'ے' کی بطور مصوّتہ آواز انگریزی کے حَرف 'A' کے نام جیسی ہے۔ اس مصوّتے کے ساتھ حَرف ملاتے ہوئے بھی کہانی سُنایئے۔ حُروف کا اپنی شکل چھوٹی کرنا اور سیڑھی کے ذریعے اس سے ملنا واضح کیجیے۔''



- صفحے پر لکھے گئے الفاظ آوازوں سے پڑھانے کے بعد ملایئے کا کام سمجھا کر موتیا صفحہ ۱۲ میں کروایئے۔
- نوٹ: بچّے عموماً 'ے' بناتے ہوئے اس کی نوک بنا دیتے ہیں۔ خیال رکھیے کہ وہ ایسا نہ کریں۔
  مثلاً: ے ✗ ے ✓
- ارکان بنانے اور ارکان سے حروف الگ کرنے کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر صفحہ ۱۲ میں کروایئے۔
- ملایئے اور حروف 'الگ کیجیے' کا کام کاپی میں کروایئے۔

## حل شدہ مشق

### ارکان بنایئے

جے، دے، سے، طے، کے، لے، ہے

### حروف الگ کیجیے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چے | چ | ے | صے | ص | ے | غے | غ | ے |
| گے | گ | ے | لے | ل | ے | مے | م | ے |
| نے | ن | ے | ہے | ہ | ے | | | |

### ملایئے

تے، چے، ڑے، شے، صے، فے، مے

### الگ کیجیے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثے | ث | ے | حے | ح | ے | ڈے | ڈ | ے |
| شے | ش | ے | ضے | ض | ے | عے | ع | ے |
| گے | گ | ے | | | | | | |

# ’ے‘ کے چار حَرفی الفاظ ........... (صفحہ ۱۳)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ے‘ کے ارکان سے چار حَرفی الفاظ سازی کرسکیں۔
- ’اے‘ اور ’وے‘ کے چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔
- ’اے‘ اور ’وے‘ کے چار حرفی الفاظ کے ارکان الگ کرسکیں۔
- جملے نقل کرسکیں۔


## مددگار مواد


- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۳
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۱۳ (تجویز)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- صفحہ ۱۳ پر دیے گئے ’ے‘ کے چار حرفی الفاظ کا تعارف ’ای‘ اور ’وی‘ کے چار حرفی الفاظ کے تعارف ہی کی طرح کروایئے۔ فلیش کارڈز کا استعمال کیجیے۔




- تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھانے کے بعد کتاب میں ’اے‘ اور ’وے‘ کے ارکان ملانے کا کام کروایئے پھر کاپی میں دیا گیا کام کروایئے۔

- بصری الفاظ | یہ | ہے | ہیں | وہ | کی پڑھائی کروائیے۔
- صفحے پر 'الگ کیجیے' کی مشق سے پہلے 'اے' کے ارکان تختۂ تحریر پر الگ کرنا سکھائیے۔
- بعد ازاں 'وے' کے ارکان الگ کروائیے۔
- کتاب میں ارکان الگ کیجیے کی مشق کروانے کے بعد کاپی میں کام کروائیے۔

- بصری الفاظ | یہ | ہے | ہیں | وہ | کے ساتھ چار حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز کو رکھ کر یا تختۂ تحریر پر چپکا کر/ لکھ کر جملوں کی پڑھائی کروائیے۔ کتاب میں دیے گئے جملے پڑھوائیے اور درست طریقے سے لکھوائیے۔
- کتاب میں دیے گئے (باجے، تالے، مارے، توڑے، بولے، روکے) گھر سے خوش خط لکھیے اور املا کی تیاری کرکے آیئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی میں کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### ارکان ملایئے

دانے، کالے، سوتے، موزے، طوطے

### ارکان الگ کیجیے

نا چے، ما نے، رو تے، تو لے، کو نے

## دو حَرفی ارکان ملانا / الگ کرنا ........... (صفحہ ۱۴)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- سکھائی گئی مہارتوں کا کام درست طریقے سے کرسکیں۔
- بنیادی مصوّتوں کے ساتھ دو حَرفی ارکان سازی، الفاظ سازی اور چار حرفی الفاظ کے ارکان الگ کرنے کی جانچ کی جاسکے۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- گتّے کی پٹیاں
- موتیا صفحہ ۱۴

### پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- پچھلی جماعت میں دیے گئے الفاظ کا املا لیجیے۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ ۱۴ کھولنے کی ہدایت دیجیے۔
- حروف ملائیے کی مشق کروائیے اس دوران طلبہ کی نگرانی کریں۔
- ارکان الگ کیجیے کی مشق کروائیے۔
- جن طلبہ کو دشواری ہو رہی ہو، اپنے جانچ رجسٹر/ کاپی/ نوٹ بک میں ان کے نام لکھ لیں اور بعد ازاں اضافی وقت دے کر طلبہ کی استعداد بڑھانے کی کوشش کیجیے۔

مشاہداتی رپورٹ: کلیہ: بہترین ☆☆☆ بہتر ☆☆ توجہ درکار ہے ☆

| بچّوں کے نام | 'ا' کے دو، تین اور چار حرفی الفاظ کی پہچان | 'و' کے دو، تین اور چار حرفی الفاظ کی پہچان | 'ی' کے دو اور چار حرفی الفاظ کی پہچان | 'ے' کے دو اور چار حرفی الفاظ کی پہچان |
|---|---|---|---|---|
| ۱۔ سعد علی خان | ☆☆☆ | ☆☆☆ | ☆☆ | ☆☆ |
| ۲۔ حمنہ نوید | ☆☆ | ☆☆ | ☆ | ☆☆ |

## حل شدہ مشق

حروف ملائیے :

ب + ا = با
ج + ا = جا
ک + ا = کا
س + و = سو
ط + ی = طی
ل + ے = لے

ارکان الگ کیجیے

باجا = با جا
چاہا = چا ہا
کاٹو = کا ٹو
بولا = بو لا
سوتی = سو تی
روکے = رو کے


## شروع کے الفاظ بدل کر نئے الفاظ بنائیے

طلبہ کو اپنی مرضی سے الفاظ بنانے کی ہدایت دیجیے۔

امثال: بال لال


## آخری آواز بدل کر نئے الفاظ بنایئے

| | ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|---|
| چاٹ | چاٹا | چاٹو | چاٹی | چاٹے |
| سوچ | سوچا | سوچو | سوچی | سوچے |




- حل شدہ مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر بچّوں سے ان کے کام کی خود اصلاح کروایئے۔
- طلبہ نیلی پنسل کی مدد سے اپنے کام کو جانچیں اور ✓ یا ✗ کا نشان لگائیں۔
- گتّے کی پٹیوں کی مدد سے پہلا حرف بدل کر نئے الفاظ بنانا سکھایئے۔
- نئے الفاظ بنا کر کتاب میں لکھوایئے۔
- اسی طرز پر آخری حرف بدل کر نئے الفاظ بنانا سکھایئے اور کتاب میں لکھوایئے۔
- کام کی نگرانی کیجیے۔جن طلبہ کو دشواری ہورہی ہو ان کے نام اپنے جانچ کے رجسٹر/کاپی/ نوٹ بک میں لکھیے۔ بعد ازاں اضافی وقت دے کر کمزوری دور کروایئے۔


## مرکّب حُروف 'ھ' ........... (صفحہ ۱۵)



### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ہلکی اور بھاری آوازوں میں فرق کرسکیں۔
- مرکب حروف (بھاری آوازوں) کی پہچان کرسکیں۔
- مرکب حروف (بھاری آوازوں) کی دُرست ادائی کرسکیں۔
- دُرست بناوٹ سے لکھ سکیں۔




### مددگار مواد

- مرکب حروف (موتیا صفحہ ۱۵ پر دیے گئے تمام حروف) کے فلیش کارڈز
- A4 پیپر کا آدھا حصّہ (ہر بچّے کے لیے)
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۵
- معاون کتاب 'پُھول' کہانی 'بھولے بھائی' صفحہ ۱۴ تا ۱۶ (تجویز)
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۱۵ تا ۲۳ (تجویز)

## پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- مرکب حروف (’ھ‘ والے تمام حروف) کے فلیش کارڈز دکھا کر بچّوں سے پڑھوایئے۔
- ’ھ‘ کا تعارف دیجیے۔ کتاب کے صفحہ ۱۵ کھلوا کر ’ھ‘ کا تعارف کروایئے۔ ’ھ‘ کی طرف سے بولے جانے والے جُملے پڑھ کر سنایئے۔ لکھے گئے حُروف پڑھایئے۔ بچّے یہ آوازیں ادا کرنے میں مشکل محسوس کرتے ہیں۔ اسی لیے دُرست ادائی کے لیے سرگرمی کروایئے۔
- ایک صفحہ اپنے مُنھ کے سامنے دونوں ہاتھوں سے پکڑ لیجیے اور ’ب‘ کی آواز نکالیے۔ پھر بچّوں کو غور سے دیکھنے کی ہدایت دیتے ہوئے مرکب حروف (بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ، رھ، ڑھ، کھ، گھ، لھ، مھ، نھ) کی آوازوں کی دُرست ادائی کیجیے۔ حرف ’ب‘ کی ادائی پر کاغذ نہیں ہلے گا جبکہ ’بھ‘ کی ادائی پر کاغذ میں ہلکی سی حرکت محسوس ہوگی۔ بچّوں کو بتایئے کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ ’بھ‘ بولتے ہوئے ہم اپنے مُنھ سے ہوا باہر نکالتے ہیں جبکہ ’ب‘ بولتے ہوئے ایسا نہیں ہوتا۔
- اب A4 کمپیوٹر پیپر کا آدھا حصّہ کاٹ کر ہر بچّے کے ہاتھ میں دیجیے اور اسے مُنھ کے قریب لے جا کر مرکب حرف ادا کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- تختۂ تحریر پر ’ھ، جھ، کھ‘ بڑا لکھ کر دکھایئے۔ دُرست بناوٹ سے لکھیے اور طلبہ کو بھی ہوا میں اشارے سے بنانے کی ہدایت دیجیے۔ کتاب کے صفحہ ۱۵ پر دیے گئے Hollow Letters حروف کے خاکوں میں لکھوایئے۔ دُرست طریقے سے لکھوانے کے لیے طلبہ کی نگرانی کیجیے۔
- ’ھ‘ کے دو حرفی ارکان کے فلیش کارڈز دکھا کر پڑھایئے جو تمام حروفِ تہجّی کے ساتھ ہوں۔
- معاون کتاب پُھول کی کہانی ’بھولے بھائی‘ پڑھ کر سنایئے۔ (تجویز)

# مرکب حروف ........... (صفحہ ۱۶۔۱۷)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- مرکّب حُروف کی آوازوں کی پہچان کر کے دُرست طریقے سے ادا کرسکیں۔
- مرکّب حُروف کے خانوں میں رنگ بھرسکیں۔
- تصاویر میں موجود اشیا کے نام کا پہلا حرف لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- مرکب حروف (موتیا صفحہ ۱۶ اور ۱۷ پر دیے گئے تمام حروف) کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر، رنگین پنسلیں/کریون
- موتیا صفحہ ۱۶۔۱۷
- معاون کتاب ’پھُول‘ کہانی ’میرا ننّھا بھائی‘ (تجویز)


## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- مرکب حروف کے فلیش کارڈز کی پڑھائی کروائیے۔
- معمّے میں مرکب حروف (بھ، جھ ........) کے خانوں میں رنگ بھریے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی میں کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### رنگ بھریے




- صفحہ ۱۶ اور ۱۷ پر دیے گئے مرکب حروف پڑھوایئے اور دُرست آواز سکھایئے۔ (دیے گئے نام مثلاً: 'بھالُو' صرف اساتذہ کے پڑھنے کے لیے ہیں۔ طلبہ صرف مرکب حروف پڑھیں اور لکھیں گے۔)
- صفحہ ۱۶ اور ۱۷ پر موجود نقطوں کی مدد سے دُرست سمت میں لکھائی کروایئے تاکہ طلبہ غلط سمت سے حرف نہ بنائیں۔
- مرکب حروف کی پہچان کے لیے جماعت میں گوشہ بنایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر مرکّب حُروف کی خُوش خطی دو بار کروایئے۔ طلبہ کے کام کے دوران دُرست بناوٹ پر نظر رکھیے۔
- معاون کتاب پُھول کی کہانی 'میرا ننھا بھائی' پڑھایئے۔ (تجویز)

# مرکّب حُروف۔ 'ا' اور 'و' کے دو حَرفی ارکان، چار اور تین حَرفی الفاظ ............ (صفحہ ۱۸)

## مقاصد


طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- مرکب حروف کو بنیادی مصوّتے 'ا' اور 'و' سے ملا کر ارکان بنا سکیں۔

- 'ا' اور 'و' کے دو حَرفی ارکان سے چار حَرفی اور تین حَرفی الفاظ بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- موتیا صفحہ ۱۸ پر دیے گئے مرکب حروف کے دو، چار اور تین حَرفی الفاظ کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۸
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۲۲ تا ۲۳ (تجویز)




### پیریڈز: ۲

### طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر مرکب حروف دُرست طریقے سے تحریر کیجیے۔ بچّوں کو آواز کی پہچان کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- فلیش کارڈز اور تختۂ تحریر کی مدد سے ارکان بنانے کا کام سمجھائیے۔
- طلبہ سے کہیے کہ وہ آپ کے ساتھ ہوا میں اشارے سے لکھیں۔
- مرکب حروف کو بنیادی مصوّتے 'ا' اور 'و' سے ملانا تختۂ تحریر پر لکھ کر سکھائیے۔
- طلبہ کو کارڈز دے کر کھڑا کروا کر چار حَرفی اور تین حَرفی الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- کتاب میں اپنی نگرانی میں لکھوائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر ان الفاظ کی خوش خطی کروائیے۔ دُرست لکھنے کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی میں کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

### حل شدہ مشق

تھوڑا، دھاگا، چھوٹا، کھولا، بھاگ، گھاس، ڈھول، کھاد، کھول، کھود

## مرکّب حُروف 'ی' اور 'ے' کے دو حَرفی ارکان اور چار حَرفی الفاظ ............ (صفحہ ۱۹)

### مقاصد


طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- مرکب حروف کو بنیادی مصوّتوں 'ی' اور 'ے' سے ملا کر ارکان بنا سکیں۔
- 'ی' اور 'ے' کے دو حرفی ارکان سے چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- مرکب حروف (موتیا صفحہ ۱۹ پر دیے گئے تمام حروف) کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۹

### پیریڈز : ۳

### طریقۂ کار




- تختۂ تحریر پر مرکب الفاظ دُرست طریقے سے لکھیے۔
- فلیش کارڈز اور تختۂ تحریر کی مدد سے دو حرفی ارکان بنانے کا کام سمجھائیے۔
- طلبہ سے کہیے کہ وہ آپ کے ساتھ ہوا میں انگلی کے اشارے سے ارکان لکھیں۔
- مرکب حروف کو بنیادی مصوّتے 'ی' اور 'ے' سے ملانا تختۂ تحریر پر لکھ کر سکھائیے۔
- موتیا صفحہ ۱۹ پر دو حَرفی ارکان بنانے کا کام کروائیے۔
- طلبہ کو کارڈز دے کر کھڑا کروا کر پڑھائی کروائیے۔ بتائیے کہ دو حَرفی ارکان سے مل کر چار حَرفی الفاظ بنتے ہیں۔
- چار حَرفی الفاظ کی خوش خطی کتاب میں کروائیے۔

## حل شدہ مشق

### ارکان ملائیے

ساتھی، بھاگے، لاٹھی، ہاتھی، چھاتے، بھولی، چھوٹی، کھولے، گوبھی، کوٹھی، گھوڑے

## جانچ ........... (صفحہ ۲۰)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- سکھائے گئے نظریات کی جانچ دُرست طریقے سے کرسکیں۔
- تصویر دیکھ کر مرکب حُروف کے تین حَرفی الفاظ بنا سکیں۔
- ایک منٹ میں کم از کم بیس اختراعی ہجوں والے یا بے معنی الفاظ پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد

- موتیا صفحہ ۲۰
- تختۂ تحریر

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- مرکب حُروف کے چار حَرفی الفاظ کا املا کروایئے۔
- صفحے کے کام کی پہلی مثال تختۂ تحریر پر سمجھا کر کام کی ہدایت دیجیے۔
- کتاب میں دی گئی تصویر دیکھ کر لفظ بنانے کی مشق پڑھوایئے۔ طلبہ سے زُبانی الفاظ مکمل کروایئے۔
- طلبہ تصویر پہچان کر دُرست مرکب حُروف کا رکن لکھ کر تین حَرفی الفاظ کتاب میں لکھیں۔
- 'پڑھیے' کی مشق سے بے معنی الفاظ پڑھوایئے۔
- مشق دہرایئے تاکہ طلبہ 1 منٹ میں بیس اختراعی الفاظ پڑھنے پر قادر ہوجائیں۔

## حل شدہ مشق

(i) گھول (ii) ہاتھ (iii) ڈھول (iv) جھاگ

# جانچ ...... (صفحہ ۲۱)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- مرکب حروف (بھاری آوازوں) کی پہچان کرسکیں۔
- مرکب حروف کو بنیادی مصوّتوں (ا، و، ی، ے) سے ملانے کی جانچ ہوسکے۔
- تصویر پہچان کر الفاظ لکھنے کی جانچ کی جاسکے۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- مرکب حروف (موتیا صفحہ ۲۱ پر دیے گئے تمام حروف) کے فلیش کارڈز
- موتیا صفحہ ۲۱
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۲۵ (تجویز)

## پیریڈ : ۱

### طریقۂ کار

- صفحے پر دیے گئے کام کی دُہرائی (اعادہ) کروا کر جانچ لیجیے۔
- طلبہ کو یہ کام خود کرنے دیجیے۔ بعد ازاں تختۂ تحریر پر دُرست لکھ کر بچّوں کو اپنا کام خود دیکھنے اور دُرست کرنے کا موقع دیجیے۔
- بچّوں کی جانچ کے نتائج اپنے ریکارڈ میں رکھیے اور جن مہارتوں میں جو بچّے کمزور ہوں انھیں مزید مشق کروائیے۔
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۲۵ پر ٹریسنگ اور لکھائی کروائیے۔ (تجویز)

### حل شدہ مشق

| | ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|---|
| بھ | بھا | بھو | بھی | بھے |
| جھ | جھا | جھو | جھی | جھے |
| دھ | دھا | دھو | دھی | دھے |
| کھ | کھا | کھو | کھی | کھے |

### لکھیے

(i) ڈھول (ii) جھاگ (iii) ہاتھی (iv) گوبھی

- بچّوں کے کمزور پہلوؤں کی اصلاح کیجیے اور مزید مشق کروائیے۔ بچّوں سے مرکب الفاظ تختۂ تحریر پر لکھوائیے اور جماعت کے سامنے حوصلہ افزائی کیجیے۔

## حُروف، الفاظ اور جُملے کی پہچان ............ (صفحہ ۲۲۔۲۳)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- حروف، الفاظ اور جملے کی پہچان کرسکیں۔
- حرف سے لفظ اور لفظ سے جملہ بننے سے متعلق جان سکیں۔
- بامعنی جملے پہچان سکیں اور بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- حروف/ الفاظ/ جملوں کے فلیش کارڈز/ پٹیاں (strips)

- حروفِ تہجّی کا چارٹ
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۲۲

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- طلبہ کو حروف، الفاظ اور جملے کا تعارف کروائیے۔ مثالوں سے ان کا فرق واضح کیجیے۔
- حروف، الفاظ کے فلیش کارڈز اور جملوں کی پٹیاں بچّوں کو دیجیے۔ ہدایت دیجیے کہ جن بچّوں کے ہاتھ میں حروف ہیں وہ اپنے کارڈ دکھائیں، ان گروپ کو بلا کر ایک جانب کھڑا کیجیے۔ پھر جن کے ہاتھ میں الفاظ ہیں انھیں بلائیے اور جن کے ہاتھ میں جملے ہیں انھیں بلائیے۔ تین الگ گروپوں میں جماعت کے بچّوں کو کھڑا کیجیے۔ اب ہدایت دیجیے کہ جو حرف بولا جائے وہ حرف رکھنے والا بچّہ اُچھل کر سامنے آئے گا۔ اسی طرح الفاظ اور جملوں کی ہدایت دیجیے۔ اس طرح آپ بچّوں کی حروف کی پہچان اور الفاظ اور جملے پڑھنے کی جانچ بھی کرسکیں گے۔
- تختۂ تحریر پر کالم بنا کر حروف، الفاظ اور جملوں کی مثالیں دیجیے۔

## مثال :

| حُروف | الفاظ | جملے |
| --- | --- | --- |
| پ | پانی | طوطے کو پانی دو۔ |
| ج | جالا | وہ جالا کالا ہے۔ |
| د | دادا | یہ دادا جان کی لاٹھی ہے۔ |
| س | سارا | مانو نے سارا کھانا کھایا۔ |

- بعد ازاں صفحے کا کام تختۂ تحریر پر ہو بہو نقل کر کے کام کا طریقہ سمجھائیے۔ کام کے دوران نگرانی کرتے ہوئے بچّوں کی مدد کیجیے۔
- صفحے کے نیچے لکھا گیا کام اسی طریقے سے کالم بنا کر کاپی میں کروائیے۔

## حل شدہ مشق

| حروف | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| پ | پانی | طوطے کو پانی دو۔ |
| ص | صاف | یہ باغ صاف ہے۔ |
| گھ | گھوڑے | گھوڑے کو کھانا دے دو۔ |
| ک | کان | مانو کے کان لال ہیں۔ |

## کاپی میں کام


ان حروف کے الفاظ اور جملے کالم بنا کر لکھوایئے۔

| حروف | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ب | بلّی | میری بلّی سو رہی ہے۔ |
| ج | جاگ | طوطا جاگ رہا ہے۔ |
| س | سات | یہ سات گھوڑے ہیں۔ |
| تھ | تھی | زارا جا رہی تھی۔ |

- رنگین پٹیوں پر لکھے جملے کاٹ کر بے ترتیب کر کے تختۂ تحریر پر چسپاں کریں۔
- صفحہ ۲۳ پر لکھے گئے جُملوں کے ٹکڑے پڑھوایئے۔
- طلبہ سے ایک مثال پوچھ کر جملے کے دُرست حصے جوڑیئے اور سامنے دی گئی خالی جگہ میں جملہ لکھیے۔ باقی تین جملے بچّوں کو خود لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جملے کے دُرست حصّے زبانی جڑوالینے سے بچّوں کے لکھنے کا کام آسان ہوجائے گا۔
- موتیا صفحہ ۲۳ کے ذیلی حاشیے میں موجود ہدایات کو شاملِ تدریس کیجیے۔
- بچّوں سے جملے با آواز بلند پڑھوایئے۔
- طلبہ کے سامنے بے معنی جملے دل چسپ انداز میں ادا کیجیے۔ طلبہ کو جملہ دُرست کرنے کی ہدایت دیں۔
- یہ صفحہ دل چسپ بنانے کے لیے چارٹ پیپر کے چھوٹے کٹ آؤٹس پر خوش  اور  اُداس چہرہ بنالیں اور تختۂ تحریر پر مثال کے جملوں کے سامنے ماسکنگ ٹیپ یا نیلے ٹیگ سے چپکائیں۔ وضاحت کے بعد کام کروایئے اور جملوں کے سامنے بنے خانوں میں بچّوں سے یہی چہرے بنوالیجیے۔
- صفحے کے نیچے دیے گئے جملے کاپی میں بنوایئے۔ بچّوں کے معیار کو دیکھتے ہوئے حکمتِ عملی اختیار کیجیے۔ ابھی بچّوں کو مشکل درپیش ہے تو تختۂ تحریر پر الفاظ لکھیے اور زبانی جملے بنوایئے۔ ایسے جملے جو بچّوں کے سیکھے گئے الفاظ پر مشتمل ہوں بچّوں سے پوچھ کر تختۂ تحریر پر واضح کر کے لکھیے۔ جملے پڑھوانے کے بعد بچّوں سے کاپی میں نقل کروایئے۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے، لکھیے



پڑھیے لکھیے

| | | |
|---|---|---|
| ہاتھی گھاس | صاف ہیں۔ | علی کے کان صاف ہیں۔ |
| یہ زارا کے | کھاتا ہے۔ | ہاتھی گھاس کھاتا ہے۔ |
| علی کے کان | دال دو۔ | یہ زارا کے موزے ہیں۔ |
| طوطے کو | موزے ہیں۔ | طوطے کو دال دو۔ |

## دُرست جملے لکھیے

| | |
|---|---|
| دو۔ کاٹ یہ گوبھی<br>یہ گوبھی کاٹ دو۔ | کھانا دے دو۔ گھوڑے کو<br>گھوڑے کو کھانے دے دو۔ |
| لال گاڑی ہے۔ میرے پاس<br>میرے پاس لال گاڑی ہے۔ | کالی ہے۔ میری ٹوپی<br>میری ٹوپی کالی ہے۔ |

## جملے بنائیے

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| طوطا | طوطا بول رہا ہے۔ |
| کھانا | زارا کھانا کھارہی ہے۔ |
| گاڑی | گاڑی لال ہے۔ |
| تارے | دو تارے چمک رہے ہیں۔ |

# مد ........... (صفحہ ۲۴)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- مد 'ٓ' کی پہچان کرسکیں اور اس کی وجہ سے الف کی آواز میں ہونے والی تبدیلی کی دُرست ادائی کرسکیں۔
- مد کے الفاظ کی خُوش خطی کرسکیں اور املا کی تیّاری کرسکیں۔

## مددگار مواد

- 'ا' اور 'ٓ' کے کٹ آؤٹس
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۲۴
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۳۰ (تجویز)

## پیریڈز : ۴


## طریقۂ کار

- 'ا' کی آواز کا اعادہ کروایئے۔ الفاظ کے شروع میں آنے والی مختصر آواز ،درمیان اور آخر میں آنے والی قدرے لمبی آواز کی وضاحت مثالوں سے کیجیے۔مثلاً :

ا (شروع میں)۔ انار، ابّو۔ ا (درمیان اور آخر میں)۔ بال، باجا

- تعارف : مد کا کٹ آؤٹ 'ٓ' (لال رنگ میں ہو تو نمایاں ہوگا) چھپا کر لایئے۔ بچّوں میں تجسس پیدا کیجیے کہ آج 'الف' سے ملنے ایک مہمان آرہا ہے وہ مہمان دوست بن کر الف کے ساتھ رہے گا تو الف کی آواز دُگنی ہوجائے گی۔ پوچھیے، کیا آپ جانتے ہیں وہ کون ہے؟ شاید کچھ بچّے یہ بتاسکیں کیونکہ کچھ بچّے گھر پر قرآنی قاعدہ پڑھنے کی وجہ سے مد کی پہچان رکھتے ہیں۔ چھپایا گیا مد 'ٓ' کا کٹ آؤٹ دل چسپ انداز میں نکال کر دکھایئے۔ تختۂ تحریر پر ایک بڑا سا الف بنایئے اور اس کے اوپر یہ کٹ آؤٹ ماسکنگ ٹیپ سے چپکایئے۔
- ایک جیسی دو پنسلیں لیجیے۔ ایک پنسل دکھایئے اور دوسری پنسل اوپر رکھ کر بتایئے کہ اس پنسل کی لمبائی دُگنی ہوگئی ہے۔ اب تختۂ تحریر پر بنائے گئے 'آ' کی طرف اشارہ کیجیے کہ اس طرح 'الف' کی آواز دُگنی ہوجاتی ہے۔

کچھ الفاظ خود بتایئے اور کچھ بچّوں سے پُوچھ کر 'آ' کے گرد لکھیے۔




- موتیا صفحہ ۲۴ کی پڑھائی کروانے کے بعد کام کروایئے۔
- 'مد' کی بناوٹ پر خصوصی توجہ دے کر دائیں سے بائیں نیچے کی طرف بنوایئے۔
- الفاظ کی ترتیب دُرست کر کے جُملے صفحے پر موجود خالی لائنوں پر نقل کروایئے۔ نگرانی کے دوران انفرادی طور پر ہر بچّے سے جملے پڑھوا کر سنیے۔

- کاپی میں کالم بنوائیے اور ایک کالم میں 'آ' کے الفاظ لکھوائیے اور دوسرے کالم میں ان کی تصاویر بنوائیے (جن کی تصاویر بن سکتی ہوں)۔
- صفحہ ۲۴ کے اختتام پر دیے گئے الفاظ کی خوش خطی کروائیے۔

## گھر کا کام

- موتیا صفحہ ۲۴ پر موجود الفاظ کی مشق کریں اور املا کی تیاری کریں۔

## حل شدہ مشق

### درست جملے لکھیے۔

i یہ آم کاٹ دو۔ ii آگ کے پاس کون ہے۔

## زبر ........... (صفحہ ۲۵)


### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بنیادی مصوّتے 'ا' (الف) اور نیم ثانوی مصوّتے 'ــَـ' (زبر) کی آوازوں میں فرق کرسکیں۔
- زبر کی وجہ سے آواز میں ہونے والی تبدیلی کی دُرست ادائی کرسکیں۔
- دیے گئے الفاظ کی خُوش خطی کرسکیں اور املا کی تیّاری کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز، زبر کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۲۵
- معاون کتاب 'پُھول' کی نظم 'علی کی حجامت' صفحہ ۳۸ (تجویز)



### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- مد کے الفاظ کا املا لیجیے۔
- نیم ثانوی مصوّتے ــَـ (زبر) کا تعارف دیجیے۔ کٹ آؤٹ دکھا کر سمجھائیے۔

وضاحت : زبر 'ــَـ' دو مصمتّوں (consonants) کو ملانے کے لیے استعمال ہونے والا نیم ثانوی مصوّتہ حرکت ہے۔

- طلبہ کو آسان الفاظ میں بتائیے کہ جس طرح دو حروف کو ملانے کے لیے 'ا و ی ے' استعمال ہوتے ہیں اسی طرح دو حروف کو ملانے کے لیے 'ــَـ' استعمال ہوتا ہے اور یہ 'ا' کی آدھی آواز دیتا ہے۔
- موتیا صفحہ ۲۵ پر دیے گئے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔
- تختۂ تحریر پر لکھ کر زبر کے الفاظ پڑھائیے۔
- موتیا صفحہ ۲۵ پر موجود جملوں کی پڑھائی کروانے کے بعد تحریری کام کروائیے۔ زبر 'ــَـ' بنانے کا دُرست طریقہ تختۂ تحریر پر بڑا لکھ کر سمجھائیے۔ بچّے سے ہوا میں بڑا زبر اشارے سے بنوائیے۔ کام کے دوران نگرانی کیجیے کہ بچّے دُرست زبر لکھ رہے ہوں۔
- صفحہ ۲۵ کے اختتام پر دیے گئے الفاظ خوش خط لکھوائیے اور گھر سے املا کی تیّاری کے لیے دیجیے۔
- معاون کتاب پھُول کی نظم 'علی کی حجامت' پڑھائیے۔ (تجویز)


## زیر ........... (صفحہ ۲۶)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- زیر 'ــِـ' کی شناخت کرسکیں۔
- اس علامت سے حروف کی آوازوں میں ہونے والی میں تبدیلی کی دُرست ادائی کرسکیں۔

### مددگار مواد



- زیر کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۲۶
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۳۹ (تجویز)

### پیریڈز: ۲

### طریقۂ کار

- زبر کے الفاظ کا املا لیجیے۔
- نیم ثانوی مصوّتے حرکت زیر 'ــِـ' کا تعارف دیجیے۔
- وضاحت: زیر 'ــِـ' دو مصمّتوں (consonants) کو ملانے کے لیے استعمال ہونے والا نیم ثانوی مصوّتہ ہے۔
- طلبہ کو سمجھانے کے لیے تختۂ تحریر پر 'ی' لکھ کر اس کی آواز پوچھیے۔ انھیں بتائیے کہ مصوّتے 'ی' (ای) کی آواز سے آدھی آواز زیر 'ــِـ' کی ہے۔ جب مصوّتہ 'ی' کسی حرف سے ملتا ہے تو لمبی آواز دیتا ہے جیسے: ج + ی = جی۔ اگر 'ی' کی جگہ زیر ہو تو چھوٹی آواز جِ ہوگی۔ جب زیر دو حروف کو ملائے گا تو چھوٹی آواز کے ساتھ ملے گا، جیسے: 'جِس'۔

- موتیا سے زیر کے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھ کر پڑھائیے۔
- موتیا صفحہ ۲۶ پر موجود جملوں کو اچھی طرح پڑھا کر لکھائی کا کام کروائیے۔ زیر بنانے کا دُرست طریقہ تختۂ تحریر پر بڑا زیر ' ــِـ ' بنا کر سمجھائیے۔ بچّے آپ کے ساتھ ہوا میں لکھیں۔ کام کے دوران نگرانی کیجیے کہ بچّے دُرست زیر ' ــِـ ' لکھ رہے ہوں۔
- صفحے کے اختتام پر دیے گئے الفاظ کاپی میں خوش خط لکھوائیے اور گھر سے املا کے الفاظ کی مشق کرنے کی ہدایت دیجیے۔

# پیش ........... (صفحہ ۲۷)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- پیش ' ــُـ ' کی شناخت کرسکیں۔
- اس علامت سے حروف کی آوازوں میں ہونے والی تبدیلی کی دُرست ادائی کرسکیں۔
- پیش کے الفاظ کی خُوش خطی اور املا کی تیّاری کرسکیں۔

## مددگار مواد



- پیش کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۲۷
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۴۰ (تجویز)
- معاون کتاب 'پھُول' کی کہانی 'بندر نہیں ناچا' صفحہ ۳۹ (تجویز)

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- زیر کے الفاظ کا املا لیجیے۔
- نیم ثانوی مصوّتہ حرکت ' ــُـ ' کا تعارف کروائیے۔ ' ــُـ ' کا کٹ آؤٹ دکھائیے۔

وضاحت: پیش ' ــُـ ' بھی نیم مصوّتہ ہے اور دو مُصمّتوں (consonants) کو ملانے کے کام آتا ہے۔

- وضاحت کے لیے تختۂ تحریر پر لال رنگ کے پیش ' ــُـ ' کا کٹ آؤٹ لگائیے۔
- مختلف حروف لکھ کر چپکائیں یا تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے اور ان کی آوازیں پڑھوائیے۔

پہلی مثال دم کی دیجیے، اس پر زبر کا کٹ آؤٹ چپکائیے یا چاک سے ہی زبر لگا کر پڑھوائیے: دَم۔ اس کے بعد زیر چپکائیے یا چاک سے بنائیے: دِم۔ اب پیش چپکائیے: دُم۔ اسی طرح گَن، گِن اور گُن کی مثال بھی دیجیے۔ یوں زبر اور زیر کا اعادہ بھی ہوگا اور بچّے پیش کی آواز بھی سمجھ جائیں گے۔

- موتیا سے پیش کے الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھائیے۔
- موتیا میں کام سے پہلے صفحے پر موجود جملوں کی پڑھائی اچھی طرح کروائیے۔

تختۂ تحریر پر بڑا پیش بنا کر دُرست طریقۂ کار واضح کیجیے۔ بچّوں کو ہوا میں پیش بنانے کی ہدایت دیں۔ کام کے دوران دُرست بناوٹ کی نگرانی کیجیے۔

- صفحے کے اختتام پر دیے گئے الفاظ کاپی میں خوش خط لکھوائیے۔ املا کی تیّاری کے لیے دے کر اگلے دن املا کروائیے۔
- معاون کتاب پھُول کی نظم 'چوچو چاچا' پڑھائیے۔ (تجویز)

# زیر، زبر، پیش ........... (صفحہ ۲۸)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- حَرکات کی علامات (زیر، زبر، پیش) کے درمیان تمیز کرسکیں۔
- نیم ثانوی مصوّتوں اعراب (زیر، زبر، پیش) کا تلفّظ پہچان سکیں۔
- زبر ، زیر ، پیش سے بننے والے ارکان کو ملا کر الفاظ بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۲۸
- اُردُو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۴۱ (تجویز)
- معاون کتاب 'پھُول' کی نظم 'ڈُھم ٹِپ، کُٹ' صفحہ ۴۳ (تجویز)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- پیش کے الفاظ کا املا لیجیے۔
- طلبہ کو اعراب کی تینوں علامات کا اعادہ کروائیے۔ کٹ آؤٹ دکھا کر پہچان کروائیے اور ہر علامت کی آواز پوچھیے۔
- زبر 'ـَ' ، زیر 'ـِ' اور پیش 'ـُ' دُرست جگہ پر لگا کر ارکان کی مدد سے الفاظ بنانے کی مشق کروائیے۔
- جملے دُرست تلفّظ سے پڑھنے کی مشق کروائیے اور کتاب میں لکھوائیے۔
- صفحہ ۲۸ کے اختتام پر دیے گئے الفاظ کی کاپی میں خوش خطی کروائیے۔
- معاون کتاب پھُول کی نظم 'ڈُھم ٹِپ کُٹ' پڑھائیے۔ (تجویز)

# ’ی‘ کی درمیانی شکل ........... (صفحہ ۲۹)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بنیادی مصوّتے ’ی‘ کی درمیانی شکل کے تین حَرفی الفاظ کی شناخت کرسکیں۔
- ’ی‘ کی درمیانی شکل کے تین حَرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔
- ’ی‘ اور زیر ’ــِـ‘ کی آواز کا فرق پہچان سکیں۔
- ’ی‘ کی درمیانی شکل کے تین حَرفی الفاظ کے حُروف الگ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۲۹
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۴۸ (تجویز)
- معاون کتاب ’پُھول‘ کی کہانی ’کینو کا بیج‘ صفحہ ۵۴ (تجویز)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- بنیادی مصوّتے ’ی‘ کی درمیانی شکل کا تعارف دل چسپ انداز میں دیجیے۔ ’ی‘ بطور کردار ایک کٹ آؤٹ دکھایئے۔

وضاحت : ’ی‘ دو حروف کے درمیان میں آنے کی صورت میں اپنا ایک چھوٹا سا دندانہ بناتی ہے۔ ـیـ اس دندانے کے نیچے دو نقطے بھی لگائے جاتے ہیں تاکہ یہ ’ب‘ کے خاندان کے حروف کے دندانوں سے مختلف رہے۔ یاد رہے کہ دو حروف کے درمیان ملنے کی صورت میں (آخری حروف کے ساتھ ملنے میں نیچے آنا ہو) اس کا دندانہ ’ب‘ کے دندانے کی طرح نہیں رہتا بلکہ ’ہ‘ کی آخری شکل سے ملتا جلتا ہوجاتا ہے، ـیہ ۔

مثلاً : نیم ۔ پیر ✓ نِیم ۔ پِیر ×

نوٹ : ’ی‘ کی درمیانی شکل سکھاتے ہوئے مناسب ہے کہ اس کے ساتھ زیر بھی لگایا جائے تاکہ آگے چل کر ’ے‘ اور ’ی‘ میں تمیز کرنا آسان ہو۔

- ’ی‘ کی درمیانی شکل کے الفاظ تختۂ تحریر پر خُوش خط لکھ کر پڑھایئے۔
- ’ملایئے ‘ کی مشق کے ذریعے الفاظ بنانا سکھایئے۔ کتاب میں کام کروایئے۔
- الگ کیجیے کی مشق میں الفاظ کے حروف الگ کروایئے۔ کتاب میں کام کروایئے۔
- ’دو دو بار خوش خط لکھیے اور حروف الگ کیجیے‘ یہ کام کاپی میں کروایئے۔

- ان الفاظ میں سے کوئی سے تین/ چار الفاظ کا املا بھی لیجیے۔

## حل شدہ مشق

### الگ کیجیے (کتاب کا کام)

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تین | ت | ی | ن | پیر | پ | ی | ر | چیخ | چ | ی | خ |
| جھیل | جھ | ی | ل | چیز | چ | ی | ز | | | | |

### الگ کیجیے (کاپی کا کام)

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چین | چ | ی | ن | بیج | ب | ی | ج | بین | ب | ی | ن |
| کھیر | کھ | ی | ر | چیل | چ | ی | ل | پیس | پ | ی | س |
| کیل | ک | ی | ل | | | | | | | | |

## 'ے' کی درمیانی شکل ........... (صفحہ ۳۰)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بنیادی مصوّتے 'ے' کی درمیانی شکل کی شناخت کرسکیں۔
- 'ے' کی درمیانی شکل کے تین حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- 'ے' کی درمیانی شکل کے تین حَرفی الفاظ کے حُروف الگ کرسکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳۰ اور فرہنگ
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۵۰ (تجویز)
- معاون کتاب 'پھُول' کی کہانی 'کُوکُو انجن' صفحہ ۶۰ (تجویز)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- 'ے' کی آواز کا اعادہ کروائیں۔مثالیں دیجیے۔ بعد ازاں 'ے' کی درمیانی شکل کا تعارف دل چسپ انداز میں مثالوں کے ذریعے دیجیے۔
وضاحت : 'ی' کی طرح 'ے' بھی دو حروف کے درمیان آنے پر دندانے کی شکل اختیار کرتے ہوئے اور اپنے نیچے دو نقطے لگاتی ہے۔
ـیـ اس دندانے کے نیچے دو نقطے بھی لگائے جاتے ہیں تاکہ یہ 'ب' کے خاندان کے حروف کے دندانوں سے مختلف رہے۔ یاد رہے کہ دو حروف کے درمیان ملنے کی صورت میں (آخری حروف کے ساتھ ملنے میں نیچے آنا ہو) اس کا دندانہ 'ب' کے دندانے کی طرح نہیں رہتا بلکہ 'ہ' کی آخری شکل سے ملتا جلتا ہوجاتا ہے' ﮯ )۔
- صرف الفاظ کے تلفّظ اور آواز سے ہی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اس لفظ میں کون سا مصوّتہ (ی یا ے) استعمال کیا گیا ہے۔
- تختۂ تحریر پر لکھ کر وضاحت کیجیے کہ نیچے آنے کی صورت میں ایک شوشہ گر جاتا ہے مثلاً تیز ، شیر، میز۔ (ان الفاظ کو ایسے لکھنا غلط ہوتا ہے تیز ، شیر ، میز ، بیچ ، سیم ، گیم )
- الفاظ پڑھائیے۔
- مشق 'ملائیے' تختۂ تحریر پر تمام امثال ہوبہو لکھ کر سمجھائیے ۔ یہ بناوٹ بچّوں کے لیے مشکل ہوتی ہے اس لیے بڑا اور واضح لکھا جائے اور بچّوں کو ہدایت دی جائے کہ وہ آپ کے ساتھ ہوا میں لکھیں۔
- کتاب میں خُوش خط لکھوائیے۔ دیے گئے ہلکے رنگ کے الفاظ پر پنسل پھیرنے کے بعد طلبہ خود لال لکیر پر دُرست بناوٹ سے لکھیں۔ نگرانی، مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- صفحہ ۳۰ پر موجود الگ کیجیے کی مشق تختۂ تحریر پر ہوبہو لکھ کر سمجھائیے اور پڑھائیے۔
- پہلا لفظ تختۂ تحریر پر الگ کرکے دکھائیے۔باقی کام طلبہ کو خود کرنے کا موقع دیجیے۔
- طلبہ کی رہنمائی، مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- صفحہ کے اختتام پر دیے گئے الفاظ کاپی میں دو دو بار خُوش خط لکھوائیے اور اُن کے حُروف الگ کروائیے۔

## حل شدہ مشق

### حروف الگ کیجیے (کتاب کا کام)

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ریت | ر | ے | ت | میز | م | ے | ز | سیب | س | ے | ب |
| کھیت | کھ | ے | ت | شیر | ش | ے | ر | دیکھ | د | ے | کھ |

## حروف الگ کیجیے (کاپی کا کام)

تیز ت ے ز بیر ب ے ر دیر د ے ر
پیچ پ ے چ نیک ن ے ک تیل ت ے ل
دیگ د ے گ

# 'ی' اور 'ے' کی درمیانی شکل کے الفاظ ........... (صفحہ ۳۱)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- سکھائے گئے الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ی' اور 'ے' کی درمیانی شکل کے الفاظ کو 'ا و ی ے' کے ساتھ ملا کر چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔
- 'ی' اور 'ے' کی کے چار حَرفی (دو رکنی) الفاظ کا املا کرسکیں۔
- 'ا' کو 'ی' اور 'ے' سے تبدیل کر کے نئے الفاظ بنا سکیں۔
- سکھائے گئے الفاظ کے حُروف الگ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳۱
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۵۱ (تجویز)

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر چند امثال سے 'ی' اور 'ے' کی درمیانی آواز کا اعادہ کروایئے۔ تمام بچّوں سے الفاظ پڑھوایئے۔
- تختۂ تحریر پر چند امثال سمجھایئے۔ بچّوں کو اس کام میں خصوصی مدد درکار ہوگی۔ کوشش کیجیے کہ تمام بچّے سب الفاظ پڑھیں۔
- کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر سمجھانے کے بعد کتاب میں کام کروایئے۔

## ملائیے اور پڑھیے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نِ | ل | نِیل | نِ | لا | نِیلا | نِ | لو | نِیلو |
| سِی | کھ | سِیکھ | سِی | کھا | سِیکھا | سِی | کھو | سِیکھو |
| کھے | ل | کھیل | کھے | لا | کھیلا | کھے | لو | کھیلو |
| پِی | لا | پِیلا | پِی | لی | پِیلی | پِی | لے | پِیلے |
| مِی | ٹھا | مِیٹھا | مِی | ٹھی | مِیٹھی | مِی | ٹھے | مِیٹھے |
| مے | را | میرا | مے | ری | میری | مے | رے | میرے |

- دیے گئے الفاظ کی املا کی تیّاری کا کام گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔
- اگلے دن جماعت میں املا کروائیے۔
- 'ا' کی جگہ 'ی' اور 'ے' لگانے کا کام سکھائیے اور کام کاپی میں کروائیے۔
- لفظ کے آخر میں 'ا' کی جگہ 'ی' اور 'ے' لگوائیے۔

| ا | ی | ے |
|---|---|---|
| نِیلا | نِیلی | نِیلے |
| پِیلا | پِیلی | پِیلے |
| کالا | کالی | کالے |
| ہرا | ہری | ہرے |

- حروف الگ کیجیے کی مشق کاپی میں کروائیے۔

سیکھ = س ی کھ      گیلا = گ ی ل ا

کھیلے = کھ ے ل ے      میرے = م ے ر ے

- تختۂ تحریر پر نئی مثالوں سے مشق کروائیے۔ دُرست جواب پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- طلبہ سے جماعت میں موجود 'ی' اور 'ے' کی درمیانی شکل والے الفاظ کی فہرست تختۂ تحریر پر بنوائیں۔

# حل شدہ مشق

نوٹ : طریقۂ کار میں تمام حل شدہ مشقیں موجود ہیں۔

# جانچ ........... (صفحہ ۳۲)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- سکھائی گئی مہارتوں کا کام جانچ کے لیے دُرست طریقے سے کرسکیں۔
- 'ی' اور 'ے' کی درمیانی شکل کے الفاظ چُن کر لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳۲

## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر صفحے کا کام لکھ کر سمجھائیے اور پھر طلبہ کی جانچ لیجیے۔
- خالی جگہ کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر پڑھوائیے۔ ایک مثال سمجھا کے بعد باقی کام بچّوں سے خود کرنے کی ہدایت دیجیے۔ کام کی نگرانی کے دوران اُن کی مدد کیجیے۔ بعد ازاں تختۂ تحریر پر دُرست الفاظ خالی جگہ میں لکھ کر طلبہ کو اُن کے کام کی خود اصلاح کروائیے۔
- کاپی میں جملوں کو نقل کروا کر بچّوں کو جملے لکھنے کی مزید مشق کروائیے۔
- صفحے کے دوسرے حصّے کا کام بھی پہلے حصّے کی طرح ہی کروائیے۔
- جانچ کے بعد اپنے ریکارڈ میں ہر بچّے کے نتائج لکھیے تاکہ بچّوں کو جس کام میں مزید مشق کی ضرورت ہو وہ وہاں مدد کرواسکیں۔
- جن طلبہ کو دشواری کا سامنا ہو، ان کو اضافی وقت دے کر مدد کیجیے۔

# حل شدہ مشق

'ی' کی درمیانی شکل کے الفاظ

i چِیل ii ٹِھیک iii پِیر

'ے' کی درمیانی شکل کے الفاظ

i میز ii کھیت iii ریل

# واؤ معروف ........... (صفحہ ۳۳)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ثانوی مصوّتے 'ُو' معروف کی شناخت کرسکیں۔
- اس آواز کے الفاظ دُرست ادائی سے پڑھ سکیں۔
- جملے دُرست ترتیب سے لکھ سکیں۔
- 'ُو' کے الفاظ کی فہرست بنا کر تین الفاظ جُملوں میں استعمال کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳۳
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۴۵ (تجویز)
- معاون کتاب 'پھُول' کی نظم 'چُوہا چلا اسکول' صفحہ ۴۴ (تجویز)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر 'ُو' لکھ کر اس کی آواز پوچھیے اور بتایئے کہ اس کی آواز 'ا و' (انگریزی حرف 'O' جیسی) ہے۔ واضح کیجیے کہ 'ُو' سے پہلے والے حرف پر پیش کی علامت اس کی آواز کو لمبا کر دیتی ہے اور 'اُو' بن جاتی ہے۔ بطور مثال فلیش کارڈز دکھایئے۔
- 'ُو' کی آواز کی مشق کروایئے۔
- الفاظ کی فہرست تختۂ تحریر پر لکھ کر موتیا صفحہ ۳۳ سے پڑھایئے۔
- بعد ازاں صفحے پر دیے گئے الفاظ خُوش خط کاپی میں لکھوایئے۔جن الفاظ کی تصاویر بنانا ممکن ہوں (جیسے پھُول) انھیں بنانے کی ہدایت دیں۔
- 'ُو' کی آواز سکھانے کے دوران بچّوں سے ایسی چیزیں منگوا کر یا بنوا کر جماعت میں ایک گوشہ نمائش بنا کر رکھیے جن کے نام میں 'ُو' موجود ہو۔مثلاً: جھاڑُو، چُوڑی، چُولھا، پھُول (اصلی بھی منگوائے یا لائے جاسکتے ہیں)
- بچّوں سے پوچھیے کہ پچھلی جماعت میں کیا پڑھا تھا؟ 'ُو' معروف والے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھا کر پڑھائی کروایئے۔ الفاظ کی ادائی پر توجہ دیجیے۔
- موتیا صفحہ ۳۳ کی مشق میں دیے گئے جملے دُرست طریقہ سے لکھنے کا طریقہ سمجھایئے۔
- زبانی جملے بنوا کر ایک جملہ بطور مثال تختۂ تحریر پر لکھا رہنے دیجیے۔


OXFORD UNIVERSITY PRESS

- بچّوں سے خود جملے بنانے کے لیے کہیے۔ بہتر ہوگا کہ بچّے الگ کاغذ پر جملے بنائیں اور اصلاح کے بعد کاپی میں نقل کریں۔
- 'وُ' کے الفاظ کی فہرست بنوانے کے بعد ان ہی الفاظ کے جملے بھی بنوائیے۔ طلبہ کی رہنمائی، مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- ذیلی حاشیے میں دیے گئے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے۔

# واوِ لین ........... (صفحہ ۳۴)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ثانوی مصوّتے 'و' لین کی شناخت کرسکیں۔
- اس آواز کی دُرست ادائی سے الفاظ پڑھ سکیں۔
- جملے دُرست کر کے لکھ سکیں۔
- سادہ جُملے دُرست ترتیب سے لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳۴

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر 'و' لکھیے، اس کی آواز پوچھیے اور بتائیے کہ اس کی آواز 'او' (انگریزی حرف 'O' جیسی) ہے۔ واضح کیجیے کہ 'و' سے پہلے والے حرف پر زبر کی علامت آنے سے اس کی آواز پھیل جاتی ہے اور وہ 'وَ' کے طور پر بولا جاتا ہے مثلاً: اَور، شَوق۔
- فلیش کارڈز پر لکھے الفاظ دکھائیے۔ 'وَ' کی آواز کی مشق کروائیے۔
- الفاظ کی فہرست تختۂ تحریر پر لکھ کر اور موتیا صفحہ ۳۴ سے پڑھائیے۔
- بعد ازاں صفحے پر دیے گئے الفاظ خوش خط کاپی میں لکھیے۔جن الفاظ کی تصویر بنانا ممکن ہو (جیسے پَودا، نَو) وہاں تصاویر بنوائیے۔
- موتیا صفحہ ۳۴ کی مشق میں دیے گئے جملے دُرست ترتیب سے لکھنے کا طریقہ سمجھائیے۔
- زبانی جملے بنوا کر بطور مثال ایک جملہ تختۂ تحریر پر لکھا رہنے دیجیے۔
- بچّوں کو خود جملے دُرست دے کر لکھنے کی ہدایت دیں۔
- 'وَ' کے الفاظ کی فہرست بنوائیے۔ تین الفاظ کے جملے بنوائیے۔ طلبہ کی رہنمائی، مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- ذیلی حاشیے میں دیے گئے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے اور طلبہ سے 'وَ' والے الفاظ الگ کروائیے۔ کاپی میں بھی کام کروائیے۔

# یائے لین ........... (صفحہ ۳۵)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ثانوی مصوّتے 'یائے لین' کی شناخت کرسکیں۔
- یائے لین کی آواز کے الفاظ کو دُرست ادائی سے پڑھ سکیں۔
- سادہ جملے دُرست ترتیب سے لکھ سکیں۔
- 'ـَے' کے الفاظ کی فہرست بنا کر کوئی سے تین الفاظ اپنے جُملوں میں استعمال کرسکیں۔

## مدد گار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳۵

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر 'ـَے' لکھیے، اس کی آواز پوچھیے اور بتایئے کہ 'ـَے' سے پہلے والے حرف پہ زبر (ـَ) لگنے کی صورت میں اس کی آواز پھیل جاتی ہے۔
- بطورمثال 'ـَے' کے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھایئے۔
- 'ـَے' کی آواز کی مشق کروایئے۔
- الفاظ کی فہرست موتیا صفحہ ۳۵ سے پڑھایئے۔
- بعد ازاں صفحے پر دیے گئے الفاظ کی خوش خطی کاپی میں کروایئے۔جن الفاظ کے ساتھ تصویر بنانا ممکن ہوں (پَیسا، تَھیلا)وہاں تصویر بنوایئے۔
- ذیلی حاشیے کی ہدایات کے مطابق مزید ذخیرۂ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- موتیا صفحہ ۳۵ کی مشق میں دیے گئے جملے دُرست ترتیب سے لکھنے کا طریقہ سمجھایئے۔
- زبانی جملے بنوا کر بطورمثال ایک جملہ تختۂ تحریر پر لکھا رہنے دیجیے۔
- بچّوں کو جملے دُرست دے کر تحریر کرنے کی ہدایت دیجیے۔ طلبہ یہ کام خود کریں۔
- 'ـَے' کے الفاظ کی فہرست بنوا کر تین الفاظ کے جملے کاپی میں لکھوایئے۔
- بچّوں کے بنائے ہوئے جملے سنیے۔ اصلاح اور حوصلہ افزائی کیجیے۔


# مصوّتے بہ طور مصمّتے ........... (صفحہ ۳۶)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- چاروں بنیادی مصوّتوں کی بطور مصمّتے (consonants) آواز سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد




- ’ا و ی ے‘ کے کٹ آؤٹ (پنسلوں پر ماسکنگ ٹیپ سے لگا لیجیے)
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳۶

## پیریڈ : ا

## طریقۂ کار

- تمام مصوّتوں ’ا و ی ے‘ کی آوازوں کا اعادہ کروانے کے بعد ان کی شروع کی آوازوں کی مشق کروائیے۔ ا ، و ، ی ، ے کے کٹ آؤٹ دکھا کر آواز پوچھیے اور ان سے شروع ہونے والے الفاظ بتانے کی ہدایت دیجیے۔
- مصوّتوں کی آوازیں دُہرائیے۔ کچھ مثالیں جیسے بال، بول، باجی، باجے تختۂ تحریر پر لکھ کر وضاحت کیجیے کہ یہ حرف جب مصوّتے کے طور پر آتے ہیں تو حروف ملانے کا کام کرتے ہیں لیکن جب یہ حروف مصمّتے (consonants) کے طور پر استعمال ہوتے ہیں تو ان کی اپنی مختلف آوازیں ہوتی ہیں، جیسے ا۔ ابّو، و۔ وقت۔
- مصوّتے کے طور پر ’ی‘ اور ’ے‘ کی آواز الگ ہوتی ہے مگر مصمّتے کے طور پر ایک ہی ہوتی ہے ، جیسے ی ے ۔ یکّہ ، یاد۔
- موتیا کا صفحہ پڑھوانے کے بعد صفحے کے آخر میں دیا گیا مشق کا کام کاپی میں کروائیے۔
- بچّوں سے ’ا و ی ے‘ کے تصویری کتابچے بنوا کر ان میں تصاویر بنوائیے۔




# ہمزہ ........... (صفحہ ۳۷)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ء‘ کے الفاظ بنا کر ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ میں اضافے سے تحریری استعداد بڑھا سکیں۔


## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- 'ء' کا کٹ آؤٹ
- موتیا صفحہ ۳۷
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۳۱ (تجویز)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- 'ء' کا استعمال بتائیے۔ ہمزہ 'ء' کی علامت الف کے متبادل کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ یہ دو مصوّتوں کے درمیان آنے کی صورت میں آوازوں کے جھٹکے سے بچاتی ہے۔مثلاً: 'آؤ'۔ 'آ' اور 'و' کی آوازوں کو نرمی سے ادا کرنے کے لیے ہمزہ پُل کا کام کرتا ہے۔ اس طرح دونوں آوازیں ملی ہوئی بولی جاتی ہیں۔
- تختۂ تحریر پر ہمزہ 'ء' کے بغیر الفاظ لکھیے اور بتائیے کہ 'ء' اُڑ کر ان حروف کے درمیان میں اوپر آ گیا اور ان کی آوازیں مل گئیں۔
- ہمزہ کے الفاظ پڑھانے کے بعد موتیا صفحہ ۳۷ میں کام کروائیے۔ صفحے کی پڑھائی بہت اچھے طریقے سے کروانے کے بعد تحریری کام کروایا جائے۔
- 'ء' پر پنسل پھروائیے۔
- 'ء' کے ساتھ ارکان/حروف ملا کر الفاظ بنوائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر یہ الفاظ لکھوائیے اور املا کے لیے تیاری کی ہدایت دیجیے۔
- لکھوائے گئے الفاظ کی بلند خوانی کروائیے۔ املا کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی میں کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔




## حل شدہ مشق

آؤ، جاؤ، کھاؤ، نائی، کھائی، سوئی، کئی، نئی، مئی، لائے، روئے، نئے

## ........... (صفحہ ۳۸)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- زیر، زبر اور پیش کے ارکان کی 'و، ی، ے' اور ء کے ساتھ الفاظ سازی کرسکیں۔
- امر اور نہی کے جملوں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کو ملا کر ارکان اور ارکان کو ملا کر الفاظ پڑھ سکیں۔

- حرکات (زبر، زیر ) کی تبدیلی سے الفاظ کو دُرست تلفّظ سے پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳۸

## پیریڈ: ۱

## طریقہ کار

- طلبہ کو 'ء' کی مختلف آوازوں کا فرق سمجھائیے۔
- طلبہ کو آوازوں کا فرق سمجھا کر تحریری کام کروائیے۔
- الفاظ سازی کروائیے۔ الفاظ کی دُرست بناوٹ سکھائیے۔
- پڑھیے لکھیے کی مشق کروائیے۔ بتائیے، "فعلِ امر" کا مطلب کسی کام کا حکم دینا اور "فعلِ نہی" کا مطلب کسی کام سے روکنا یا منع کرنا ہے، مثلاً: باتیں نہ کرو، جھوٹ نہ بولو۔ اس وضاحت کے بعد کام کرنے کی ہدایت (امر) پر ✓ اور کام نہ کرنے کی ہدایت پر ✗ کا نشان لگوائیے۔

## حل شدہ مشق

### الفاظ بنائیے

سکھاؤ، سکھائی، سکھائے، بجاؤ، بجائی، بجائے، لگاؤ، لگائی، لگائے

### پڑھیے لکھیے

i ✓ ii ✗ iii ✗ iv ✓ v ✓ vi ✗ vii ✗ viii ✓

تفہیم

## علامتیں اور اِعراب

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لاؤ | گِن | کوئی | کِس | آج | پَر | لائی | چائے |
| بِلّی | آگ | دِن | مکّھی | پُل | رَس | آٹا | دِل |
| اچّھا | چُپ | ہَم | سُن | آدھا | امّی | گَل | تُم |

لکھیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ـآ | ءِ | ـَ | ـِ | وُ | ـّ |
| آج | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |

☆ درجِ ذیل الفاظ کے جُملے بنایئے۔ آج، لائے، دِن، گَل، تُم (کاپی میں کروایئے)

- تحریری کام سمجھانے کے بعد طلبہ کو خود کرنے دیجیے۔
- کام کے دوران نگرانی کیجیے۔
- طلبہ سے پوچھیے کہ جانچ کا کام ان کو کیسا لگا؟ (مشکل/ آسان)
- جن طلبہ کو مشکل در پیش ہو، ان کو انفرادی توجہ دیجیے۔

## حل شدہ مشق

### لکھیے

| ـےـ | ـعـ | ـَـ | ـِـ | ـُـ | ـّـ |
|---|---|---|---|---|---|
| آج<br>آگ<br>آٹا<br>آدھا | لاؤ<br>کوئی<br>لائی<br>چائے | پَر<br>رَس<br>ہَم<br>گَل | گِن<br>کِس<br>دِن<br>دِل | پُل<br>چُپ<br>سُن<br>تُم | اچّھا<br>امّی<br>مکّھی<br>بلّی |

## تشدید ........... (صفحہ ۳۹)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- تشدید ' ـّـ 'کا مقصد اور آواز کی شناخت کرسکیں۔
- تشدید کا ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں اور جملوں میں استعمال کرسکیں۔
- تشدید والے الفاظ بناسکیں۔
- تشدید والے الفاظ کے ارکان الگ کرسکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- کٹ آؤٹ
- موتیا صفحہ ۳۹
- فلیش کارڈز
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۵۶ (تجویز)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- تشدید کی وضاحت کیجیے۔ کسی لفظ میں آنے والے وہ حروف جو دوبار بولے جائیں (جن پر زور دیا جائے) انھیں ایک بار لکھ کر اُن پر تشدید کی علامت لگائی جاتی ہے۔مثلاً : ب ل ل ی = بلّی ۔ مزید امثال کی تختۂ تحریر کے ذریعے وضاحت کیجیے۔ یہ بھی بتایئے کہ اگر ہم تشدید استعمال نہ کریں تو ہمیں 'بلّی' کو 'بللی' اور 'مکّھی' کو 'مکھکھی' لکھنا پڑے گا۔
- مشق کے الفاظ کی فلیش کارڈز سے بصری پڑھائی کروایئے۔ 'ـّـ' کا کٹ آؤٹ دکھایئے۔
- موتیا کے صفحے میں موجود الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔
- صفحے کا کام پڑھوایئے۔ تشدید کی علامت دُرست طریقے سے تختۂ تحریر پر بڑی تشدید لکھ کر سکھایئے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کا کام ہوبہو لکھ کر سمجھایئے۔
- پہلی بار بچّے خود لکھنے میں مشکل محسوس کریں گے تاہم خود کام کرنے کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- تشدید درست بناوٹ سے لکھنا سکھایئے۔
- 'ملایئے' کی مشق سے الفاظ بنانے کا کام کروایئے۔
- الگ کیجیے کی مشق سے ارکان الگ کرنا سکھایئے اور کام کروایئے۔
- کاپی میں تشدید 'ـّـ' کے الفاظ کی فہرست بنوایئے۔
- جملے بنانے کا کام بتائے گئے طریقے سے کاپی میں کروایئے۔
- طلبہ کے بنائے ہوئے جملے سنیے۔ اصلاح اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- حمد کے خاص الفاظ کی بصری پڑھائی کروایئے۔

## حل شدہ مشق

### ارکان الگ کیجیے

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چھٹّی | چھٹ | ٹی | بچّہ | بچ | چہ | مکھی | مکھ | کھی |
| مچھر | مچھ | چھر | امّی | اَم | می | | | |

# جانچ: جائزہ برائے پہلی سہ ماہی

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- سکھائی گئی مہارتوں کا کام (جانچ) دُرست طریقے سے کرسکیں۔

## مددگار مواد

- کاپی
- تختۂ تحریر

## پیریڈ : ۱


## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز اور تختۂ تحریر پر اعراب (زیر، زبر، پیش) اور علامتوں کا اعادہ کروائیے تاکہ طلبہ جانچ کا کام اچھے طریقے سے کرسکیں۔
- طلبہ کو کاپی کھولنے کی ہدایت دیجیے۔
- تختۂ تحریر پر دیا گیا کام سمجھائیے۔

# جائزہ برائے پہلی سہ ماہی


۱۔ اپنے بارے میں تین باتیں بتائیے۔


۲۔ ان تصاویر کے ناموں کی شروع کی آواز کے حُروف لکھیے۔



چ







۳۔ شرارتی حُروف کے دائروں میں رنگ بھریے۔

و ہ د ا

ر ڑ ص ژ

ذ ج ز ڈ



OXFORD UNIVERSITY PRESS

۴۔ دو حَرفی ارکان بنائیے۔

| | ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|---|
| ب | با | بو | بی | بے |
| ج | | | | |
| د | | | | |
| بھ | | | | |

۵۔ چار حَرفی الفاظ بنائیے۔

با

| | |
|---|---|
| با | بابا |
| نو | |
| جی | |
| جے | |

| | | |
|---|---|---|
| ڈالا | لا | ڈا |
| | لو | |
| | لی | |
| | لے | |

| | | |
|---|---|---|
| بھاگا | گا | بھا |
| | لُو | |
| | گو | |
| | ری | |

۶۔ تین حَرفی الفاظ بنائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب | ا | ل | |
| ب | و | ل | |
| چھ | ا | ن | |
| چھ | و | ڑ | |

۷۔ دُرست لفظ پر دائرے بنائیے۔

**واؤ معروف 'ُو'**

چُوہا　　کھولا　　پُوری　　بولے　　پُوچھا

**واؤ لِین 'َو'**

پَودا　　خون　　شَوق　　چھوڑا　　دَوڑ

**یائے لِین 'َے'**

پَیدا　　پِیر　　پَیر　　بَیل　　چِیل

## ۸۔ الفاظ چُن کر دُرست علامت کے نیچے لکھیے۔

| | | |
|---|---|---|
| جاؤ | آٹا | امّی |
| آم | لائے | مکّھی |

| مد (~) | ہمزہ (ء) | تشدید (ّ) |
|---|---|---|
| | | |
| | | |

# سبق ۱: حمد ........... (صفحہ ۴۰ تا ۴۳)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- آہنگ اور لے کے حوالے سے سادہ مصرعے، اشعار اور نظمیں سن کر پسند بتا سکیں۔
- فہرست اور عنوانات دیکھ کر سبق تلاش کرسکیں۔
- حمد کی پڑھائی کرسکیں۔
- اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزوں کے نام بتا سکیں۔
- خاص الفاظ کو پہچان سکیں۔
- حمد کے معنیٰ سمجھ سکیں۔
- خاص الفاظ کے معانی کا فہم حاصل کرسکیں اور جُملوں میں استعمال کرسکیں۔
- حمد کے اشعار کی مدد سے خالی جگہ پر کرسکیں۔
- حمد کے اشعار کی خوش خطی کرسکیں۔
- حمد کی پڑھائی کے ذریعے سوالوں کے جواب لکھ سکیں۔
- الفاظ کے شروع اور آخر کی آواز لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۴۰۔۴۳
- حمد کے الفاظ کے فلیش کارڈز

## پیریڈز : ۶

## طریقۂ کار

- فہرست کھلوا کر دوسری سہ ماہی کے عنوانات پڑھ کر سنایئے۔ حمد کا صفحہ نمبر پڑھ کر صفحہ کھولنے کا طریقہ متعارف کروایئے۔
- طلبہ کو صفحہ دیکھنے کا موقع دیں تاکہ وہ بصری پڑھائی کے ذریعے سیکھے گئے الفاظ پہچان سکیں۔
- حمد کے معنیٰ بتایئے (ایسی نظم جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جاتی ہے)۔ طلبہ سے پوچھیے کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کی تعریف کیوں بیان کرنی چاہیے۔ (اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کے لیے)
- سنیے اور پڑھیے کی مشق کے ذریعے حمد کی پڑھائی کروایئے۔ پہلے خود ترنم کے ساتھ بلند خوانی کیجیے۔
- طلبہ کو اپنے ساتھ ترنم سے دہرانے اور ہاتھوں سے اشارے کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- صفحہ ۴۰ پہ موجود زبانی سوالات پر تبادلۂ خیال کروایئے۔ طلبہ کو گفتگو کرنے کا موقع دیجیے۔

## دوسری سہ ماہی

- طلبہ سے گفتگو کے دوران بتائیے کہ ایک روز قبل پڑھی جانے والی حمد کا ایک شعر ہر طالبِ علم کو جماعت میں پڑھنا ہے۔
- دوران پڑھائی طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔کوئی بچّہ پڑھتے ہوئے گھبرائے یا اسے کوئی لفظ پڑھنے میں مشکل ہو تو اس کی پڑھائی میں مدد کے ساتھ ساتھ حوصلہ افزائی کیجیے۔
- پڑھائی مکمل ہونے کے بعد حمد کے خاص الفاظ تختۂ تحریر پر لکھ کر ان کے معانی سمجھائیے۔
- حمد کے بارے میں بچّوں کے تاثرات لیں (نظم کیسی لگی؟ کیا سیکھا؟ اللہ تعالیٰ کی تخلیقات کے بارے میں تبادلۂ خیال کریں)
- بچّوں کو معروضی سوالات کا تعارف کروائیے۔
- سوال نمبر ۱ تختۂ تحریر پر لکھ کر تبادلۂ خیال کے بعد حل کروائیے۔
(بچّوں کے لیے سوالات حل کرنے کا پہلا تجربہ ہوگا لہٰذا تمام کام تختۂ تحریر پر لکھیے)۔
- مشق کتاب میں حل کروائیے۔
- طلبہ سے حمد کا مختصر اعادہ کروائیے۔ (حمد کسے کہتے ہیں؟ حمد میں کن کن چیزوں کے نام ہیں؟)
- سوال نمبر ۱ کی طرز پر سوال نمبر ۲ کا کام تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- تصویر کو پہچان کر جواب دینے کی ہدایت دیجیے۔
- کتاب میں مشق حل کروائیے۔ طلبہ کو دُرست بناوٹ سے لکھنا سکھائیے۔
- خوش خطی کی مشق میں نظم کے پہلے دو اشعار لکھوائیے۔
- نظم کے دو اشعار کی خوش خطی گھر سے لکھ کر لانے کا کام دیجیے۔
- طلبہ کو حمد میں سے پسندیدہ شعر الگ صفحے پر لکھنے اور تصویر بنانے کی ہدایت دیجیے۔ یہ صفحات تختۂ نرم پر لگائیے۔
- سوال جواب کی مشق کا تعارف کروائیے۔ جواب تلاش کرنے اور جملوں کی صورت میں لکھنا سکھائیے۔
- صفحہ ۴۲ اور ۴۳ پر موجود سوال نمبر ۴ کا حصہ (i-iv) پڑھ کر سمجھائیے اور تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- طلبہ سے تبادلۂ خیال کے بعد جوابات تختۂ تحریر پر درج کریں۔
- مشق کتاب میں حل کروائیے۔
- جن طلبہ کو کام میں دشواری ہو ان کی اضافی رہنمائی کیجیے۔
- طلبہ کو حمد اشاروں سے پڑھنے کی مشق کروانے کے بعد اسمبلی میں پیش کیجیے۔
- بچّوں کو صفحہ ۴۳ سوال نمبر V مشق کا دل چسپ تعارف دیں۔ پوچھیں تصویر بنانا کیسا لگتا ہے؟ کس بچّے کو تصویر بنانا پسند ہے؟
- صفحہ ۴۳ پہ موجود سوال نمبر V پڑھ کر سمجھائیے اور الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- بچّوں سے الفاظ خالی جگہوں میں لکھوائیے۔
- الفاظ کی تصویر بنوائیے۔
- سوال نمبر ۵ میں دیے گئے الفاظ کے جملے بنانا سکھائیں۔
- ایک جملہ خود بنا کر تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- بچّوں کو جملے تخلیق کرنے کا موقع دیجیے۔ جملوں کی اصلاح کر کے تختۂ تحریر پر درج کیجیے اور کاپی میں نقل کرنے کی ہدایت دیجیے۔

- طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- الفاظ کے زبانی نئے جملے بنوائیے۔

# حل شدہ مشق

## سنیے پڑھیے

کتاب میں درج ہدایت پر عمل کیجیے۔

## معروضی سوالات

i کِس　ii بنایا　iii تتلی　iv مچھلی　iv پھُولوں　iv انسان

## خالی جگہ پُر کیجیے

i تِتلی　ii مچھلی

## خوش خطی

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## سوال جواب

i انسان کو اللہ نے بنایا۔

ii سورج، چاند۔

iii پھ، ت، م

iv س، ے، ا، ی، و

v چاند، ستارے، بادل، چڑیا، امی، ابو

## جملے بنائیے

بتاؤ: احمد کو بتاؤ کہ ہم اس کا انتظار کر رہے ہیں۔

بناؤ: اللہ نے سب کو بنایا ہے۔

# قواعد ........... (صفحہ ۴۳ تا ۴۵)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ہم آواز الفاظ پہچان سکیں۔
- ختمہ اور سوالیہ نشان کا استعمال جان سکیں۔
- ارکان ملا کر لفظ بنا سکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ کی مدد سے اپنی نظم لکھ سکیں۔
- قواعد کے بنیادی اصولوں سے آگاہ ہوسکیں۔

## مددگار مواد

- صفحہ ۴۳، ۴۴، ۴۵

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- حصہ قواعد میں ہم آواز الفاظ کا تعارف کروائیے۔ مثالیں دیجیے۔
- سوال نمبر ۶ صفحہ ۴۳ تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے پھر کتاب میں کروائیے۔
- ختمہ اور سوالیہ نشان کا تعارف دیجیے اور ان کا استعمال سمجھائیے۔ مثالیں دیجیے۔
- سوال نمبر ۷ کی مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر بچّوں کی مدد سے حل کیجیے۔
- قواعد کی دونوں مشقیں کتاب میں حل کروائیے۔
- ارکان کا اعادہ کروائیے۔
- صفحہ ۴۴ پہ صوتیات کی مشق سے سوال نمبر ۸ ارکان ملائیے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- بچّوں کی مدد سے ارکان ملا کر الفاظ بنائیے۔
- کتاب میں مشق کروائیے۔
- صفحہ ۴۵ پہ موجود سرگرمی سمجھائیے۔ بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ خود نظم لکھیں۔
- پہلے شعر کے طرز پہ بقیہ تصاویر کو دیکھ کر اشعار بنوائیے۔
- طلبہ کی نظمیں خود ان سے پڑھوائیے۔ کاغذ پر لکھوا کر جماعت میں نمائش کروائیے۔

## حل شدہ مشق

۶۔ ہم آواز الفاظ پر دائرہ بنا کر خالی جگہ میں لکھیے۔

i چلایا ii دو iii اس vi لو v ہے vi مچھلی

۷۔ پڑھیے اور ختمہ (۔) یا سوالیہ نشان (؟) لگائیے۔

i ؟ ii ۔ iii ۔ iv ؟ v ؟ vi ۔ vii ۔ viii ؟ ix ۔ x ؟

## ارکان ملائیے

i تتلی ii امی iii مچھلی iv بنایا v ستارے vi چڑیا

## سرگرمی

کتاب میں دی گئی مثال کی مدد سے نظم مکمل کروائیے۔

# سبق ۲: نعت ........... (صفحہ ۴۶ تا ۴۷)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- آہنگ اور لے کے حوالے سے سادہ مصرعے، اشعار اور نظمیں سن کر پسند بتاسکیں۔
- نعت کی پڑھائی کرسکیں۔
- مختصر درود شریف پڑھ سکیں۔
- حضرت محمّد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے محبت کا جذبہ ابھار سکیں۔
- خاص الفاظ کے معانی کا فہم حاصل کرسکیں۔
- نعت اور سنّت کے بارے میں جان سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۴۶۔۴۷
- نعت کے الفاظ کے فلیش کارڈز
- روضۂ رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی تصویر یا ماڈل

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فہرست سے نعت کا صفحہ تلاش کرکے کھولنے کا کی ہدایت دیجیے۔
- نعت کے معنیٰ بتایئے (ایسی نظم جس میں حضرت محمّد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی ثناء اور تعریف بیان کی جائے)۔ حضرت محمّد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے محبت اور عقیدت کا اظہار اپنے انداز سے ظاہر کیجیے۔
- صفحہ ۴۶ کے زیریں حاشیے کے مطابق جہاں بھی رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا اسمِ مبارک آئے وہاں 'حضرت محمّد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ' پڑھایئے۔
- حضرت محمّد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے بارے میں بچّوں سے تبادلۂ خیال کریں۔
- درود کی اہمیت بتایئے کہ اللہ تعالیٰ اور فرشتے بھی حضرت محمّد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر درود و سلام بھیجتے ہیں اورہمیں بھی ان پر درود بھیجنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اس کے ذریعے حضرت محمّد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے محبت کے جذبات ابھاریئے۔
- قرآن مجید کا تذکرہ کیجیے۔ممکن ہو تو جماعت میں قرآن لاکر دکھایئے۔ اسے پڑھنے اور سمجھنے کا شوق بیدار کرنے کی کوشش کیجیے۔
- طلبہ سے مختصر درود شریف پڑھوایئے۔
- بچّوں کے ساتھ مل کر دو تین مرتبہ نعت دہرایئے۔
- طلبہ کو 'حمد' اور 'نعت' کا فرق بتایئے۔
- طلبہ کو 'نعت' کے خاص الفاظ فلیش کارڈز سے پڑھا کر ان کے معانی سمجھایئے۔موتیا کا صفحہ ۴۶ کھولنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچّوں سے تین مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھوایئے۔ اس طرح بچّے نماز میں درودِ ابراہیمی پڑھنے کے لیے تیار ہوجائیں گے۔
- سنیے پڑھیے کا سوال ۱ 'مصرعے ملایئے' کا کام سمجھایئے۔
- بچّوں کو نعت میں مصرع تلاش کرنے کی ہدایت دیجیے۔ (اس طرح وہ نظم خود پڑھنے کی کوشش کریں گے) اورمشق کا کام پہلے کتاب میں پھر کاپی میں کروایئے۔

## حل شدہ مشق

### سنیے پڑھیے

کتاب میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔

### ۱۔ مصرعے ملایئے

| | | |
|---|---|---|
| i | پیارے نبی کا | ہمارے لیے |
| ii | ہزاروں ہوں | بہت پیارا نام |
| iii | وہ قرآن لائے | ان پر درود و سلام |

# قواعد ........... (صفحہ ۴۷ تا ۴۹)

## مقاصد

- ہدایات پڑھ کر یا سن کر سمجھ سکیں۔
- دی گئیں ہدیات کے مطابق مشقیں حل کرسکیں۔
- الفاظ پڑھ سکیں۔
- 'واحد کی جمع' اور 'جمع کی واحد' بتانے کے قابل ہوسکیں۔
- واحد یا جمع بناتے وقت جملوں میں ہونے والی تبدیلی سے واقف ہوسکیں۔
- الفاظ کے شروع کی آوازوں کے حروف لکھ سکیں۔
- ۱ سے ۵ تک گنتی کی پہچان کرسکیں۔
- ہندسوں اور الفاظ میں گنتی پڑھ اور لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- جماعت میں موجود اشیا
- موتیا صفحہ ۴۷ تا ۴۹
- ۱ سے ۵ تک گنتی کے فلیش کارڈز

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار ـــ قواعد: واحد جمع

- جماعت کی مختلف چیزیں دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔مثلاً پنسل دکھایئے اور پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ (یہ پنسل ہے)۔ دو پنسلیں دکھایئے اور پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ (یہ دو پنسلیں ہیں۔)
- وضاحت : 'واحد جمع' کے بارے میں بتایئے۔موتیا میں لکھی گئی تعریف پڑھیے اورمزید مثالیں دیجیے۔
- ہے اور ہیں، تختۂ تحریر پر لکھیے اور بچّوں کی توجہ الفاظ کی تبدیلی کی طرف دلایئے۔
- 'ہے' اور 'ہیں' کی وضاحت کتاب سے پڑھ کر سمجھایئے۔
- بتایئے کہ نہ صرف چیزوں کے نام بدل جاتے ہیں بلکہ 'ہے' بھی 'ہیں' سے تبدیل ہو جاتا ہے۔
- تختۂ تحریر پر لکھ کر 'ہے' اور 'ہیں' کا فرق سمجھایئے۔ ان دونوں الفاظ کو واضح طور پر دُرست تلفّظ سے ادا کریں۔
- صفحہ ۴۸ پر سوال ۳ 'خالی جگہ پر کریں' کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھایئے۔
- بچّوں سے 'ہے' اور 'ہیں' کے صحیح انتخاب کے ذریعے مشق حل کروائیں۔

- مشق کا کام کتاب میں کروایئے۔
- جماعت میں موجود مختلف چیزوں کی مثال کے ذریعے مزید مشق کروایئے۔
- صوتیات کی مشق کے سوال ۴ کے الفاظ تختۂ تحریر پر واضح لکھیے۔
- الفاظ کی بلند خوانی کروایئے۔
- بچّوں سے الفاظ کے شروع کی آواز کی شناخت کروایئے۔
- کتاب میں کام کروانے کے بعد کاپی میں بھی کام کروایئے۔
- جماعت میں موجود مختلف چیزوں کی گنتی کروایئے اور ہندسے تختۂ تحریر پر لکھیے۔ (کتابوں، کرسیوں وغیرہ کی مدد لیجیے)
- مثالوں کے ذریعے مزید مشق کروایئے۔( دو ہاتھ، پانچ انگلیاں، ایک ناک)
- صفحہ پر دیا گیا کام اپنی نگرانی میں کروایئے۔ چیزیں اور تصاویر گننے میں طلبہ کی مدد کیجیے۔
- صفحہ کے آخر میں دی گئی تصاویر کے ساتھ بنے خانوں میں ہندسے لکھوایئے۔

## حل شدہ مشق

### واحد جمع

| واحد | جمع |
|---|---|
| باجا | باجے |
| تارا | تارے |
| موزا | موزے |
| جالا | جالے |

۳۔ ہے اور ہیں۔

i ہیں ii ہے iii ہیں iv طوطے ہیں v باجے ہیں vi جالا ہے

### صوتیات

i پ ii ل iii ن iv ک v پ vi ہ

۵۔ ہندسے لکھیے اور رنگ بھریے۔

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

۱ 

۴ 

۳ 

۲ 

۵ 

# پیارے نبی حضرت محمّد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

........... (صفحہ ۵۰)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- سادہ جُملے سن کر ان کا مفہوم سمجھ سکیں۔
- پیارے نبی حضرت محمّد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا تعارف حاصل کرسکیں۔
- سبق، ''پیارے نبی حضرت محمّد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ'' پڑھ سکیں۔
- سادہ جملوں کو دُرست تلفّظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
- خاص الفاظ کے معانی کا فہم حاصل کر کے زُبانی سوالات کے جوابات دے سکیں۔

## مددگار مواد

- موتیا صفحہ ۵۰

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- پیارے نبی حضرت محمّد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا تعارف کروائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ وہ ان کے بارے میں کیا جانتے ہیں۔ ان کو شوق دلائیے کہ آج ہم اللہ تعالیٰ کے محبوب، دنیا کے بہترین انسان حضرت محمّد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔
- سبق کی دُرست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کیجیے۔
- حضرت محمدؐ رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو دنیا میں لوگوں کو نیکی کے راستے کی طرف بلانے کے لیے بھیجا گیا تھا۔ بچّوں کے ساتھ تبادلۂ خیال کیجیے کہ ہم کس طرح دوسروں کو نیکی کی طرف بلا سکتے ہیں؟ (اچھی بات بتا کر، مدد کرکے، کسی کو غلط کام کرتے ہوئے دیکھیں تو پیار سے روکیں)۔
- حضرت محمدؐ رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو اللہ نے تمام انسانوں کے لیے مثال بنایا۔ تبادلۂ خیال کریں کہ حضرت محمدؐ رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہمارے لیے مثال کس طرح ہیں؟ (ان کے طریقے کو اپنانا مثلاً بیٹھ کر پانی پینا، اچھا اخلاق اپنانا)
- زُبانی سوالات کیجیے:
- پیارے نبی حضرت محمدؐ رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کہاں پیدا ہوئے؟ والد کا نام کیا تھا؟ والدہ کا نام کیا تھا؟
- دو سنّتیں بتا کر ان کو اپنانے کی ہدایت دیجیے۔ جماعت میں تختۂ نرم پر لکھ کر لگائیے۔(مثلاً سلام کرنا، سیدھے ہاتھ سے کھانا، بیٹھ کر پانی پینا وغیرہ)
- سبق ۳ 'میں علی ہوں' کے خاص الفاظ کی بصری پڑھائی کروائیے۔

# سبق ۳: میں علی ہوں ........... (صفحہ ۵۱ تا ۵۴)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- سادہ جملے سن کر ان کا مفہوم سمجھ سکیں۔
- خاص الفاظ کی مدد سے عبارت پڑھ سکیں۔
- خاص الفاظ کے معانی کا فہم حاصل کرسکیں۔
- ایک منٹ میں کم از کم تیس کثیر الاستعمال الفاظ اور ان میں ارکان کو دُرست تلفّظ اور طریقے سے پڑھ سکیں۔
- سبق کی مدد سے معروضی سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔
- سبق پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھ سکیں۔
- الفاظ کے جملے بنا سکیں۔ نیا ذخیرۂ الفاظ سیکھ کر استعمال کرسکیں۔


## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۵۱-۵۴

## پیریڈز : ۵

## طریقۂ کار

- صفحہ ۵۱ پر دیے گئے خاص الفاظ کی فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- موتیا کا صفحہ ۵۱ کھلوائیے۔ بچّوں کو سبق خود پڑھنے کی کوشش کرنے دیجیے۔ جو بچّے اچھا پڑھ سکتے ہیں، پہلے ان سے پڑھوائیے۔ خیال رکھیے کہ ہر بچّہ اپنی کتاب دیکھ رہا ہو۔ بعد ازاں سب بچّوں کو باری باری پڑھنے کا موقع دیجیے۔ضرورت پڑنے پر ان کی مدد بھی کیجیے۔
- صفحہ ۵۱ پر دیے گئے زبانی سوالات پر تبادلۂ خیال کیجیے۔
- ایک منٹ میں عنوان اور پہلا پیراگراف (تیس الفاظ) دُرست تلفّظ سے پڑھ کر ستارے میں رنگ بھرنے کی ہدایت دیجیے۔ باری باری ہر طالبِ علم کو موقع دیجیے اور دیے گئے وقت کے مطابق پڑھ لینے پر شاباش بھی دیجیے۔ (صفحہ ۵۲)
- علی کے بارے میں زبانی سوالات کیجیے۔ (علی کس جماعت میں ہے؟ علی کتنے سال کا ہے؟ وغیرہ)
- طلبہ سے کاپی میں جال بنوا کر علی اور زارا کے بارے میں لکھوائیے۔




- معروضی سوالات کے سوال ۱ کا کام تختۂ تحریر پر لکھنے کے بعد جملے پڑھ کر سنائیے۔ بطورِ مثال ایک خالی جگہ خود پُر کیجیے۔
- بقیہ کام بچّوں کو خود مکمل کرنے کا موقع دیجیے۔ نگرانی کے دوران جن بچّوں کو مشکل ہو ان کو جملے پڑھ کر پیراگراف میں ڈھونڈنے کی ہدایت دیجیے۔
- سوال ۲ کو سوال ۱ کی طرح تختۂ تحریر پر لکھ کر حل کروائیے۔
- کام کتاب میں کروائیے۔
- سبق کے خاص الفاظ کی خوش خطی دی گئی ہدایت کے مطابق کاپی میں کالم بنوا کر کروائیے۔
- بچّوں کو سوال جواب کی مشق کا تعارف دیں۔ سبق میں سے جواب تلاش کرنے کا طریقہ سمجھائیں۔
- سوالوں کے جواب لکھنے کی مہارت پیدا کرنے کے لیے مدد کیجیے۔سوال تختۂ تحریر پر لکھ کر لکیر کھینچیے۔ اُس کا جواب طلبہ کے سامنے سبق سے ڈھونڈ کر تختۂ تحریر پر لکھیے، مثلاً: علی <u>کون سی</u> جماعت میں پڑھتا ہے؟ سوال میں <u>کون سی</u> کے نیچے خط کشید کر کے باقی جملہ نقل کیجیے اور <u>کون سی</u> کی جگہ پہلی لکھ کر جواب مکمل پڑھ کر سنائیے۔ اسی طرح باقی سوالات بھی تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔ طلبہ سے اسی طرح جوابات کتاب میں خود سے لکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- صفحہ ۵۳ اور ۵۴ پر موجود سوال جواب کی مشق تختۂ تحریر پر لکھیے۔

- صفحہ ۵۴ پر سوال ۵ 'جملے بنائیے' کی مشق سمجھا کر الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- بچّوں سے جملے بنواتے ہوئے قواعد کا خیال رکھیے۔
- بچّوں کی آسانی کے لیے اُن کے بتائے گئے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھ کر اُن کی مدد کیجیے۔
- کتاب میں کام کروائیے۔ اس دوران طلبہ کی نگرانی اور رہنمائی کریں۔
- بچّوں سے ان کے لکھے گئے جملے پڑھوائیے۔ جملوں کی اصلاح کے ساتھ بچّوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## حل شدہ مشق

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

### ۱۔ معروضی سوالات

i نام ii پانچ iii زارا باجی iv طوطا v مانو vi شام

### ۲۔ خالی جگہ

i پانچ ii باجی iii طوطا iv مانو v لال

## خوش خطی

۳۔ کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

### ۴۔ سوال جواب

i علی پہلی جماعت میں پڑھتا ہے۔
ii علی پانچ سال کا ہے۔
iii زارا باجی سات سال کی ہیں۔
iv علی کی گیند لال رنگ کی ہے۔
v شام کو علی نانا جان کے گھر جاتا ہے۔

### ۵۔ جملے بنائیے

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| نام | میرا نام (بچے کا نام) ہے۔ |
| سال | میں پانچ/چھے سال کا ہوں۔ |
| طوطا | میرے پاس ایک طوطا ہے۔ |

# قواعد ........... (صفحہ ۵۵)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- دُرست حروفِ اضافت لکھ کر خالی جگہ پُر کرسکیں۔
- 'ا' کو 'و' سے بدل کر نئے الفاظ بناسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۵۵
- فلیش کارڈز

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- حروفِ اضافت کا، کو، کی، کے کا تعارف دیجیے۔ عام جملوں میں ان کا استعمال بتائیے۔
- کا، کو، کی، کے کے فلیش کارڈز بچّوں کو دکھائیے۔
- صفحہ ۵۵ پر دی گئی مشق تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- خالی جگہ میں فلیش کارڈ لگا کر جملہ مکمل کروائیے۔
- پہلا جملہ خود مکمل کیجیے۔ باقی بچّوں کو خود کرنے کا موقع دیں۔
- بچّوں سے اُن کے کام کی اصلاح کروائیں۔ اس دوران بچّوں کے کام کی نگرانی اور رہنمائی کیجیے۔
- صوتیات کی مشق کا کام سمجھائیے۔ بچّوں کو بتائیے کہ مصوّتوں 'ا' اور 'و' کی تبدیلی سے نیا لفظ کیسے بنتا ہے۔
- بنیادی مصوتے 'ا' اور 'و' کی درمیانی آواز پر توجہ مرکوز کروائیے اور تختۂ تحریر پر پہلی مثال کروائیے۔ باقی تمام الفاظ زبانی تبدیل کروا کر کام کروائیے۔ یہ کام بچّوں کے لیے بہت دل چسپ اور مزے دار ہوتا ہے۔ اس طرح وہ نئے الفاظ آسانی سے سیکھ جاتے ہیں۔
- بچّے گھر سے امی، ابو یا کسی بڑے سے اپنی عمر پوچھ کر آئیں۔
- اگر ممکن ہو تو اپنی ایک تصویر لانے کی ہدایت دیجیے۔

## حل شدہ مشق

۶۔ کا، کو، کی، کے

i کا ii کی iii کو v کے

۷۔ صوتیات 'ا' کو 'و' سے بدل کر نئے الفاظ بنائیے۔

| ا | و |
|---|---|
| مار | مور |
| بال | بول |
| را | روز |
| گال | گول |

| ا | و |
|---|---|
| شاخ | شوخ |
| تال | تول |
| ڈال | ڈول |
| زار | زور |

## سرگرمی "کچھ میرے بارے میں" ........... (صفحہ ۵۶)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- اپنا تعارف کرواسکیں۔
- اپنا نام لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۵۶
- کاپی

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- سرگرمی کا تعارف دل چسپ انداز میں کروائیے۔ بچّوں کو اپنا تعارف زُبانی کروانے کی ہدایت دیجیے اور اس میں مدد کیجیے۔ بتائیے کہ آج ہم اپنے بارے میں لکھنا سیکھیں گے۔ (صفحے پر دیے گئے سوالات کے جوابات ترتیب وار دینے کی مشق کروائیے)
- سرگرمی کا کام تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- کام کروانے سے قبل کاپی کی پہلی سطر پر بچّوں کا نام لکھ کر دیجیے جسے دیکھ کر وہ لکھ سکیں۔
- ہرسوال کا جواب لکھوایئے۔جس بچّے کو دشواری ہو اس کی رہنمائی کیجیے۔
- طلبہ اپنا پسندیدہ رنگ دیے گئے خانے میں بھریں۔
- کاپی میں بچّوں کو ان کا نام کم از کم ۵ مرتبہ لکھنے کی مشق گھر کے کام میں بھی دیجیے۔
- 'یہ میں ہوں' کے عنوان سے دی گئی خالی جگہ میں طلبہ سے اپنی تصویر چپکانے یا لگانے کی ہدایت دیجیے۔

# سبق ۴: میرا گھر ........... (صفحہ ۵۷ تا ۶۰)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- گھر میں استعمال ہونے والی چیزوں کے نام دُرست لب و لہجے اور تلفّظ سے ادا کرسکیں۔
- اپنی ذات، گھر، علاقے اور کاموں کے بارے میں بات کرسکیں۔
- اپنی پسند ناپسند کا مناسب الفاظ میں اظہار کرسکیں۔
- سادہ جملوں کو دُرست تلفّظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
- سبق کو دُرست تلفّظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
- سبق پڑھ کر معروضی سوالوں کے جواب لکھ سکیں۔
- سبق کی مدد سے خالی جگہ پُر کرسکیں۔
- سبق کے خاص الفاظ کی خُوش خطی کرسکیں۔ ان الفاظ کا تیّاری کے بعد دُرست املا کرسکیں۔
- سبق کی مدد سے سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- دیے گئے الفاظ کے جملے بناسکیں۔
- مذکّرمونّث سمجھ کر دیے گئے معمّے میں ملاسکیں۔
- بھاری آوازوں کا اعادہ کر کے جُملوں میں پہچان کر دائرے بنا سکیں۔
- ہندسوں اور الفاظ میں گنتی لکھ سکیں۔
- اپنی اور اپنے خاندان کی تصویر بنا/ چپکا سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز۔سبق کے خاص الفاظ، اُردُو گنتی ایک (۱) سے دس (۱۰) تک، مذکّرمونّث
- تختۂ تحریر
- جماعت میں موجود اشیا
- موتیا صفحہ ۵۷۔۶۲

## پیریڈز : ۷

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے خاص الفاظ کی پڑھائی کروانے کے بعد طلبہ کو سبق اور تصاویر دیکھنے اور خود پڑھنے کی ترغیب دیجیے۔
- سبق کے متن اور تصاویر کی جزئیات کے بارے میں بات کیجیے۔مثلاً باورچی خانے، غسل خانے، سونے کے کمرے اور بیٹھک میں کیا

چیزیں نظر آرہی ہیں؟ ان کے نام پوچھیے۔ گھر میں ہونے والے روز مرہ امور کے بارے میں گفتگو کیجیے۔

- سبق کی بلند خوانی کیجیے۔
- بچّوں سے باری باری چند سطور پڑھوایئے۔
- صفحہ ۵۷ پر موجود زبانی سوالات پر تبادلۂ خیال کیجیے۔
- طلبہ کو سبق 'میرا گھر' کے خاص الفاظ معانی کے ساتھ تختۂ تحریر پر لکھ کر پڑھایئے۔
- جماعت کے ہر بچّے سے سبق کے چند جملے پڑھوائیں۔ پڑھتے وقت طلبہ کو تاثرات، دُرست تلفّظ سے بلند خوانی پر توجہ دینے کی ہدایت دیں۔
- جب ایک بچّہ سبق پڑھ رہا ہو تو باقی کو الفاظ پر نظر رکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- طلبہ کو A4 سائز پیپر دے کر اپنے گھر کی تصویر بنانے کی ہدایت دیجیے۔
- ہر بچّے کی بنائی ہوئی تصویر پر ان کا نام لکھ کر تختۂ نرم پر آویزاں کیجیے۔
- صفحہ ۵۹ پر موجود معروضی سوالات کی مشق سمجھا کر کتاب میں کام کروایئے۔
- پہلا سوال اپنی مدد سے حل کروائیں۔ باقی خود کرنے کا موقع دیں۔
- سوال ۲ کا کام سمجھایئے اور جملے تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- سبق میں جوابات تلاش کرنا سکھایئے۔
- کام کے دوران طلبہ کی نگرانی اور رہنمائی کریں۔
- خوش خطی کی مشق کاپی میں کالم بنوا کر کروائیں۔ گھر سے املا کی تیّاری کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔
- صفحہ ۶۰ پر سوال جواب کی مشق تختۂ تحریر پر سمجھا کر کاپی میں کروایئے۔
- سوال پڑھیں اور سبق سے جواب تلاش کرنے کی ہدایت دیجیے۔ اس کام میں بچّوں کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کے بتائے دُرست جوابات تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- سوال ۵ میں دیے گئے الفاظ کے جملے بنوایئے۔
- بچّوں سے ان کے بنائے ہوئے جملے پوچھیے۔
- بچّوں کو مذکر مؤنث کا تعارف دیجیے۔
- بچّوں کے ہاتھوں میں فلیش کارڈز دیجیے اور مذکر مؤنث کے جوڑے بنا کر کھڑا کروایئے۔ جماعت کے باقی بچّے پڑھیں۔
- باری باری تمام بچّوں کو فلیش کارڈز پکڑنے کا موقع دیجیے۔




- تختۂ تحریر پر معمّا بنا کر ایک مثال حل کر کے دکھایئے۔ طلبہ کو کتاب میں اسی طریقے سے معمّا حل کرنے کی ہدایت دیجیے۔ معمّے کو ملانے کے لیے پانچ مختلف رنگوں کی پینسلیں بھی استعمال کروائی جا سکتی ہیں۔
- بتایئے کہ اُردو میں بے جان چیزیں بھی مذکّر یا مؤنّث بولی جاتی ہیں۔ جماعت میں موجود چیزوں کی مثالیں جُملوں میں (زُبانی) دے کر سمجھایئے، مثلاً: یہ چھوٹی کُرسی ہے۔

(مونّث) یہ بڑا دروازہ ہے۔ (مذکّر) فرش گندا ہے۔ (مذکّر) چھت اُونچی ہے۔ (مونّث) اس طرح جن بچّوں کی مادری زُبان اُردُو نہیں ہے وہ بھی جُملوں میں مونّث مذکّر بہتر کرسکیں گے۔

- صوتیات کی مشق میں دیا گیا پیراگراف پڑھ کر سنایئے۔ پڑھائی کے دوران طلبہ کو عبارت پر نظر رکھنے کی ہدایت دیں۔
- جماعت کے کچھ طلبہ کو ایک ایک جملہ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ نئے الفاظ پڑھنے میں ان کی مدد کیجیے۔
- دیے گئے پیراگراف میں 'ھ' کے حروف پر دائرے بنوایئے۔
- نیچے دی گئی خالی جگہ میں 'ھ' والے الفاظ لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ کام کی نگرانی اور طلبہ کی مدد بھی کیجیے۔
- فلیش کارڈز اور تختۂ نرم سے روزانہ پڑھائی کی وجہ سے بچّے گنتی جلد سیکھ جاتے ہیں، ضروری ہے کہ وہ ہندسوں اور الفاظ کی قدر (value) بھی پہچانیں۔ اس کے لیے جماعت کی اشیا سے مدد لیجیے، مثلاً: یہ کتنی کرسیاں ہیں؟ (پانچ کرسیاں الگ کرکے دکھایئے) یہ کتنی پنسلیں ہیں؟ (دس پنسلیں دکھایئے) جماعت میں کتنی کھڑکیاں ہیں؟ وغیرہ۔
- اسی طرح کی سرگرمی گنتی کے فلیش کارڈز بچّوں کے ہاتھوں میں دے کر کروایئے۔ آپ ہندسہ بولیے اور جس بچّے کے ہاتھ میں اس ہندسے کا کارڈ ہو اتنی ہی بار اُچھلے یا تالی بجائے۔
- موتیا صفحہ ۵۳ میں لکھائی کرواتے ہوئے خیال رکھیے کہ بچّے دُرست طریقے سے ہندسے اور الفاظ لکھ رہے ہوں۔ اس مقصد کے لیے ہندسوں کے شروع میں نقاط دیے گئے ہیں۔



یاد رکھیے کہ اُردُو گنتی میں صفر گول نہیں بلکہ نقطے کی شکل میں لگایا جاتا ہے۔

- کاپی میں مذکورہ بالا کام کالم بنوا کر کروایئے۔
- صفحے پر دی گئی سرگرمی کروایئے۔ دیے گئے خانے میں طلبہ سے ان کی اور ان کے خاندان کی تصویر بنوایئے۔ اگلے دن کے لیے گھر کا کام دیجیے کہ طلبہ اپنی اور اپنے خاندان کی ایک تصویر کاپی میں چپکا کر لائیں۔

# حل شدہ مشق

## سنیے پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

## ۱۔ معروضی سوالات

(i) دادا جان (ii) علی (iii) گیند (iv) طوطا (v) امی (vi) گڑیا

## ۲۔ خالی جگہ

(i) علی (ii) کھانا (iii) سیر (iv) ناراض (v) چارپائی

## ۳۔ خوش خطی

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔ املا کرنے کے بعد خود اصلاح کروائیے۔ تختۂ تحریر پر دُرست الفاظ لکھیے اور طلبہ سے اُن کے لکھے ہوئے الفاظ پر غلط یا صحیح کے نشانات لگوائیے۔ غلط الفاظ کو تین تین بار دُرست لکھنے کی ہدایت کیجیے۔

## ۴۔ سوال جواب

i گھر میں سب ایک دوسرے کے ساتھ باتیں کرتے ہیں، کام کرتے ہیں، پڑھتے ہیں، کھیلتے ہیں، ہنستے ہیں، سیر کرتے ہیں۔

ii گھر میں سونے کے تین کمرے ہیں۔

iii چھٹیوں میں تایا جان کے گھر گاؤں جاتے ہیں۔


iv دادا جان کہتے ہیں گھر آپس میں محبت سے بنتے ہیں۔

## ۵۔ جملے بنائیے

گھر : میرا گھر پیارا ہے۔

بازار : بازار سے آلو لادو۔

## ۶۔ مذکر مونّث




## ۷۔ صوتیات

ننھا، بھائی، تھا، تھے، بھی، رکھیں، رکھنے، اچھّا، آنکھوں

## ۸۔ ہندسے اور الفاظ لکھیے۔

خانوں میں ہندسے اور الفاظ دُرست سمت میں لکھوائیے۔

سرگرمی

سرگرمی ہدایت کے مطابق کروایئے۔

# سبق ۵: میرا اِسکُول ........... (صفحہ ۶۳ تا ۶۶)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- سادہ الفاظ سن کر لکھ سکیں۔
- سبق 'میرا اسکول' کی بلند خوانی کرسکیں۔
- خاص الفاظ کے معنیٰ سمجھ سکیں۔
- گھر اور اسکول میں استعمال ہونے والی چیزوں کے نام دُرست طریقے سے ادا کرسکیں، چیزوں کوسنبھال کر رکھ سکیں او ران کی اہمیت بتا سکیں۔
- کمرۂ جماعت کے کاموں میں نظم و ضبط کا مظاہرہ کرسکیں۔
- اسکول میں بورڈ، فرنیچر اور پودوں وغیرہ کا خیال رکھ سکیں اور ان کی اہمیت کے بارے میں اظہار رائے کرسکیں۔
- ذاتی تحفّظ کے بارے میں سمجھ کر اپنے آپ کو بُرے لوگوں سے محفوظ رکھ سکیں۔
- سبق پڑھ کر معروضی سوالوں کے جواب لکھ سکیں۔
- سبق پڑھ کر خالی جگہ پُر کرسکیں۔
- خُوش خطی کر کے املا کی تیّاری کر کے املا کرسکیں۔
- سبق پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھ سکیں۔
- جملے بنا سکیں۔

## قواعد

- ہے، ہیں اور ہوں کا دُرست استعمال کرسکیں۔

## صوتیات

- ارکان ملا کر لفظ بنانے کی مشق کرسکیں۔
- سبق سے تشدید 'ـّـ' کے الفاظ چُن کر لکھ سکیں۔
- مصاحبہ (انٹرویو) کے اصولوں سے متعارف ہوسکیں۔
- اپنا تعارف اور پسند مناسب الفاظ میں بتا سکیں۔
- دوسروں کا زُبانی تعارف کروانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر

- موتیا صفحہ ۶۳ تا ۶۷
- فلیش کارڈز (خاص الفاظ اور ہے، ہیں، ہوں)

## پیریڈز : ۷

## طریقۂ کار

- صفحہ ۶۳ پر دیے گئے خاص الفاظ فلیش کارڈز کی مدد سے پڑھائیے۔
- طلبہ سبق کا تعارف دیجیے۔تصویر بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے اور پوچھیےاس تصویر میں کیا ہے؟ (اسکول، چوکیدار، بچّے) کون کیا کر رہا ہے؟ (بچّے اسکول جا رہے ہیں)۔
- طلبہ کو سبق کھول کر تصاویر بغور دیکھنے کا موقع دیجیے۔
- تصاویر کے بارے میں مشاہداتی سوالات کیجیے۔ (کیا نظر آرہا ہے، کون کیا کر رہا ہے)۔
- گھر اور اسکول کی چیزیں مثلاً کتابیں اور کھلونے وغیرہ سنبھال کر رکھنے کے لیے بچّوں کی رہنمائی کیجیے اور ان چیزوں کی اہمیت بتائیے۔
- صفحہ ۶۳ پر موجود زبانی سوالات پوچھیے۔
- سبق کے خاص الفاظ کی زبانی پڑھائی کروائیے۔سبق کی بلند خوانی کیجیے۔
- طلبہ سے پوچھیے کہ کون سبق پڑھنا چاہے گا۔ بلند خوانی کرنے کا شوق اور اعتماد پیدا کیجیے۔
- باری باری طلبہ سے تین سطور بلند آواز میں پڑھوائیے۔طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے اور نئے الفاظ کے معنٰی سمجھائیے۔
- نئے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- طلبہ کو اسکول کا دورہ کروائیے۔ ہر جگہ کی تفصیلات یاد رکھنے کی ہدایت کیجیے۔
- جماعت میں واپس آکر طلبہ گروہ میں تبادلۂ خیال کریں اور گروہ کا ایک بچّہ جماعت کے سامنے آکر اسکول کے بارے میں پانچ جملے بتائے۔
- طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ گروہ میں کام کرنا سکھائیے۔ جملوں کو ترتیب سے بیان کرنے میں مدد کیجیے۔
- معروضی سوالات کی مشق کا تعارف کروائیے۔
- سوال ۱ کی مشق تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- مثال کے طور پر پہلے جملے کا دُرست جواب سبق سے تلاش کر کے دکھائیے۔
- باقی جملوں کے جوابات بچّوں کو تلاش کرنے کا موقع دیں۔
- جوابات پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- مشق کتاب میں حل کروائیے۔
- سوال ۲ 'خالی جگہ پُر کریں' تختۂ تحریر پر لکھ کر حل کروائیے۔
- سبق کے خاص الفاظ کی کاپی میں کالم بنا کر خوش خطی کروائیے۔ طلبہ کی خوش خطی کرتے وقت نگرانی اور حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ دُرست سمت میں دُرست بناوٹ سے لکھ رہے ہوں۔ املا کی تیّاری کا کام گھر سے دینے کے بعد اگلے دن املا کروائیے۔
- سوال تختۂ تحریر پر لکھ کر اور سمجھائیے۔ جوابات پوچھیے۔

- املا ........... تین تین بار الفاظ دہرائیے۔ طلبہ لکھ لیں تو انھیں نیلے/ لال رنگ کی پنسلیں ہاتھ میں لے کر خود اصلاحی کرنے کی ہدایت دیجیے۔ طلبہ اپنے لکھے گئے غلط الفاظ دُرست کر کے تین تین بار لکھیں۔
- مشق ۴ سمجھا کر پہلے سوال کا جواب تلاش کرنے میں مدد کیجیے۔ باقی سوالات کے دُرست جواب بچّوں کو خود منتخب کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- کاپی میں کام کروائیے۔
- سوال ۵ میں دیے گئے الفاظ کے زُبانی جملے بنوائیے۔ طلبہ سے پوچھ کر تختۂ تحریر پر دو جُملے لکھیے۔ باقی الفاظ کے جُملے بنانے میں طلبہ کی مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔ اصلاح بھی کروائیے۔
- 'ہے'، 'ہیں' اور 'ہوں' کے استعمال کا تعارف دیجیے۔ مثالوں سے سمجھائیے۔

  وضاحت کے لیے درج ذیل مثالیں دیجیے۔

  مثال: ہے — وہ کتاب پڑھ رہا ہے۔

  ہیں — بچّے اسکول جا رہے ہیں۔

  ہوں — میں کھانا پکا رہی ہوں۔

  کچھ مثالیں بچّوں سے پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- کھیل کھیلیے: جملے بول کر سُنائیے۔ ہدایت دیجیے کہ اگر جملے کے آخر میں 'ہے' آئے گا تو آپ سیدھا ہاتھ بلند کریں، اگر 'ہیں' آئے گا تو اُلٹا ہاتھ اور اگر 'ہوں' آئے گا تو دونوں ہاتھ اُٹھائیں۔
- بہتر ہوگا کہ بولنے کے ساتھ ہے، ہیں، ہوں کے فلیش کارڈز بھی دکھائیں۔
- مشق طلبہ سے خود حل کروائیے نیز تختۂ تحریر پر دُرست جوابات لکھیے اور بچّوں سے اُن کے کام کی اصلاح خود کروائیے۔
- مشق ۷ کا کام سمجھا کر طلبہ کو خود کرنے دیجیے۔
- سبق سے 'ــّـ' والے الفاظ چن کر لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ (مشق ۸)
- بچّوں سے ایسے الفاظ پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے جن میں تشدید 'ــّـ' موجود ہو۔

## سرگرمی

- سرگرمی کا تعارف دل چسپ انداز میں کروائیے۔ بتائیے کہ انٹرویو کیا ہے۔ ایک دوسرے کا تعارف حاصل کرنے کی اہمیت بتائیے (تاکہ ........... دوستی ہو سکے)
- بچّوں کی جوڑیاں بنائیے۔ انٹرویو کرنے کا طریقہ بتائیے (پہلے سلام کرنا ہے پھر باری باری سوالات پوچھنے ہیں)
- بچّوں کو ایک دوسرے کا نام، پسندیدہ رنگ، کھیل وغیرہ پوچھنے کی ہدایت دیجیے۔ جوڑیاں خود بنائیے۔
- گھر اور اسکول میں استعمال کی چیزوں کو سنبھال کر رکھنے کی اہمیت بتائیے۔
- تمام چیزیں میز، کرسیاں، دیواریں اور بورڈ صاف کروائیے۔ یہ سرگرمی معمول میں شامل رکھیے۔
- بچّوں کو پانچ/ چھ گروہ میں تقسیم کریں۔ ہر گروہ کا نام کسی دن (پیر، منگل، بدھ، جمعرات، جمعہ) کے نام پر رکھیں اور وہی دن جماعت کی صفائی کے لیے مختص کریں۔ طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

- کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کرتے ہوئے سرگرمی کروائیے۔

## حل شدہ مشق

### سنیے، پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

### ۱۔ معروضی سوالات

(i) کالے (ii) اسکول وین (iii) دوست (iv) جماعت (v) تختے (vi) کھیل

### ۲۔ خالی جگہ پر کیجیے

(i) لال (ii) میز (iii) شوق (iv) پسند (v) نیم

### ۳۔ خوش خطی

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

### ۴۔ سوال جواب

(i) ایک لڑکے (ii) (بچّے اپنا ذریعۂ سفر بتائیں گے)

(ii) صاف (iv) نیم کا درخ

### ۵۔ جملے بنائیے

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| اسکول | میرا اسکول پیارا ہے۔ |
| سفید | میرے اسکول کی دیواریں سفید ہیں۔ |
| دروازہ | میرے اسکول کا دروازہ کالے رنگ کا ہے۔ |
| دوست | میرے چار دوست ہیں۔ |
| درخت | نیم کا درخت بڑا ہے۔ |

### ۶۔ ہے، ہیں، ہوں

(i) ہے (ii) ہیں (iii) ہوں (iv) ہوں (v) ہے

## ۷۔ صوتیات

### ارکان ملایئے

(i) پڑھتا (ii) کھیلتا (iii) اسکول (iv) رہتا (v) اچّھے (vi) جھولتے

## ۸۔ سبق سے 'ـّـ' کے الفاظ چن کر لکھیے۔

(i) بچّے (ii) ابّو (iii) امّی (iv) رسّی

# ہم تمھیں بیمار کردیں گے ........... (صفحہ ۶۹۔۷۳)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- صحت و صفائی کے بنیادی اصولوں سے واقف ہوسکیں۔
- تاثرات سے بلندخوانی کرسکیں۔
- سوال سمجھ کر جواب دے سکیں۔
- سبق پڑھ کر دُرست جواب منتخب کرکے لکھ سکیں۔
- گروہی کاموں میں شمولیت اختیار کرسکیں (ہفتہ صفائی، گروہی کھیل وغیرہ)
- امروہی کے سادہ جملے ادا کرسکیں۔
- کہانی کو ڈراما میں تبدیل کرکے پیش کرسکیں۔
- خالی جگہ پُر کرسکیں۔
- گا، گی، گے کا جملوں میں استعمال سیکھ سکیں اور ان کا فرق سمجھ سکیں۔
- اپنے گھر، اسکول اور ماحول کے بارے میں معلومات جماعت کے سامنے دُرست لب و لہجے اور اعتماد کے ساتھ پیش کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۶۹۔۷۳
- کرداروں کے ماسک

### پیریڈز : ۶

## طریقۂ کار

- بچّوں سے صفائی کی اہمیت پر تبادلۂ خیال کیجیے۔ پوچھیے کہ صفائی کیوں ضروری ہے؟ اگر کسی چیز کی صفائی نہ کی جائے تو کیا ہوتا ہے؟ (احادیث کی روشنی میں اہمیت بتائیں)
- سبق کا دل چسپ تعارف دیجیے۔
- سبق میں دیے گئے خاص الفاظ کی فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- سبق کی تاثرات کے ساتھ بلند خوانی کیجیے۔
- انفرادی طور پر ہر بچّے سے سبق کی چند سطور/ جُملے پڑھوائیے۔ ترغیب دیجیے کہ وہ مکالمے تاثرات سے پڑھیں۔
- صفحہ ۶۹ پر موجود زبانی سوالات بچّوں سے پوچھیے۔
- تختۂ تحریر پر مشق لکھ کر سمجھائیے۔
- صفحہ ۷۱ پر معروضی سوالات کی مشق کا سوال ۱ بچّوں سے حل کروائیے۔
- بچّوں کے کام کر لینے کے بعد دُرست جوابات تختۂ تحریر پر بچّوں سے پوچھ کر لکھیے اور اُن کے کام کی اصلاح خود کروائیے۔
- صفحہ ۷۲، سوال ۲ 'خالی جگہ پُر کیجیے' کا کام سمجھا کر بچّوں سے کروائیے۔
- بچّوں کے کام کر لینے کے بعد سوال ۲ کو تختۂ تحریر پر حل کر کے کام کی اصلاح خود کروائیے۔
- سبق کے خاص الفاظ کی کاپی میں کالم بنا کر دو دو بار خوش خطی کروائیے۔
- صفحہ ۷۲ پر سوال جواب کی مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- بچّوں کو سوالات پڑھ کر سنائیے۔ سبق میں سے پہلے سوال کا جواب تلاش کروائیے۔
- باقی جوابات بچّوں کو خود تلاش کر کے لکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- تحریری کام کے دوران نگرانی کیجیے۔ جن طلبہ کو مشکل درپیش ہو ان کی رہنمائی کیجیے۔
- کام کاپی میں کروائیے۔
- صفحہ ۷۳ پر سوال ۵، جملے بنانے کی مشق کاپی میں کروائیے۔
- بچّوں کو خود جملے بنانے کی کوشش کرنے دیجیے۔ لکھنے میں مدد کیجیے۔
- بچّوں کے بنائے ہوئے جملے سنیں۔ اصلاح کے ساتھ حوصلہ افزائی کیجیے۔
- گا، گی، گے کا تعارف کروائیے۔ مثالوں سے جملوں میں ان کا استعمال اور فرق بتائیے۔
- صفحہ ۷۳ پر سوال ۶ کا کام تختۂ تحریر پر لکھیے اور سمجھائیے۔
- حل شدہ جملے کی مثال پڑھیے اور بقیہ جملے بچّوں سے خود حل کروائیے۔
- بچّوں سے دُرست جواب پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- بچّوں کو اپنے کام کی اصلاح خود کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- صفحہ ۷۳ پر دی گئی سرگرمی سمجھا کر کروائیے۔
- طلبہ کو دو گروہوں میں تقسیم کیجیے اور اس کہانی کے کردار دونوں گروہوں میں بنائیے۔

- کردار: علی، امی، دادی جان، دانتوں کا کیڑا، گندگی کا جرثومہ، کہانی بیان کرنے والے (Narrator)، (درکار اشیا: کردار کے ماسک)
- طلبہ کو کرداروں کے مکالمے تاثرات سے پڑھنے کی مشق کرنے کے لیے وقت دیجیے۔ (۱۰ منٹ)
- ۱۰ منٹ کے بعد دونوں گروہوں کو ڈراما پیش کرنے کی ہدایت دیجیے۔ طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- بچّوں سے تبادلۂ خیال کیجیے کہ وہ روزمرہ کے معمول میں اپنی صفائی کے لیے کیا کام کریں گے۔ فہرست بنوائیے (دانت صاف کرنا، ناخن کاٹنا، نہانا ........)

# حل شدہ مشق

## سنیے، پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

## ۱۔ معروضی سوالات

i امّی ii اسکول بس iii دانت iv کٹواتے v بیمار vi جاگا

## ۲۔ خالی جگہ

i امّی ii زارا iii ناخن iv سونے v دادی جان

## خوش خطی

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

## ۴۔ سوال جواب

i امّی نے علی سے دانت صاف کرنے کے لیے کہا۔

ii علی اس لیے نہیں نہایا کیوں کہ اسے نیند آرہی تھی۔

iii دانت کے کیڑے نے علی سے کہا کہ میں تمھارے دانت خراب کردوں گا۔

iv علی نے جاگنے کے بعد دانت صاف کیے، ناخن کٹوائے اور اسکول سے آکر نہایا۔

## ۵۔ جملے بنائیے

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| صاف | ہمیں اپنے آپ کو صاف رکھنا چاہیے۔ |
| ناخن | ہر ہفتے ناخن کاٹنے چاہییں۔ |
| نیند | علی کو نیند آرہی تھی اس لیے وہ جلدی سوگیا۔ |
| کیڑا | دانت صاف نہ رکھنے سے اُن میں کیڑا لگ جاتا ہے۔ |
| میل | ہاتھ کے میل کو دھو کر صاف کرنا چاہیے۔ |

## ۶۔ گا، گی، گے

i گا ii گے iii گی iv گے

## سرگرمی

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

# اچّھی باتوں کے پھُول ........... (صفحہ ۷۴۔۷۸)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- سادہ جملے سن کر ان کا مفہوم سمجھ سکیں۔
- سبق سے سیکھی گئی اچھی باتیں بیان کرسکیں۔
- تفہیمی سوالات کے دُرست جوابات لکھ سکیں۔
- نشست و برخاست (گھر، اسکول، حجرہ، مسجد/ عبادت گاہ) کے آداب کا خیال رکھ سکیں اور اہمیت کے بارے میں اظہار کرسکیں۔
- بول چال میں آدابِ گفتگو کا خیال رکھ سکیں۔ (السلامُ علیکم، وعلیکم السلام، شکریہ، مہربانی)
- سبق کی پڑھائی کرسکیں۔
- خطِ نستعلیق کے اصولوں کے تحت مختلف حروفِ تہجّی سے ملنے کے بعد کے بعد 'ر ڑ ز ژ' کی تبدیل شدہ شکل سے واقف ہوسکیں۔
- اشیا کی تعداد گن کر جملے لکھ سکیں۔
- سرگرمی کی صورت میں سیکھے گئے الفاظ کا گفتگو میں اور ایک دوسرے کو بطور تحفہ لکھ کر دینے کے لیے استعمال کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر

- فلیش کارڈز
- موتیا صفحہ ۷۴ تا ۷۸

## پیریڈز : ۶

## طریقۂ کار

- طلبہ کو صفحہ ۷۴ پر موجود خاص الفاظ کی فلیش کارڈز کے ذریعے پڑھائیے۔
- طلبہ کو سبق اور تصاویر کا خاموشی سے جائزہ لینے کا وقت دیجیے۔صفحہ ۷۴ پر دیے گئے زبانی سوالات پر تبادلۂ خیال کیجیے۔
- سبق کی بلند خوانی کیجیے۔سبق پڑھتے وقت دُرست تلفظ اور تاثرات کا خیال رکھیے۔
- طلبہ کو سکھائے گئے الفاظ کے استعمال کی تاکید کیجیے اور نئے الفاظ استعمال کرنے پر حوصلہ افزائی کریں۔
- صفحہ ۷۵ پر دیے گئے اٹھنے بیٹھنے کے آداب پڑھ کر سنائیے اور ان کی اہمیت بتائیے۔
- طلبہ سے پوچھیے۔ کہ آپ نے سبق سے کون سی اچھی باتیں سیکھیں؟(ایک دوسرے سے ملتے ہوئے کیا کہتے ہیں؟ کہیں جاتے ہوئے کیا کہتے ہیں؟)
- طلبہ کو سبق کھولنے کی ہدایت دیجیے۔
- خاص الفاظ کی زبانی پڑھائی کروائیے۔
- تین تین طلبہ پر مشتمل گروہ بنائیں۔ گروہ کا ہر بچّہ سبق کا کچھ حصّہ پڑھ کر سنائے دیگر طلبہ توجہ سے سن کر اصلاح کریں۔
- ہر گروہ کے پاس جاکر پڑھائی کروائیں اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- طلبہ کو ان ہی گروہوں میں ایک اچھی بات تفویض کیجیے۔مثلاً ایک گروہ کو السلامُ علیکم، دوسرے کو اللہ حافظ۔ گروہ میں تبادلۂ خیال کے بعد ایک بچّہ جماعت کے سامنے آکر اس لفظ کے بارے میں بتائے۔ (مطلب، کب کہا جاتا ہے، وغیرہ)
- طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ ان الفاظ کو اپنی گفتگو میں استعمال کی ہدایت دیجیے۔
- صفحہ ۷۶ پر موجود معروضی سوالات کی مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- بچّوں کو کتاب میں مشق حل کرنے کا موقع دیں۔
- بعد ازاں تختۂ تحریر پر لکھ کر بچّوں کی مدد سے دُرست جوابات کی نشان دہی کیجیے۔ بچّوں کو اپنے کام کی اصلاح خود کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- تختۂ تحریر پر کاپی جیسی سطور بنا کر بتائیں کہ ’ر ڑ ز ژ‘ مختلف حروفِ تہجّی سے ملنے پر بناوٹ کیسے بدلتے ہیں۔
- ملائیے اور لکھیے کی مشق کا ہر حصہ الگ الگ سمجھائیے اور تختۂ تحریر پر لکھ کر حروفِ کی دُرست بناوٹ لکھنا سکھائیے۔
- کتاب میں مشق حل کرنے کے دوران نگرانی کیجیے کہ بچّے اشکال کی تبدیلی کو دُرست خوش خط کریں۔
- جماعت میں موجود اشیا کی مدد سے گنتی کی مشق کروائیے۔ پوچھیے کہ جماعت میں کتنی کھڑکیاں ہیں؟ کرسیاں ہیں؟ مکمل جملے ادا کرنے کی ہدایت دیں۔
- صفحہ ۷۸ پر قواعد کی مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- طلبہ کو خود مشق حل کرنے کا موقع دیں۔ ہے اور ہیں کے دُرست استعمال پر توجہ دیں۔

- بچّوں کے کام کر لینے کے بعد دُرست جوابات بچّوں سے پوچھ کر لکھیے۔ بچّوں کو اپنے کام کی اصلاح خود کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- دی گئی سرگرمی کو گروہ کی صورت میں کروائیے۔
- سبق میں موجود اچھے الفاظ کو گفتگو میں استعمال کرنے کی مزید مشق کروانے کے لیے نئی صورتحال بنا کر دیجیے۔
- سرگرمی کے دوسرے حصّے میں طلبہ کو ہدایت دیں کہ رنگین کاغذوں کے پھُول پر اچھے الفاظ لکھ کر ساتھیوں، اساتذۂ کرام اور والدین کو دیں۔ بچّوں کی creativity کو سراہیں اور ان الفاظ کے ذریعے محبت بڑھانے کی اہمیت واضح کریں۔
- اُردُو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحات ۳۷ تا ۳۸ کروائیے۔ (تجویز)

## حل شدہ مشق

### سنیے، پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

### ۱۔ معروضی سوالات

i وعلیکم السلام ii اللہ حافظ iii معاف کیجیے iv جزاک اللہ v آپس میں محبت بڑھانے کے لیے

### ۲۔ خوش خطی

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

### ۳۔ قواعد (یہ کتنے ہیں؟)

i ایک پنسل ii دو موزے iii یہ تین مرغے ہیں iv یہ چار گھوڑے ہیں

v یہ پانچ باجے ہیں

### سرگرمی

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

## مُرغی اور چُوزے ........... (صفحہ ۷۹۔۸۱)

### مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بول چال اور جُملوں کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے واقعے یا کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کرسکیں۔
- سبق کی پڑھائی کرسکیں۔

- بڑوں کی بات ماننے کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- گروہی کاموں میں شمولیت اختیار کرسکیں۔
- سبق کو ڈرامے کے انداز میں پیش کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- مرغی اور چوزوں کے ماسک کے کٹ آؤٹ
- موتیا صفحہ ۷۹۔۸۰، ۸۱
- فلیش کارڈز
- رنگین کاغذ
- رنگین پنسل
- ربر بینڈ

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- طلبہ کے ساتھ گفتگو کے دوران سوالات کیجیے۔مثلاً : کیا آپ بڑوں کی بات مانتے ہیں؟ ایسا کرنا کیوں ضروری ہے؟
(ممکنہ جوابات : اس لیے کہ وہ بڑے ہیں اور ہماری بھلائی چاہتے ہیں ، ان کی بات نہ ماننے سے ہمیں نقصان ہوسکتا ہے۔)
- بچّوں کو کہانی کے صفحات پر دی گئی تصاویر دیکھنے کا موقع دیجیے۔

مشاہداتی سوالات : پہلی تصویر میں کیا نظر آرہا ہے؟ کِس وقت کا منظر ہے؟ آپ نے کیسے اندازہ لگایا؟ یہ سب کہاں رہتے ہیں؟ کتنے چوزے ہیں؟ دوسری تصویر میں امی کیا کہہ رہی ہیں؟ تیسری تصویر میں کیا ہورہا ہے؟ ایک بچّہ دوسرے بچّوں سے ہٹ کر کیوں کھڑا ہے؟

- تاثرات اور آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی پڑھ کر سُنائیے۔مثلاً مرغی کے آواز دینے کے بارے میں بتاتے وقت ایسی ہی آواز بنائیے، جیسے کسی کو آواز دیتے وقت کچھ زور سے نکالی جاتی ہے۔ تصاویر میں موجود الفاظ بھی پڑھوائیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد بچّوں سے صفحہ ۸۰ پر موجود زبانی سوالات پر تبادلۂ خیال کیجیے۔
- بچّوں کو مثالوں سے سمجھائیے کہ بڑوں کی بات ماننا ہمارے لیے فائدہ مند ہوتا ہے۔
- گروہ میں طلبہ سے سبق پر ڈرامہ تیار کروائیے۔

کردار : مرغی چوزے ( چوچو، مانی، موتی، نومی)، چیل

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کیجیے۔
- ماسک بنا کر دیجیے اور طلبہ سے رنگ بھروائیے۔

- کرداروں کو ان کے مکالمے تاثرات سے پڑھنے کی مشق/ ریہرسل کے لیے وقت دیجیے۔
- ہر گروہ کو تیار کیا جانے والا ڈرامہ جماعت میں پیش کرنے کی ہدایت دیجیے۔ طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## حل شدہ مشق

### سرگرمی

کتاب میں موجود ہدایات اور رہنمائے اساتذہ میں بتائے گئے طریقے کی مدد سے سرگرمی کروایئے۔

۱۔ کتاب سے 'حمد' پڑھیے اور بتائیے۔

(i) یہ دنیا اور اس میں موجود ساری چیزیں کس نے بنائی ہیں؟

---

(ii) ہم سب کو کس نے بنایا؟

---

۲۔ سوالوں کے جواب لکھیے۔

(i) سبق 'میرا اسکُول' میں پھاٹک اور دیواروں کا رنگ کیا ہے؟ لکھیے

---

(ii) سبق 'ایک گھر' میں سب چھٹّیوں میں کہاں جاتے ہیں؟

---

(iii) گندا رہنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

---

(iv) السّلامُ علیکُم کا مطلب کیا ہے؟

---

۲۔ دیے گئے جُملوں کے آخر میں ختمہ (۔) اور سوالیہ نشان (؟) لگائیے۔

(i) یہ کون ہے

(ii) یہ علی ہے

۳۔ واحد الفاظ کی جمع بنائیے۔

(i) موزا ________________

(ii) تارا ________________

(iii) گھوڑا ________________

۴۔ 'کا، کو، کی، کے' لگا کر جُملے مکمل کیجیے۔

(i) یہ علی ________ بستہ ہے۔

(ii) وہ زارا ________ گڑیا ہے۔

(iii) علی ________ طوطا پسند ہے۔

(iv) زارا ________ پاس مانو ہے۔

۵۔ مذکّر کی مونّث اور مونّث کا مذکّر لکھیے۔

(i) نانا ______________

(ii) امّی ______________

(iii) دادا ______________

۶۔ 'گا، گی، گے' لگا کر جُملے مکمل کیجیے۔

(i) میں کل نہا لوں ______ ۔

(ii) زارا ناخن کاٹے ______ ۔

(iii) جراثیم بیمار کر دیں ______ ۔

۷۔ ہندسے اور الفاظ میں گنتی لکھیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ہندسے | ۱ | | ۳ | | ۵ |
| الفاظ | ______ | دو | ______ | چار | ______ |

# اچّھی بات ........... (صفحہ ۸۲۔۸۶)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- مزے اور آہنگ سے نظم پڑھ سکیں۔
- اچّھی باتوں سے آگاہ ہوسکیں۔
- نظم، کہانی، لطیفہ یا پہیلی پڑھ کر پسند کا اظہار کرسکیں۔
- دُرست تلفّظ سے نظم پڑھ سکیں۔
- نظم سے متعلق معروضی سوالات کے دُرست جواب دے سکیں۔
- دُرست الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کرسکیں۔
- نظم لکھنے کے طریقے سے نظم خوش خط لکھ سکیں اور املا کی تیّاری کر کے املا کرسکیں۔
- نظم پڑھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- دو سے تین ارکان والے الفاظ استعمال کرتے ہوئے تین سے پانچ آسان جملے لکھ سکیں۔
- نظم کو بغور پڑھ کر زبر، زیر، پیش کے الفاظ الگ کرسکیں۔
- ہم آواز الفاظ پہچان سکیں۔
- نظم میں سے 'ھ' والے الفاظ چن کر لکھ سکیں۔
- تصویر/ ماڈل کو دیکھ کر تین سے پانچ جملوں میں اپنے خیالات کا اظہار کرسکیں۔
- اچھے کاموں کی فہرست بنا سکیں۔
- تصویر بنا کر تخلیقی صلاحیت کا اظہار کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۸۲۔۸۶
- فلیش کارڈز

## پیریڈز : ۶

## طریقۂ کار

- صفحہ ۸۲ پر دیے گئے خاص الفاظ کو فلیش کارڈز کی مدد سے پڑھایئے۔
- صفحہ ۸۲ پر دیے گئے زبانی سوالات پر تبادلۂ خیال کرتے ہوئے اچّھی عادتوں کی اہمیت بتایئے۔ اچّھا انسان کیسا ہوتا ہے؟

- نظم ترنّم سے پڑھ کر سنائیے اور بچّوں کے ساتھ دہرائیے۔
- نظم میں موجود اچّھی باتیں تختۂ تحریر پر لکھ کر تبادلۂ خیال کیجیے۔
- نظم کے خاص الفاظ فلیش کارڈز کی مدد سے پڑھائیے اور معانی سمجھائیے۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ ۸۲ کھولنے کی ہدایت دیجیے۔
- جماعت کے ہر بچّے کو نظم کا ایک بند پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔
- دورانِ پڑھائی تمام طلبہ کو پڑھے جانے والے الفاظ پر انگلی اور نظر رکھنے کی ہدایت دیں۔
- طلبہ کو اچّھی پڑھائی کرنے پر شاباش دیجیے۔جن طلبہ کو پڑھنے میں مشکل ہو، ان کو انفرادی توجہ دیں اور اگلی دفعہ جماعت میں پڑھائی کے دوران ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- صفحہ ۸۳ پر دیے گئے معروضی سوالات کا سوال ۱ تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- مشق تختۂ تحریر پر بچّوں کی مدد سے حل کیجیے۔ طلبہ کو اُن کے کام کی اصلاح کی ہدایت دیجیے۔
- صفحہ ۸۴، سوال ۲ کا کام تختۂ تحریر پر سمجھانے کے بعد لکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- نظم کے پہلے دو بند کی خوش خطی کاپی میں کروائیے۔
- گھر کا کام، نظم کے دوسرے بند کو خوش خط لکھ کر املا کی تیاری کریں۔
- نظم کے دوسرے بند کا املا لیجیے۔
- صفحہ ۸۴ سوال جواب کی مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- بچّوں کو جوابات خود لکھنے کا موقع دیں۔ تحریر کام کی نگرانی کرنے کے دوران اصلاح کیجیے۔
- صفحہ ۸۵، سوال ۵ میں الفاظ کے جملے بنوائیے۔
- کام کاپی میں کروائیے۔ جملے تخلیق کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کیجیے۔
- بچّوں کے بنائے ہوئے جملے سنیں۔ اصلاح اور حوصلہ افزائی کریں۔
- صفحہ ۸۵ پر قواعد کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- بچّوں کو نظم غور سے پڑھنے اور زبر، زیر اور پیش والے الفاظ چن کر لکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- حرکات کی وجہ سے الفاظ کی آواز میں فرق واضح کریں۔ (آواز کے ذریعے)
- سوال ۷، ہم آواز الفاظ، کے معنیٰ بتائیے۔ مثالوں سے سمجھائیے۔
- دیے گئے لفظ کے ہم آواز الفاظ نظم میں سے تلاش کر کے کتاب میں لکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- سوال ۸، نظم میں سے 'ھ' والے الفاظ چن کر لکھوائیے۔
- ہم آواز الفاظ کی مثالوں کے ذریعے مشق کروائیں۔ (دال، بال، کھال)
- سرگرمی کا دل چسپ انداز میں تعارف کرائیں۔
- صفحہ ۸۶ پر موجود تصاویر کو بغور دیکھنے کا موقع دیں۔
- اچھے کاموں کو پہچان کر ✓ کا نشان اور غلط کاموں پر × کا نشان لگوائیں۔ بچّوں کو یہ کام خود کرنے دیں تاکہ وہ دُرست اور غلط کاموں میں فرق کرنا سیکھ سکیں۔

- ان تصاویر میں سے کسی ایک کے بارے میں تین جملے لکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- کام کاپی میں کروائیے۔ نگرانی کیجیے اور جملے بنانے میں رہنمائی کریں۔
- نظم میں بتائے گئے اچھے کام پر تبادلۂ خیال کیجیے۔ بچّوں سے ان کے کاموں کی فہرست کاپی میں لکھوائیے جو وہ خود کرتے ہیں۔ تصاویر بنانے کی ہدایت دیجیے۔
- بچّوں کے بنائے ہوئے جملے سنیے۔ اصلاح اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- سبق ۹ کے خاص الفاظ فلیش کارڈز سے پڑھائیے۔

# حل شدہ مشق

## سنیے، پڑھیے

کتاب میں دی گئی ہدایات کے مطابق عمل کیجیے۔

## ۱۔ معروضی سوالات

i صاف ii رات iii کام iv بڑوں v دوستوں vi وقت

## ۲۔ خالی جگہ پر کیجیے

i نہانا، کنگھی ii جلدی iii کھیلنا، کھانا iv ادب v مل

## ۳۔ خوش خطی

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## ۴۔ سوال جواب

i چار مرتبہ ii بڑوں کے ساتھ ادب سے رہنا چاہیے iii دوستوں کے ساتھ مل کر رہنا چاہیے

## ۵۔ جملے بنائیے

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| صاف | دانتوں کو روز صاف کرنا چاہیے۔ |
| ہمیشہ | ہمیشہ بڑوں کا ادب کرو۔ |
| اچّھی | زارا بہت اچّھی بچّی ہے۔ |
| وقت | وقت پر سونا اچّھی عادت ہے۔ |
| کام | اپنا ہر کام خود کرو۔ |

## ۶۔ قواعد (زیر، زبر، پیش)

زبر: جَلدی اَچھی وَقت

زیر: مِل

پیش: سُتھرا صُبح تُم

## ۷۔ ہم آواز الفاظ

رہنا کرنا سونا اٹھنا کھانا

## ۸۔ صوتیات

سُتھرا کنگھی اچھی اٹھنا کھانا بھی

## سرگرمی

• دُرست کاموں پر ✓ اور غلط کاموں پر ✗ لگائیے۔




کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

# شیر آیا شیر آیا! ........... (صفحہ ۸۷۔۹۱)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- دی گئی ہدایات سُن کر اُن پر عمل کرسکیں۔
- کسی تصویر/ منظر کو دیکھ کر اپنی پسند ناپسند کا اظہار کرسکیں۔
- قومی زُبان میں سادہ کہانی سُن کر تفہیمی سوالات کے دُرست جوابات دے سکیں۔

- سبق پڑھ کر معروضی سوالات کے دُرست جواب دے سکیں۔
- سبق پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھ سکیں۔
- حکایت کے ذریعے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔
- اخلاقیات کا سبق سیکھ سکیں۔ سچ بولنے کی اہمیت سمجھ سکیں۔
- پڑھائی گئی کہانی پر ڈراما تیار کر کے جماعت میں پیش کرسکیں۔
- الفاظ کے جملے بنا سکیں۔
- تنوین پہچان کر لکھ سکیں۔
- 'ی'اور 'ے' کی درمیانی شکل کے الفاظ پہچان سکیں۔
- کہانی کو تمثیلی انداز میں پیش کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۸۷ تا ۹۱
- فلیش کارڈز
- کرداروں کے ماسک

## پیریڈز : ۷

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے خاص الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔
- طلبہ سے سوال کیجیے کہ آپ کو کہانیاں سننا کیسا لگتا ہے؟ صفحہ ۸۷ پر دیے گئے زُبانی سوالات کیجیے۔
- سچ کی اہمیت کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے پوچھیے کہ سچ بولنا اچھی بات کیوں ہے؟ (متوقع جوابات: اللہ تعالیٰ خُوش ہوتے ہیں۔ سچ بولنے سے ثواب ملتا ہے۔) بچّوں کو بتایئے کہ سچ بولنے والا ہمیشہ فائدہ میں رہتا ہے۔ لوگ اس پر یقین کرتے ہیں۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمّد رَسُوْلُ اللہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی مثال دیجیے کہ وہ کبھی جھوٹ نہیں بولتے تھے اس لیے لوگ انھیں صادق کہتے تھے۔
- بچّوں کو تصاویر بغور دیکھنے اور خود سے پڑھنے کی کوشش کرنے کا وقت دیجیے۔ اگر سبق شروع ہونے سے تین چار دن پہلے فرہنگ سے اس کہانی کے فلیش کارڈز پڑھانے شروع کردیے جائیں تو بچّے پڑھنے میں آسانی محسوس کریں گے۔ کیونکہ صوتی اور بصری طریقے سے پڑھنے کی وجہ سے وہ پہلے ہی کچھ الفاظ سیکھ چکے ہوں گے۔
- بعد ازاں خود تاثرات کے ساتھ حرف بہ حرف دُرست پڑھ کر سنایئے۔ مکالموں کو دُرستی سے پڑھیے۔ بچّوں سے باری باری چند جُملے پڑھوایئے۔
- کہانی کی فہم کے لیے یہ سوالات بھی پوچھیے:

- ❖ لڑکا گاؤں والوں کو کیوں بلا رہا تھا؟
- ❖ متوقع جواب: وہ اپنی مدد کے لیے بلاتا تھا لیکن اسے مدد کی ضرورت نہیں تھی کیونکہ وہ جھوٹ بول رہا تھا۔
- ❖ گاؤں والے اس کی آواز پر کیوں آجاتے تھے؟
- ❖ متوقع جواب: کیونکہ وہ نیک اور رحم دل تھے اور اس کی مدد کرنا چاہتے تھے۔
- ❖ تیسری بار وہ کیوں نہیں آئے؟
- ❖ متوقع جواب: کیونکہ وہ سمجھ رہے تھے کہ ہمیشہ کی طرح اب بھی وہ جھوٹ بول رہا ہے۔
- ❖ آپ گاؤں والوں کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟ کیا آپ پہلی اور دوسری بار ہی آتے؟ یا تیسری بار بھی آتے؟
- ❖ بچّوں سے اس کہانی کا کوئی اور نام سوچنے کا کہیے اور تختۂ تحریر پر ان کے بتائے ہوئے نام لکھیے۔مثلاً: 'سچ بولنا اچھی عادت'، 'بے وقوف نہ بناؤ'۔

- طلبہ اپنی پسند کا نام لکھ کر اس کہانی کی تصاویر اپنی کاپی میں بنائیں (اپنے ذہن میں اُبھرنے والی تصویریں)۔
- صفحہ ۸۹، سوال ۱، معروضی سوالات کی مشق تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- بچّوں کو خود حل کرنے کا موقع دیں۔
- تختۂ تحریر پر بچّوں کی مدد سے مشق حل کرنے کے بعد ان سے اپنے کام کی اصلاح کروائیے۔
- خوش خطی (صفحہ ۹۰) کی مشق جماعت میں کروائیے۔ املا کی تیّاری کے لیے دے کر اگلے دن املا کروائیے۔
- سوال کی مشق (صفحہ ۹۰) پر زبانی تبادلۂ خیال کیجیے۔
- سوالات (صفحہ ۹۰) تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- طلبہ سے سوالات پر تبادلۂ خیال کرکے جوابات معلوم کیجیے۔
- طلبہ کو کتاب میں جواب تلاش کرنے کا موقع دیں۔
- کام کاپی میں کروائیے۔
- جوابات لکھتے ہوئے جملوں کی دُرست بناوٹ پر توجہ دیں۔
- صفحہ ۹۰ پر موجود جملے بنانے کی مشق کروانے سے پہلے طلبہ سے زُبانی جملے تخلیق کروائیے۔
- جملے کاپی میں تحریر کروائیے۔
- طلبہ سے ان کے بنائے ہوئے جملے سنیے۔ اصلاح اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- دو زبر ً کا تعارف کرواتے ہوئے بتائیے کہ یہ 'تنوین' کہلاتی ہے۔
- لفظ فوراً تین بار لکھنے کی مشق کروائیں اور لفظ کی ادائی باآواز بلند کروائیں۔
- سوال ۵ (صفحہ ۹۱) کا کام سمجھائیے۔مثالوں سے 'ی' اور 'ے' کی درمیانی شکل کا اعادہ کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر کام لکھیے۔ بچّوں کو کتاب میں مشق خود حل کرنے کا موقع دیجیے۔
- 'ے' کی درمیانی شکل کا مثالوں سے اعادہ کروائیے۔
- مشق تختۂ تحریر پر لکھیے۔ بچّوں کو کتاب میں خود حل کرنے کا موقع دیجیے۔

- بعدازاں تختۂ تحریر پر مشق بچّوں کی مدد سے حل کیجیے۔ طلبہ سے ان کے کام کی اصلاح کروائیے۔
- صفحہ ۹۱ پر دی گئی سرگرمیاں دل چسپ انداز میں کروائیے۔
- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کیجیے۔ کہانی کے کردار دونوں گروہوں میں بنائیے اور کہانی پر ڈراما پیش کروائیے۔
- کردار: لڑکا، بھیڑ، گاؤں کے لوگ، شیر، کہانی بیان کرنے والا (Narrator)۔
- طلبہ کو کرداروں کے مکالمے تاثرات سے پڑھنے کی مشق/ ریہرسل کرنے کے لیے وقت دیجیے۔
- دونوں گروہوں سے ڈراما پیش کروائیں۔ طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- سبق ۱۰ کے خاص الفاظ کے فلیش کارڈز کی بصری پڑھائی کروائیے۔

## حل شدہ مشق

### سنیے، پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

### ۱۔ معروضی سوالات

i لڑکا ii پہاڑ iii گھاس iv بے وقوف v تیسرے vi سچ بولنا

### ۲۔ خوش خطی

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

### ۳۔ سوال جواب

i لڑکا گاؤں میں رہتا تھا۔

ii لڑکا چیخ کر کہہ رہا تھا، ”شیر آیا، شیر آیا، مجھے بچاؤ، مجھے بچاؤ۔“

iii تیسرے دن لڑکے کے پاس کوئی نہیں آیا کیوں کہ پہلے اُس نے سب کو دو بار جھوٹ بول کر بے وقوف بنایا تھا۔

iv لڑکے کو یہ سزا ملی کہ جب سچ مچ شیر آیا تو کوئی اس کو بچانے نہیں آیا اور اس کی کچھ بھیڑوں کو شیر کھا گیا۔

## ۴۔ جملے بنائیے

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| گاؤں | مجھے گاؤں کی صاف ہوا پسند ہے۔ |
| لڑکا | میرا بھائی ایک اچھا لڑکا ہے۔ |
| شیر | شیر جنگل کا بادشاہ ہے۔ |
| سچ | ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔ |
| ناراض | دوسروں کو ناراض کرنے والے کاموں سے بچنا چاہیے۔ |

## قواعد (تنوین)

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## ۵۔ صوتیات (ی کی درمیانی شکل)

i جِیت ii تِین iii پِیر

## ۶۔ ے کی درمیانی شکل

i تیز ii میز iii کھیل

## سرگرمی

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کرواکر سرگرمیاں سرانجام دیجیے۔

# مزے کی سَیر ........... (صفحہ ۹۲۔۹۴)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- آہنگ اور لے کے حوالے سے سادہ مصرعے، اشعار اور نظمیں سن کر پسند بتاسکیں۔
- مختصر نظمیں انفرادی طور پر اور مل کے ترنم سے پڑھ سکیں۔
- نظم پڑھ کر سوالات کے جواب دے سکیں۔
- اپنی پسند ناپسند کا مناسب الفاظ میں اظہار کرسکیں۔
- جانوروں کے نام، ان کی غذا اور حرکات کے بارے میں جان سکیں۔
- اپنے پسندیدہ جانور کے بارے میں تبادلۂ خیال کرسکیں۔

- ہم آواز الفاظ لکھ سکیں۔
- ٹی۔وی اور برقی میڈیا پر اُردُو کے روز مرہ استعمال کے آسان الفاظ پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد

- جانوروں کی تصاویر اور خاص الفاظ کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۹۲۔ ۹۴
- اُردُو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۵۳ تا ۵۴ (تجویز)

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

- آمادگی کے لیے بچّوں سے صفحہ ۹۲ پر دیے گئے زُبانی سوالات کے ساتھ مزید سوالات کیجیے، مثلاً: کیا آپ کبھی چڑیا گھر گئے ہیں؟ اگر نہیں گئے تو کیا آپ نے جانوروں کے بارے میں کوئی فلم دیکھی ہے؟ وہاں کون کون سے جانور دیکھے تھے؟ کیا چیز بہت اچّھی لگی تھی؟ جانوروں کے علاوہ وہاں کیا کیا دیکھا؟
- آپ کو کون سا جانور پسند آیا؟ کون سے جانور سے ڈر محسوس ہوا؟
- نظم کے خاص الفاظ فلیش کارڈز کی مدد سے پڑھائیے اور معانی سمجھائیے۔
- طلبہ کو نظم خاموشی سے پڑھنے اور تصاویر دیکھنے کا موقع دیجیے۔
- نظم تاثرات سے پڑھ کر سنائیے۔
- تمام بچّوں سے نظم کے دو دو اشعار انفرادی طور پر پڑھوائیے۔ بعد ازاں پوری جماعت مل کر ایک ساتھ نظم پڑھے۔
- طلبہ کو اچھی پڑھائی کرنے پر شاباش دیجیے۔جن طلبہ کو پڑھنے میں مشکل پیش آئی ہو ان کو انفرادی توجہ دیں اور اگلی دفعہ جماعت میں پڑھائی کراتے وقت ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- صفحہ ۹۲ پر دیے گئے معروضی سوالات تختۂ تحریر پر لکھیے۔مشق کا کام سمجھا کر نظم سے جواب تلاش کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بعدازاں تختۂ تحریر پر طلبہ سے دُرست جوابات پُوچھ کر لکھیے اور ان کو اپنے کام کی خود اصلاح کرنے کے لیے کہیے۔
- خوش خطی کروائیے اور املا کی تیّاری کا کام گھر سے کر کے آنے کی ہدایت دیجیے۔
- اگلے دن املا کروائیے۔
- صفحہ ۹۴ پر سوال جواب کی مشق تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- بچّوں سے زُبانی جواب پوچھ کر جملے دُرست کرنے کے بعد تختۂ تحریر پر پہلے سوال کا جواب لکھیے۔ باقی جوابات خود لکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- صفحہ ۹۴ پر قواعد کی مشق سمجھائیے اور کام تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- ہم آواز الفاظ کا اعادہ کروائیں۔مثال کے لیے روز مرہ استعمال ہونے والے الفاظ کے ہم آواز بتائیے۔ (تالا، جالا، پالا)

- بچّوں سے الفاظ کے ہم آواز پوچھیے۔ ملنے والے دُرست الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے۔ بچّوں کو کتاب میں لکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچّوں کو اگلی جماعت میں اپنی پسند کا ایک کھلونا جانور لانے کی ہدایت دیجیے۔

## حل شدہ مشق

### سنیے، پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

### ۱۔ معروضی سوالات

i قیں قیں ii پتے iii شیر iv چڑیا گھر v ہنساتا

### ۲۔ خوش خطی

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

### ۳۔ سوال جواب

i چڑیا گھر کی سیر مزے کی تھی۔
ii ہاتھی سونڈ اٹھا رہا تھا۔
iii زرافہ پتے کھا رہا تھا۔
iv بندر قلابازی لگا رہا تھا۔

### ۴۔ قواعد (ہم آواز الفاظ)

ساتھی، ہلاتا، لگاتا، بھولے

## سرگرمی

- کتاب میں دی گئیں ہدایات پر عمل کیجیے۔ سرگرمی کا کام دل چسپ انداز میں کروائیے۔
- گھر سے لائے ہوئے کھلونا جانور جھاڑیوں، پتوں اور تصاویر کی مدد سے چڑیا گھر بنائیے۔ بچّوں کو موقع دیں کہ وہ اپنے پسندیدہ جانور کے بارے میں بتائیں۔ ممکن ہو تو معلوماتی دَورے پر چڑیا گھر لے جائیے۔
- چڑیا گھر کے ماڈل کو کمرہ جماعت میں نمایاں مقام پر رکھیے۔ بچّوں سے آوازوں اور خصوصیات پر تبادلۂ خیال کیجیے۔
- سبق ۱۱ 'خاص الفاظ' کی پڑھائی فلیش کارڈز سے کروائیے۔

# کیا پالوں؟ ............ (صفحہ ۹۵-۱۰۱)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- متن کی بلندخوانی اور خاموش مطالعہ کرسکیں۔
- متن پڑھ کرمعروضی سوالات کے جوابات چُن کر لکھ سکیں۔
- متن کی مدد سے خالی جگہوں میں دُرست الفاظ لکھ سکیں۔
- دیے گئے تفہیمی سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔
- دیے گئے الفاظ اپنے جملوں میں استعمال کرسکیں۔
- سکتہ کی علامت کی پہچان کر کے دائرہ بنا سکیں۔
- ارکان ملا کر الفاظ سازی کرسکیں۔
- اُردُو میں سادہ جُملے، مصرعے، شعر، لطیفے، پہیلیاں اور واقعات سُنا سکیں۔
- لطیفہ یا پہیلی سُن کر وضاحت کرسکیں۔
- تصویر/ ماڈل/ منظر دیکھ کر تین سے پانچ جملوں میں اپنے خیالات کا تحریری اظہار کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۹۵-۱۰۲
- فلیش کارڈز
- A4 پیپرز
- معاون کتاب 'پھول' کی کہانی 'چڑیا گھر' صفحہ ۶۷ (تجویز)

## پیریڈز : ۶

## طریقۂ کار

- سبق کے خاص الفاظ کو فلیش کارڈز کی مدد سے پڑھائیے۔
- سبق کا دل چسپ انداز میں تعارف دیجیے۔صفحہ ۹۵ پر دیے گئے زبانی سوالات پر تبادلۂ خیال کیجیے۔
- طلبہ کو خاموشی سے خود پڑھنے اور تصاویر دیکھنے کا وقت دیجیے۔ خاص الفاظ سے شناسائی کی وجہ سے وہ خود پڑھ سکیں گے۔
- سبق 'کیا پالوں' دل چسپ انداز میں تاثرات سے پڑھ کر طلبہ کو سنائیے۔ بعدازاں ہر طالبِ علم سے چندسطور پڑھوائیے۔ تاثرات اور دُرست تلفّظ کا خیال رکھوائیے۔

# تیسری سہ ماہی

- صفحہ ۹۵ پر موجود پہیلی پڑھ کر سنائیے۔ ایک دوسرے سے پہیلی پوچھنے کی اجازت دیجیے۔
- بچّوں سے تبادلۂ خیال کیجیے کہ ہاتھی، زرافہ اور شیر کیوں نہیں پال سکتے؟ پالتو جانور اور چڑیا گھر میں رکھے جانے والے جنگلی جانوروں کا فرق بتائیے۔
- طلبہ کو A4 سائز پیپر دے کر اور طلبہ کو اپنے پسندیدہ جانور کی تصویر بنانے کی ہدایت دیجیے۔
- صفحہ ۹۷ تا ۹۸ پر موجود معروضی سوالات کی مشق سمجھائیے اور تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- طلبہ کو خود دُرست جواب تلاش کرنے کا موقع دیجیے۔
- طلبہ کی مدد سے مشق تختۂ تحریر پر حل کروائیے۔
- صفحہ ۹۸، سوال ۲، خالی جگہ کی مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- صفحہ ۹۹ پر خوش خطی کی مشق میں موجود جانور کے نام پوچھیے۔
- صفحہ ۹۹ پر خوش خطی کی مشق سمجھا کر کتاب میں کروائیے۔ سبق سے دیکھ کر نام لکھوائیے۔ تختۂ تحریر پر بھی نام لکھیے تاکہ طلبہ الفاظ کی دُرست بناوٹ سیکھ سکیں۔
- صفحہ ۹۹ پر موجود سوال جواب کی مشق سمجھائیے۔ سوالات تختۂ تحریر پر لکھنے کے بعد تبادلۂ خیال کیجیے۔ سبق سے جواب تلاش کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- طلبہ سے زُبانی جوابات سُننے کے بعد تحریر کرنے کے لیے ہدایت دیجیے۔ انفرادی طور پر مدد دیجیے۔ طلبہ کے کاپی میں کام کرنے کے بعد تختۂ تحریر پر سوالوں کے دُرست جوابات لکھ کر اُن سے جوابات کی اصلاح کروائیے۔
- صفحہ ۱۰۰ پر 'جملے بنائیے' کی مشق سمجھا کر طلبہ کو خود جملے تخلیق کرنے کا موقع دیجیے۔
- تحریر کام کی نگرانی اور رہنمائی کیجیے۔
- سکتہ کی وضاحت کرنے کے بعد مثالوں کے ذریعے اس کا استعمال بتائیے۔ (مثالوں کے ذریعے واضح کریں کہ کس طرح سکتہ کی جگہ کی تبدیلی سے جملے کا مفہوم بدل جاتا ہے)۔
- سوال ۶(صفحہ ۱۰۰) سمجھا کر تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- جملے بلند آواز میں پڑھیے۔ طلبہ سے سکتہ کی نشان دہی کروائیے۔
- مشق کتاب میں حل کروائیے۔
- دی گئی مشق سوال ۷ (صفحہ ۱۰۱) سمجھا کر تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- ارکان ملا کر الفاظ کتاب میں لکھوائیے۔
- سرگرمی (صفحہ ۱۰۱) میں دی گئی پہیلی سنا کر جواب پوچھیے۔
- بچّے اپنے ساتھیوں سے پہیلیاں پوچھ سکتے ہیں۔ یہ کام طلبہ کی جوڑیاں بنوا کر کروائیے۔

# حل شدہ مشق

## سنیے، پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

## ۱۔ معروضی سوالات

i زارا ii کھانا iii لمبی iv شیر v دادا جان vi دودھ

## ۲۔ خالی جگہ پر کیجیے

i زرافے ii بلی iii خالہ iv نارنجی v پیاری

## ۳۔ خوش خطی

شیر، زرافہ، گھوڑا، بندر، بلّی، ہاتھی

## ۴۔ سوال جواب

i زارا نے سب سے پہلے ہاتھی پالنے کا سوچا۔
ii زارا نے زرافہ لمبی گردن کی وجہ سے نہیں پالا۔
iii دادا جان کے دوست کی بلّی نے چار بچے دیے۔
iv بلّی شیر جیسی ہوتی ہے اسی لیے اُسے شیر کی خالہ کہا جاتا ہے۔
v زارا نے نارنجی اور سفید رنگ کا بلّی کا بچّہ پسند کیا۔

## ۵۔ جملے بنایئے

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| ہاتھی | ہاتھی بہت سارا کھانا کھاتا ہے۔ |
| لمبی | زرافہ کی گردن لمبی ہوتی ہے۔ |
| پسند | مجھے چوزے پسند ہیں۔ |
| جانور | گدھا سواری کا جانور ہے۔ |
| شوق | مجھے طوطے پالنے کا شوق ہے۔ |

## ۶۔ قواعد (سکتہ)

i علی نے اپنے بستے میں گیند ⓪ بھالو اور بہت سے کھلونے بھر لیے۔
ii مالی نے زمین میں بیج بویا ⓪ کھاد ڈالی اور پانی دیا۔
iii دیکھو علی دھیان سے ⓪ کہیں کیڑا نہ کاٹ لے۔
iv علی کو کرکٹ کھیلنا پسند نہیں ⓪ شان کو بہت پسند ہے۔

## ۷۔ صوتیات (ملایئے اور لکھیے)

i پالنے ii اچّھا iii سکتی iv لمبی v مجھے vi شیر vii جیسی
viii بستر ix اپنے

### سرگرمی

جوڑیوں میں بچّوں سے پہیلی پڑھوایئے دوسرے بچّے جواب بوجھیں۔

## تخلیقی لکھائی ........... (صفحہ ۱۰۲)

### طریقۂ کار

- بچّے جماعت اوّل میں حروف سے الفاظ اور الفاظ سے جملے لکھنے کا سفر طے کرتے ہیں۔ اس کے لیے مناسب حکمت عملی اختیار کرنا ضروری ہے۔ الفاظ سکھانے کے بعد اچانک جملے بنانے کا کام دے دینے سے بچّے ناکام ہوتے ہیں اور مایوسی کی وجہ سے اُردو سے رغبت ختم ہوجاتی ہے۔ سیکھنے کا عمل خُوش گوار ہونا چاہیے اور چھوٹی چھوٹی آسان کامیابیوں سے حوصلے کا بڑھتے رہنا ضروری ہے۔
- یہ صفحہ آسان سے مشکل، کی طرف ایک قدم ہے۔ اب تک بچّے کچھ جملے بنانا سیکھ چکے ہیں اب ایک موضوع پر چند جملے لکھنا سکھائے جا رہے ہیں۔ مثال کے جملے پڑھیے اور پڑھوایئے۔ یہ سوالات سوچ کو منظم اور جملوں کو مربوط کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔ ان کے جوابات دینا، انھیں پیراگراف لکھنے کے لیے تیار کرے گا۔
- صفحے کے نیچے دی گئی جگہ، بلّی کے بارے میں جملے لکھنے کے لیے ہے۔ یہاں اوپر دیے گئے سوالات کے صرف جوابات لکھوایئے۔ چھ سوالات کے جوابات چھ سطور میں الگ الگ ہی لکھوایئے۔ بچّے جوابات کے لیے کچھ الفاظ پوچھیں گے وہ تختۂ تحریر پر لکھ دیجیے مثلاً بلّی کے مختلف رنگ ........ آنکھوں کے رنگ، دُم لمبی۔ بچّوں کے پوچھے گئے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھ دیجیے۔
- موتیا کے صفحے پر کام کے بعد چیک کیجیے۔ اغلاط کی دُرستی غلط لفظ کے نیچے نشان لگا کر الگ دُرست لفظ لکھ کر کیجیے۔
- یہی کام کاپی میں 'بلّی' کے عنوان کے تحت خُوش خط نقل کروایئے۔ بچّے تصویر بھی بنائیں۔ بچّوں سے بنوائی گئی تصاویر کی نمائش کلاس میں کیجیے۔
- بچّوں کے لکھے ہوئے جملے جماعت میں سنیے۔ حوصلہ افزائی کیجیے اور اصلاح کریں۔
- سبق ۱۲ کے خاص الفاظ فلیش کارڈز سے پڑھایئے۔

## حل شدہ مشق

### لکھیے

- یہ بلی ہے۔
- اس کے کان چھوٹے ہیں۔
- اس کا رنگ بھورا ہے۔
- اس کے بال نرم ہیں۔
- اس کی آنکھیں گول ہیں۔
- اس کی دم لمبی ہے۔

نوٹ : طلبہ سے اپنی پسند کے جملے لکھنے کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## سبزیاں اور پھَل ........... (صفحہ ۱۰۳)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- مختصر کہانی سُن کر دُہرا سکیں۔
- مختصر نظمیں انفرادی طور پر اور مِل کر ترنّم سے پڑھ سکیں۔
- سبزیوں اور پَھلوں کے ناموں سے متعارف ہو کر پڑھنا اور لکھنا سیکھ سکیں۔
- مختصر کہانی تمثیلی انداز میں پیش کرسکیں۔
- نظم میں ہم آواز الفاظ پہچان کر لکھ سکیں۔
- چھے سے دس تک گنتی (الفاظ میں) لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- سبزیوں اور پَھلوں کی تصاویر یا اصلی سبزیاں اور ماسک
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۰۳۔ ۱۰۴
- اُردُو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۵۸ (تجویز)
- معاون کتاب 'پھُول' کی نظم 'پھَل' صفحہ ۷۵ (تجویز)

### پیریڈز : ۵

## طریقۂ کار


- فلیش کارڈز کے ذریعے خاص الفاظ کی بصری پڑھائی کروائیے۔
- صفحہ ۱۰۳ پر موجود زبانی سوالات پر تبادلۂ خیال کیجیے۔

طلبہ سے زبانی گفتگو کیجیے اور سوالات پوچھیے، جیسے:

سبزیاں کیا ہوتی ہیں؟ کون کون سبزی شوق سے کھاتا ہے؟ (انفرادی طور پر کچھ بچّوں سے ان کی پسندیدہ سبزی کا نام پوچھیے)

کیا آپ کبھی کچھ بھول جاتے ہیں؟ (بچّوں کے ذاتی واقعات مختصراً سنیے)

- موتیا صفحہ ۱۰۳ کھلوائیے۔ بچّوں کو تصویریں دیکھنے اور عبارات خود پڑھنے کی کوشش کرنے دیجیے۔ پڑھائی کے لیے ۱۰ منٹ کا وقت مختص کیجیے۔ پڑھائی کے بعد زبانی سوالات کیجیے مثلاً آپ کو اس صفحے پر کون کون سی سبزیوں کی تصاویر نظر آرہی ہیں؟ (سابقہ معلومات حاصل کیجیے کہ بچّوں کو کون سی سبزیوں کے نام اُردو زبان میں آتے ہیں)
- صفحہ تاثرات سے پڑھ کر سُنائیے اور پھر باری باری بچّوں سے پڑھوائیے۔
- پڑھائی کے بعد بچّوں سے مکالموں میں موجود سبزیوں کے ناموں پر دائرہ بنوائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر سبزیوں کے نام لکھوائیے (دو مرتبہ) اور تصاویر بنوائیے۔
- سبزیوں کے (نام لکھے ہوئے) ماسک بنوائیے۔ گتّے یا چارٹ پیپر پر سبزیوں کی بڑی تصویریں بنا کر کاٹ لیجیے۔ آنکھوں کے لیے گول دائرے کی صورت میں سوراخ کاٹ لیجیے۔ جماعت میں طلبہ کے گروہ بنوائیے۔




- ایک طالب علم 'احمد' اور باقی طلبہ سبزیوں کے ماسک پہن کر سبزیاں بنیں۔ ہر گروہ مکالمے ادا کر کے ڈراما باری باری پیش کرے۔

## حل شدہ مشق

### لکھیے

ایسی سبزیوں کے نام لکھیے جو سبق میں موجود نہیں ان کی تصویریں بھی بنائیں۔

### سرگرمی

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

# پھلوں کا ٹھیلا ........... (صفحہ ۱۰۴۔ ۱۰۵)

## طریقۂ کار

- پھلوں کے بارے میں سوالات پوچھیے۔ پھل کیا ہوتے ہیں؟ آپ کو کون سا پھل پسند ہے؟
- پھل کھانا اچھی صحت کے لیے کیوں ضروری ہے؟
- کیا آپ نے پھلوں کا ٹھیلا دیکھا ہے؟
- نظم 'پھلوں کا ٹھیلا' ترنّم سے پڑھ کر سنائیے۔
- طلبہ سے نظم پڑھوائیے۔
- نظم میں موجود پھلوں پر نشان لگائیں۔
- نظم اور نثر کا فرق بتائیے۔
- خوش خطی کی مشق (صفحہ ۱۰۴) جماعت میں خوش خط لکھوائیے۔ پہلے دو اشعار کے املا کی تیّاری گھر سے کر کے آنے کے لیے دیجیے اور اگلے دن املا لیجیے۔
- نظم میں موجود پھلوں کے ناموں کی فہرست بنائیے۔ ان کی تصاویر بھی بنائیے۔
- ہم آواز الفاظ کا اعادہ مثالوں سے کروائیے۔
- سوال ۲ (صفحہ ۱۰۴) تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- طلبہ سے ہم آواز الفاظ پوچھ کر جوابات تختۂ تحریر پر لکھیے۔ (سوچنے کے لیے چند منٹ کا وقت دیجیے)
- مشق کتاب میں حل کروائیے۔
- سوال ۳ (صفحہ ۱۰۵) کا کام سمجھا کر کام کتاب میں کروائیے۔
- خالی جگہوں میں گنتی اور چیزوں کے نام لکھوائیے۔
- صفحہ ۱۰۵ پر موجود سرگرمی سمجھائیے۔
- طلبہ کو تصاویر دیکھ کر سبزی کا نام پہچاننے کا موقع دیجیے۔
- طلبہ کو جن ناموں کو لکھنے میں دشواری کا سامنا ہو وہ تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- پھلوں کے نام ملانے کا کام سمجھا کر بچّوں سے خود کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- گھر کا کام: اپنے پسندیدہ پھل کے بارے میں معلومات جمع کر کے لائیں۔ (نام۔ ساخت، مزہ، رنگ، خوش بو، بیج کی تعداد، کھانے کا طریقہ)

# حل شدہ مشق

## سنیے، پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

## ۱۔ خوش خطی

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔ اشعار کو دُرست طریقے سے لکھنا سکھایئے۔


## ۲۔ قواعد (ہم آواز الفاظ)

ڈھیر، مول، کیلا، دام

## ۳۔ یہ کتنے ہیں۔

i چھے ہاتھی ii یہ سات تالے ہیں iii آٹھ طوطے iv یہ نو جالے ہیں
v یہ دس تارے ہیں

## سرگرمی




## تخلیقی لکھائی

# سوالوں کی مدد سے لکھیے ........... (صفحہ ۱۰۶)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- سوالات کی مدد سے جملے لکھ سکیں۔
- اپنی پسند کے پھل کے بارے میں تحریر کرسکیں۔
- مضمون کی ابتدائی شکل سے آگاہ ہوسکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر

- موتیا صفحہ ۱۰۶
- فلیش کارڈز (پھلوں کے نام)

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پھلوں کے نام پڑھوائیے۔
- طلبہ سے ان کے پسندیدہ پھل کے بارے میں پوچھیے۔ (کون سا ہے؟ کیوں پسند ہے؟)
- مشق میں دیے گئے سوالات دل چسپ انداز میں پڑھ کر سنائیے۔
- دیے گئے پھلوں کے نام میں سے بچّوں سے پوچھیے کہ آپ کو کون سا پھَل پسند ہے؟
- صفحہ کے نیچے موجود سطور میں سوالات کی مدد سے اپنے پسندیدہ پھل کے بارے میں لکھنا سکھائیے۔
- طلبہ کو خود جملے لکھنے کا موقع دیں۔
- نگرانی کیجیے۔ جہاں دشواری ہو وہاں رہنمائی کیجیے۔
- کتاب میں لکھوانے اور دُرستی کروانے کے بعد کاپی میں اسی پیراگراف کی خوش خطی کروایئے اور تصویر بنوایئے۔
- اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کی اہمیت پر بات کیجیے۔

# رنگ برنگی بتّیاں ........... (صفحہ ۱۰۷۔۱۱۲)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- اُردو زبان میں دیگر زبانوں کے الفاظ پڑھ کرمتن کے حوالے سے ان کا مفہوم بتاسکیں۔
- سبق کو دُرست تلفّظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
- معروضی سوالات کے دُرست جواب چُن کر لکھ سکیں۔
- خالی جگہ پُر کرسکیں۔
- سبق پڑھ کرسوالوں کے جواب تحریر کرسکیں۔
- دیے گئے الفاظ کے جملے بناسکیں۔
- محررہ نشانات، سنگِ میل اور سائن بورڈ دیکھ کرسمجھ اور بتاسکیں۔
- د، ڈ، ذ کے حروف کو ملا کر لکھ سکیں۔
- جملے میں اسم، فعل اورحرف کی پہچان کرسکیں۔
- جملوں میں اسم، فعل اورحرف کی ترتیب دُرست کرسکیں۔

- 'و' والے الفاظ پہچان سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۰۷ تا ۱۱۲
- فلیش کارڈز
- گتّے کی گاڑی
- ٹریفک کا اشارہ
- رنگین اشارے

## پیریڈز : ۷

## طریقۂ کار

- سبق کے خاص الفاظ کی فلیش کارڈز سے بصری پڑھائی کروائیے۔
- صفحہ ۱۰۷ پر موجود زبانی سوالات کیجیے۔
- طلبہ کو سبق میں دی گئی تصاویر دیکھنے کا موقع دیں۔
- دل چسپ انداز میں آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سنائیے۔
- صفحہ ۱۰۸ پر دیے گئے زبانی سوالات پر تبادلۂ خیال کیجیے۔
- جماعت کے ہر بچّے سے سبق کے چند جملے پڑھوائیے۔ پڑھتے وقت طلبہ کو تاثرات پر توجہ دینے کی ہدایت دیجیے۔
- کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ سبق کو دُرست تلفّظ اور لب و لہجے کے ساتھ پڑھے۔
- سبق کی پڑھائی کے دوران طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- معروضی سوالات (صفحہ ۱۰۹) کی مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- طلبہ کو دُرست جواب تلاش کرنے کا موقع دیں۔ بعدازاں طلبہ سے دُرست جواب پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے اور طلبہ سے اُن کے کیے گئے کام کی اصلاح کروائیے۔
- اسی طرح صفحہ ۱۱۰ پر خالی جگہ کا کام کروائیے۔ کام کے دوران نگرانی کیجیے۔ تحریری کام کے دوران رہنمائی کریں۔ بچّوں کو خود کام کرنے پر حوصلہ افزائی کیجیے۔
- طلبہ سے د، ڈ، ذ کے الفاظ لکھوائیے۔
- ان حروف کے ساتھ بننے والے الفاظ کی بناوٹ سمجھائیے۔
- صفحہ ۱۱۰ پر خوش خطی کی مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- طلبہ کو حروف ملا کر لکھوائیے۔ دُرست بناوٹ پر توجہ دیجیے۔

- نگرانی اور رہنمائی کریں۔
- صفحہ ۱۱۰ اور ۱۱۱ پر سوال جواب کی مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- ہر سوال پر تبادلۂ خیال کرنے کے بعد طلبہ کو جواب دینے کا موقع فراہم کیجیے اور کتاب سے دُرست جواب تلاش کروائیے۔
- دیے گئے الفاظ کے جملے جماعت میں بنوائیے۔
- طلبہ کے بنائے ہوئے جملے سنیں۔ اصلاح کریں اور کوشش پر حوصلہ افزائی کریں۔
- اسم، فعل اور حرف کا تعارف دیجیے۔
- طلبہ سے مثالیں تلاش کروائیے۔
- سوال ۶ (صفحہ ۱۱۱) کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- جملے کی ترتیب دُرست کرنا سکھائیے۔ بطور نمونہ پہلا جملہ خود دُرست کیجیے۔
- طلبہ کو جملے خود دُرست کرنے کا موقع دیں۔ دُرست جواب معلوم کرکے تختۂ تحریر پر لکھیے۔ حوصلہ افزائی کیجیے۔
- کام کتاب میں کروائیے۔
- صفحہ ۱۱۲ پر صوتیات کی مشق سمجھائیے۔
- مشق میں دیے گئے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے۔ طلبہ کی مدد سے الفاظ کی نشان دہی کیجیے۔ آواز کی دُرست ادائی پر توجہ دیجیے۔
- صفحہ ۱۱۲ پر دی گئی سرگرمی دل چسپ انداز میں کروائیے۔
- سرگرمی میں جوش و خروش سے حصّہ لیجیے۔
- سبق کے خاص الفاظ کی فلیش کارڈز سے بصری پڑھائی کروائیے۔

## حل شدہ مشق

### سنیے، پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

### ۱۔ معروضی سوالات

i تنے ii جھانکتے iii ٹریفک iv رکنا v چلنا

### ۲۔ خالی جگہ پُر کیجیے۔

i سگنل ii ہنس iii بولتا iv لال v ضرور

### ۳۔ خوش خطی (ملائیے اور لکھیے)

i بد ii جد iii سد iv صد v فد vi مذ

## ۴۔ سوال جواب

- i چوک کے ساتھ والے درخت کے تنے میں طوطے میاں کا گھر تھا۔
- ii طوطے میاں کے بچّے رنگ برنگی بتیوں کو دیکھ کر خوش ہوتے تھے۔
- iii ٹریفک کے اشارے بتاتے ہیں کہ سڑک پر گاڑیوں کو کب چلنا ہے اور کب رکنا ہے۔

## ۵۔ جملے بنایئے

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| اشارے | سب کو ٹریفک کے اشارے سمجھنے ضروری ہیں۔ |
| گاڑیاں | سڑک پر بہت ساری گاڑیاں ہیں۔ |
| چوک | چوک پر سگنل لگا ہے۔ |
| رنگ برنگی | رنگ برنگی بتیاں جل رہی ہیں۔ |
| شاباش | اچھا کام کرنے پر امّی نے شاباش دی۔ |


## ۶۔ قواعد (اسم، حرف، فعل)

- i زارا نے کھانا کھایا۔
- ii بطخ نے سڑک پار کی۔
- iii طوطے میاں نے دانہ دیا۔

## ۷۔ صوتیات (وَ کی آواز کے الفاظ پر دائرہ)

پَودا، شور، صوفہ، فَوجی، کھولا، شَوق، اَور، دَوڑ

## سرگرمی (پہچانیے)




کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

# بارش اور دھنک ........... (صفحہ ۱۱۳۔۱۱۸)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ایک منٹ میں کم از کم پینتالیس الفاظ پر مشتمل سادہ عبارت روانی سے پڑھ سکیں۔
- سبق کو دُرست تلفّظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
- سبق پڑھ کر معروضی سوالات کے دُرست جواب چُن کر لکھ سکیں۔
- سبق کی مدد سے خالی جگہ پُر کرسکیں۔
- سبق پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھ سکیں۔
- الفاظ کے جملے بناسکیں۔
- گھر میں عام استعمال کی اشیا وغیرہ کے نام سن کر پہچان کر کے بتا سکیں۔
- تھا، تھی، تھے کا فرق سمجھ سکیں۔
- پیش والے حرف کے بعد'و' لگا کر الفاظ کا فرق پہچان سکیں۔
- منتخب الفاظ کی تبدیلی سے نئی نظم لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۱۳ تا ۱۱۴
- فلیش کارڈز
- رنگین پنسلیں / کریون
- A4 پیپرز

## پیریڈز : ۶

## طریقۂ کار

- سبق کے خاص الفاظ کی فلیش کارڈز سے بصری پڑھائی کروایئے۔
- صفحہ ۱۱۳ پر دیے گئے زبانی سوالات پر تبادلۂ خیال کیجیے۔مزید سوالات کیجیے، مثلاً: بارش میں نہانا کیسا لگتا ہے؟ آپ بارش میں کون سے کھیل کھیلتے ہیں؟ دھنک کیسی ہوتی ہے؟
- دل چسپ انداز میں کہانی پڑھ کر سنایئے۔
- دی گئی معلومات پڑھ کر سنانے کے بعد تبادلۂ خیال کیجیے۔

- چند جملے طلبہ سے پڑھوائیے۔
- کہانی کا پہلا پیراگراف روانی سے پڑھنے کا مقابلہ کروائیے۔
- معروضی سوالات (صفحہ ۱۱۵) کی مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- طلبہ کو سبق میں سے دُرست جواب تلاش کرنے کا موقع دیں۔ طلبہ کے کام کرنے کے بعد دُرست جواب تختۂ تحریر پر لکھیے اور اُن کے کاموں کی خود اصلاحی کروائیے۔
- مذکورہ بالا طریقے سے صفحہ ۱۱۶ پر موجود خالی جگہ کی مشق کروائیے۔
- صفحہ ۱۱۶ پر خوش خطی کی مشق کاپی میں کروائیے۔ گھر سے املا کی تیّاری کروانے کا کام دینے کے بعد اگلے دن املا کروائیے۔
- صفحہ ۱۱۶ پر سوالات کے جوابات پر طلبہ کے ساتھ تبادلۂ خیال کیجیے۔ طلبہ سبق میں سے جواب تلاش کر کے بتائیں گے۔
- طلبہ کو بتائے دُرست جوابات کاپی میں لکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- دیے گئے الفاظ کے جملے بنوائیے۔ (صفحہ ۱۱۷)
- طلبہ کو خود جملے بنانے کا موقع دیجیے۔ جملوں کی اصلاح کروائیے۔
- طلبہ سے ان کے بنائے ہوئے جملے سنیے اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- 'تھا، تھی، تھے' مختلف امثال سے سمجھائیے۔ مثلاً 'تھا' مذکر واحد کے لیے (لڑکا آم کھا رہا تھا) اور تھی مونث واحد کے لیے (لڑکی آم کھا رہی تھی) استعمال ہونا چاہیے جبکہ 'تھے' کا استعمال ایک سے زیادہ اور مذکر بڑوں کے لیے کہا جاتا ہے۔ (بچّے آم کھا رہے تھے/ دادا آم کھا رہے تھے)
- سوال نمبر ۶ (صفحہ ۱۱۷) اپنی نگرانی میں بچّوں کو خود حل کرنے دیجیے۔
- سوال نمبر ۷ (صفحہ ۱۱۷) 'و' کے اضافے سے آواز کا فرق پہچاننا سکھائیے۔
- آواز کی تبدیلی پر خاص توجہ دلوائیے۔
- کام کتاب میں کروائیے۔
- صفحہ ۱۱۸ پر دی گئی نظم گڑیا پڑھ کر سنائیے اور پھر طلبہ سے الفاظ بدل کر نظم لکھوائیے۔ A4 کاغذ پر طلبہ کی بنائی نظمیں نقل کروا کر جماعت میں/ جماعت سے باہر نمائش کروائیے۔

## حل شدہ مشق

### سنیے، پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

### ۱۔ معروضی سوالات

i اندھیرا ii کالے iii سورج iv آسمان v رنگ vi دادا جان

## ۲۔ خالی جگہ

i چمک ii پھوار iii کمان iv جامنی v چٹنی

## ۳۔ خوش خطی

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## ۴۔ سوال جواب

i کالے بادل آنے کی وجہ سے اندھیرا ہوگیا تھا۔
ii درخت اور پودے بارش کے پانی سے صاف ستھرے ہوگئے تھے۔
iii بچّوں نے آسمان پر دھنک دیکھی۔

## ۵۔ جملے بنائیے

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| اندھیرا | سُورج ڈوبتے ہی اندھیرا ہو جاتا ہے۔ |
| بادل | آج آسمان پر کالے بادل چھائے ہوئے ہیں۔ |
| بارش | بارش میں کھیلنا بچّوں کو پسند ہے۔ |
| دھنک | دھنک میں بہت سارے رنگ تھے۔ |
| ٹوکری | ٹوکری میں آلو رکھے ہیں۔ |

## ۶۔ قواعد (تھا، تھی، تھے)

i تھے ii تھی iii تھا iv تھی v تھے

## ۷۔ صوتیات (پیش والے حرف کے بعد 'و')

بھُون، سُونا، لُوٹ، سُوکھ، بھُولا، جُھولا، کُوٹ، پھُولا، ڈھول

## سرگرمی

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

# دیس ہمارا پاکستان ........... (صفحہ ۱۱۹۔۱۲۲)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- مختصر نظمیں انفرادی طور پر اور مل کر دُرست تلفّظ اور ترنّم سے پڑھ سکیں۔
- وطن سے محبت کے جذبات محسوس کرسکیں۔
- دُرست تلفّظ سے نظم پڑھ سکیں۔
- نظم پڑھ کر تفہیمی سوالات کے دُرست جوابات لکھ سکیں۔
- نظم کی مدد سے خالی جگہ پُر کرسکیں۔
- نظم پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھ سکیں۔
- الفاظ کے جملے بنا سکیں۔
- دیے گئے جملے پڑھ کر دُرست کاموں پر ✓ اور غلط کاموں پر ✗ کا نشان لگا سکیں۔
- پاکستان کے قومی شاعر، پھول، جانور اور کھیل کے بارے میں جان سکیں۔
- نظم، کہانی، لطیفہ یا پہیلی سن کر پسند کا اظہار کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۱۹۔۱۲۲
- فلیش کارڈز
- اُردو خُوش خطی سلسلہ سوم صفحہ ۵۹ (تجویز)
- معاون کتاب ’پُھول‘ کی کہانی ’دل دل پاکستان‘ صفحہ ۷۷ (تجویز)

## پیریڈز : ۵

## طریقۂ کار

- نظم کے خاص الفاظ کی فلیش کارڈز سے بصری پڑھائی کروائیے۔
- صفحہ ۱۱۹ پر دیے گئے زبانی سوالات اور معلومات پر تبادلۂ خیال کیجیے۔
- ہمارے وطن پاکستان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تبادلۂ خیال کیجیے (نام کب وجود میں آیا، جھنڈا کیسا ہے؟ بانی کون ہیں؟)
- ترنّم سے نظم کی بلند خوانی کیجیے۔
- طلبہ کے ساتھ مل کر دہرائیے۔

- وطن سے محبت کے جذبات کو فروغ دیتے ہوئے اشعار کا مفہوم بیان کیجیے۔
- نظم کے شاعر کا نام بتائیے۔
- جماعت کے ہر طالبِ علم کو نظم کا ایک بند پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- دوران پڑھائی طلبہ کو الفاظ پر نظر رکھنے اور اپنی باری آنے کا انتظار کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- طلبہ کو اچھی پڑھائی کرنے پر شاباش دیجیے۔جن طلبہ کو پڑھنے میں مشکل درپیش ہو ان کو انفرادی توجہ دیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ انھیں نظم 'دیس ہمارا پاکستان' کیسی لگی؟ دی گئی معلومات زبانی پوچھیے۔
- معروضی سوالات (صفحہ ۱۲۰) کی مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- اپنی نگرانی میں طلبہ کو خود جوابات تلاش کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- جواب پوچھیے۔ دُرست جواب تختۂ تحریر پر لکھ کر طلبہ کو اپنے کام کی اصلاح خود کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- خالی جگہ پُر کروانے کے لیے مذکورہ بالا طریقہ اپنائیے۔
- طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔جن بچّوں کو کام کے دوران مشکل پیش آئی ہو ان کو انفرادی توجہ دیجیے۔
- سبق سے متعلق حاصل شدہ معلومات کا زبانی اعادہ کروائیے۔
- سوال جواب کی مشق تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- سوالات اور ان کے متوقع جوابات پر زُبانی تبادلۂ خیال کیجیے۔
- طلبہ کو جوابات کاپی میں لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ تحریری کام نگرانی کیجیے۔ تحریری کام کے دوران طلبہ کی اعانت کیجیے۔
- جملوں کی دُرست بناوٹ میں مدد کیجیے۔
- سوال ۵ (صفحہ ۱۲۱) میں جملے بنوائیے۔
- طلبہ کے بنائے ہوئے جملے سنیے۔ اصلاح کیجیے۔ اپنا کام خود کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- تبادلۂ خیال کیجیے۔ اچھے شہری کیسے بن سکتے ہیں؟ اچھا شہری بننا کیوں ضروری ہے؟
- طلبہ کو تمام تصاویر بغور دیکھنے کا موقع دیجیے۔ پھر سوال کیجیے کہ تصویر میں کیا نظر آرہا ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ (تصویروں کی جوڑی پر گفتگو کیجیے) کون سا کام صحیح اور کون سا غلط ہورہا ہے؟
- طلبہ کو دُرست کاموں پر ✓ اور غلط کاموں پر ✗ کا نشان خود لگانے دیجیے۔

## حل شدہ مشق

### سنیے، پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

### ا۔ معروضی سوالات

(i) صوفی تبسم (ii) دیس (iii) پاکستان (iv) شان (v) آزادی (vi) دنیا

## ۲۔ خالی جگہ پُر کیجیے۔

i پیارا ii دیس iii شان iv آزادی v پاکستان

## ۴۔ سوال جواب

i اس نظم کے شاعر صوفی تبسم ہیں۔
ii ہمارے وطن کا نام پاکستان ہے۔
iii جی ہاں میں اپنے وطن سے پیار کرتا / کرتی ہوں۔
iv متوقع جوابات (جھنڈیاں/ جھنڈے لگائے ہیں۔سفید لباس پہنتے ہیں وغیرہ)

## ۵۔ جملے بنائیے

| الفاظ | جملے |
| --- | --- |
| دیس | ہمارا دیس پیارا ہے۔ |
| ایمان | میرا ایمان ہے کہ اللہ ایک ہے۔ |
| آزادی | آزادی کی قدر کرو۔ |
| شان | پاکستان کی شان اونچی ہے۔ |
| قربان | اپنے وطن پر ہماری جان بھی قربان ہے۔ |

## سرگرمی (صفحہ ۱۲۲)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- طلبہ ماحول کا تعارف حاصل کرسکیں۔ ماحول کو خراب کرنے والی چیزوں کو پہچان کر دُرست یا غلط کا نشان لگا سکیں۔
- ماحول کا خیال رکھنا سیکھ سکیں۔
- زُبانی سوالات کے جوابات دے سکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۲۲

### پیریڈز : ۱

## طریقۂ کار

- طلبہ کو اپنے اِردگرد نظر ڈالنے کی ہدایت کیجیے۔ وضاحت کیجیے کہ ہمارے اِردگرد کی تمام چیزیں ہَوا، پانی، زمین، آسمان سب کچھ ماحول کہلاتا ہے۔ ہم سب اس کا فائدہ اُٹھاتے ہیں، مثلاً: ہَوا سے سانس لیتے ہیں۔ پانی پیتے اور استعمال کرتے ہیں۔ زمین پر چلتے پھرتے، رہتے اور پودے لگاتے ہیں جن سے پھَل اور سبزیاں حاصل ہوتی ہیں۔
- تبادلۂ خیال کیجیے کہ ماحول کن چیزوں سے خراب ہوتا ہے۔ بتائیے کہ پانی گندا کرنے، درخت کاٹنے، دھوئیں، شور، قوانین پر عمل نہ کرنے، آپس میں جھگڑنے، بےترتیبی سے ماحول خراب ہوتا ہے۔
- موتیا کا صفحہ ۱۲۲ کھلوائیے اور بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ طلبہ سے الگ الگ ہر تصویر کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ پوچھیے کہ کیا ہری بتّی پر سڑک پار کرنی چاہیے؟ کیا لال بتّی ہونے پر گاڑی چلانی چاہیے؟ کیا کھیلتے ہوئے جھگڑنا چاہیے؟ کیا ایک دوسرے کو دھکّے دیتے ہوئے آگے بڑھنا چاہیے اور قطار نہیں بنانی چاہیے؟
- ان سوالات کے ذریعے طلبہ کو تصاویر کی جوڑیوں پر خود ✓ اور ✗ کا نشان لگانے دیجیے۔
- کتاب میں کام کے بعد طلبہ سے پوچھیے کہ وہ اب یہ معلومات حاصل ہونے کے بعد اپنے ماحول کو بہتر بنانے کے لیے کیا کرنا شروع کریں گے، مثالیں دیجیے۔
  - اپنے بڑوں کو ٹریفک قوانین کی پابندی کی طرف توجّہ دلائیں گے اور خود بھی عمل کریں گے۔
  - آپس میں لڑائی جھگڑا نہیں کریں گے۔
  - زیادہ طلبہ ہونے کی صورت میں ہمیشہ قطار بنائیں گے۔
  - ’ہم ماحول کا خیال رکھیں گے‘ کا نعرہ لگوائیے۔

## حل شدہ تفہیم

- تبادلۂ خیال کیجیے کہ ہمیں اچھا شہری بننے کے لیے کون کون سے کام کرنے چاہییں؟

# تیسری سہ ماہی



۱۔ پاکستان کے بارے میں کسی بھی نظم کے دو شعر سنائیے۔

۲۔ دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

(i) نظم 'اچّھی بات' سے کوئی دو اچّھے کام جو آپ کرتے ہیں، لکھیے۔

(ii) سبق 'کیا پالوں؟' میں زارا نے ہاتھی کیوں نہیں پالا؟

(iii) چار سبزیوں اور چار پھلوں کے نام لکھیے اور تصویریں بنائیے۔

(iv) لال اور ہری بتّی کا کیا مطلب ہوتا ہے، لکھیے۔

۳۔ دیے گئے الفاظ دُرست علامت کے نیچے لکھیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَس | تُم | پِھر | چَھت | دِل | رُک |

| زبر َ | زیر ِ | پیش ُ |
|---|---|---|
| | | |
| | | |

۴۔ سکتہ کی علامت پر دائرہ بنائیے۔

(i) میرے بستے میں پنسل، کتاب اور کاپی ہے۔

(ii) ناشتے میں انڈا، ڈبل روٹی اور چائے ہے۔

۵۔ دیے گئے الفاظ میں سے تشدید والے الفاظ پر دائرہ بنائیے۔

ابّو ، باجی ، امّی ، دادا ، بھائی ، اچّھا ، موزے ، مکّھی

# نوٹس

# نوٹس


# نوٹس

# دھوکا دہی سے ہوشیار!

## جعلی اور چربہ کتابوں کی فروخت جرم ہے

## اوکسفرڈ کی اصلی کتب ہی خریدیے

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی نصابی یا غیر نصابی کتب خریدتے وقت نیا حفاظتی نشان ضرور دیکھیے۔
حفاظتی نشان میں موجود ذیلی خصوصیات اس بات کا ثبوت ہوں گی کہ یہ اصلی کتاب ہے۔




۱ مختلف زاویوں سے دیکھنے پر مزارِ قائد کا رنگ نارنجی سے سبز میں تبدیل ہوگا۔

۲ حفاظتی نشان پر ایسے حفاظتی تراشے موجود ہیں کہ کوئی اسے اُتار کر دوبارہ استعمال نہ کر سکے۔

۳ حفاظتی نشان میں جہاں ‘RUB HERE’ لکھا ہے اس جگہ کو کسی سکّے سے رگڑنے پر لفظ ‘ORIGINAL’ نمایاں ہوگا۔

۴ اس حصّے پر لفظ ‘OUP’ نہایت چھوٹے سائز میں چھپا ہے جو کسی عدسے کی مدد سے دکھائی دے گا۔

۵
- اپنے اسمارٹ فون پر Play Store /App Store سے ‘FPQR Tasdiq’ ایپ مفت ڈاؤن لوڈ کیجیے۔
- تصدیق کرنے کے لیے کہ آپ نے اوکسفرڈ کی اصلی کتاب ہی خریدی ہے حفاظتی نشان پر موجود QR Code اسکین کریں۔

۶ حفاظتی نشان کو اگر جلد (سرورق) سے اُتارا جائے تو یہ بآسانی پھٹ جائے گا۔

جعلی کتابوں کی چند علامات یہ ہیں:

- غیر معیاری طباعت
- گھٹیا کاغذ
- چھپائی اور رنگ میں فرق
- ناقص چھپائی
- دھندلی عبارت اور تصاویر
- ناقص جلد بندی اور کاغذ کی کٹائی
- کتب کی غیر معیاری شکل

اگر حفاظتی نشان موجود نہ ہو، پھٹا ہوا ہو یا تبدیل شدہ ہو، حفاظتی نشان پر موجود رنگ تبدیل نہ ہو رہا ہو، یا پھر لفظ ‘ORIGINAL’ سکّے سے رگڑنے پر نمایاں نہ ہو تو کتاب ہرگز قبول نہ کریں۔

اگر آپ کو شبہ ہے کہ آپ کو نقلی اور بغیر حفاظتی نشان کی کتاب فروخت کی گئی ہے تو براہِ مہربانی فوراً رابطہ کیجیے:


اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس، نمبر 38، سیکٹر 15، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی - 74900، پاکستان

- ٹیلیفون: 35071580-86 (92-21) • ٹول فری نمبر: 0800-68775 (صبح 9 تا شام 5 بجے؛ پیر تا جمعہ)
- فیکس: 35055071-72 (92-21) • ای میل: central.marketing.pk@oup.com
- ویب سائٹ: www.oup.com.pk آپ ہمیں پر دیکھ سکتے ہیں۔


OXFORD
UNIVERSITY PRESS